چار مفید چیزوں پر مشتمل لفظی ترجمہ

لفظ بہ لفظ ترجمہ | مکمل بامحاورہ ترجمہ | مختصر حواشی | آیات کے عنوانات

مَعرِفَۃُ القُرآن علی کنزِ العِرفان

مترجم: شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا الحاج مفتی ابُوالصَّالِح مُحَمَّد قَاسِم قَادِری مدظلہ العالی

www.dawateislami.net



www.dawateislami.net

مرد مومن کا قوم سے نصیحت آمیز کلام

وَ مَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ

وَ	مَا	لِيَ (1)	لَآ اَعْبُدُ	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	وَ
اور	کیا (ہے)	میرے لیے	(کہ) میں عبادت نہ کروں	(اس کی) جس نے	پیدا کیا مجھے	اور

اور مجھے کیا ہے کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾	ءَاَتَّخِذُ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	اِنْ
اسی کی طرف	تمہیں لوٹایا جائے گا	کیا میں بنالوں	اس (اللہ) کے سوا	معبود	اگر

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ○ کیا میں اللہ کے سوا اور معبود بنالوں کہ اگر

يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّ

يُّرِدْنِ	الرَّحْمٰنُ	بِضُرٍّ	لَّا تُغْنِ	عَنِّيْ	شَفَاعَتُهُمْ (2)	شَيْـًٔا	وَّ
(پہنچانا) چاہے مجھے	رحمٰن	کوئی نقصان	(تو) نفع نہ دے گی	مجھے	ان کی سفارش	کچھ	اور

رحمٰن مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کوئی نفع نہ دے اور

مرد مومن کا اعلانِ ایمان

لَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ

لَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾	اِنِّيْٓ	اِذًا	لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾	اِنِّيْٓ	اٰمَنْتُ
نہ وہ بچا سکیں گے مجھے	بیشک میں	اس وقت	ضرور کھلی گمراہی میں (ہوں گا)	بیشک میں	ایمان لایا

نہ وہ مجھے بچا سکیں گے ○ بیشک جب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں گا ○ بیشک میں تمہارے رب (اللہ) پر

مرد مومن کا اعزاز اور اس کی آرزو

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ

بِرَبِّكُمْ	فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾	قِيْلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ
تمہارے رب (اللہ) پر	تو تم سنو میری	(اس سے) فرمایا گیا	تو داخل ہو جا	جنت (میں)

ایمان لایا تو تم میری سنو ○ (اس سے) فرمایا گیا کہ تو جنت میں داخل ہو جا،

1 ..... قوم کے اعتراض کرنے پر مرد مومن نے کہا: میں اس مالک حقیقی کی عبادت کیوں نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور جس کی طرف لوٹ کر سب کو جانا ہے۔ مرد مومن کے حکیمانہ جواب سے ظاہر ہوا کہ وعظ و نصیحت میں ایسا انداز ہو جس سے سامنے والا غور و فکر پر مجبور ہو جائے، نہ کہ مخالفت پر اتر آئے۔

2 ..... کفار کے جھوٹے معبود بت وغیرہ کسی کی شفاعت نہ کر سکیں گے جبکہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے جنہیں اذنِ شفاعت مل چکا ہے وہ ضرور شفاعت کریں گے۔

www.dawateislami.net

قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ

قَالَ[1]	يٰلَيْتَ	قَوْمِيْ	يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾	بِمَا	غَفَرَ	لِيْ
اس نے کہا	اے کاش	میری قوم	جان لیتی	(اس) کو جو	مغفرت کی	میری

اس نے کہا: اے کاش کہ میری قوم جان لیتی ○ جیسی میرے رب نے

رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ

رَبِّيْ	وَ	جَعَلَنِيْ	مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾	وَ	مَآ اَنْزَلْنَا	عَلٰى قَوْمِهٖ
میرے رب (نے)	اور	کیا مجھے	عزت والوں میں سے	اور	ہم نے نہ اتارا	اس کی قوم پر

میری مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں شامل کیا ○ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر

مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ

مِنْۢ بَعْدِهٖ	مِنْ جُنْدٍ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	مَا كُنَّا	مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾	اِنْ
اس کے بعد	کوئی لشکر	آسمان سے	اور	نہ ہم تھے	(کوئی لشکر) اتارنے والے	نہیں

آسمان سے کوئی لشکر نہ اتارا اور نہ ہم (وہاں کوئی لشکر) اتارنے والے تھے ○ وہ صرف

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾ يٰحَسْرَةً

كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾	يٰحَسْرَةً[2]
تھی وہ (سزا)	مگر	ایک چیخ	تو جبھی	وہ	بجھ کر رہ گئے	(کہا گیا) ہائے افسوس

ایک چیخ تھی تو جبھی وہ بجھ کر رہ گئے ○ (اور کہا گیا کہ) ہائے افسوس

عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾

عَلَى الْعِبَادِ	مَا يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾
(ان) بندوں پر	(کہ) نہیں آتا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ اس سے ٹھٹھا مذاق ہی کرتے ہیں

ان بندوں پر کہ ان کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اس سے ٹھٹھا مذاق ہی کرتے ہیں ○

مرد مومن کی قوم پر نزول عذاب کی کیفیت

رسولوں کو مذاق اڑانے والے قابل افسوس ہیں

وقف غفران

1 ..... مرد مومن کی شہادت کے بعد عزت و اکرام کے طور پر فرمایا گیا: تو جنت میں داخل ہو جا۔ جب وہ جنت میں داخل ہوا تو وہاں کی نعمتیں دیکھ کر یہ تمنا کی: اے کاش! قوم کو معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا اور میری بہت عزت افزائی فرمائی ہے۔ اس میں ہر مومن اور خصوصاً مبلغ کیلئے نصیحت ہے کہ وہ لوگوں کی دشمنی اور مخالفت کی طرف توجہ نہ کرے بلکہ ہر حال میں ان کا خیر خواہ اور ان کی اصلاح کی دعا کرتا رہے۔ 2 ..... یہ فرشتوں نے کہا، یا مومنین نے کہا اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہو، اس صورت میں یہاں حسرت سے اس کا حقیقی معنی مراد نہیں ہو گا کیونکہ حسرت شانِ الٰہی کے لائق نہیں۔

www.dawateislami.net

کفار کی عبرت

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

اَلَمْ يَرَوْا (1)	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	اَنَّهُمْ
کیا انہوں نے نہ دیکھا	کتنی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے	بستیاں (قومیں)	کہ وہ

کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں کہ وہ

تمام اُمتیں بار گاہِ الٰہی میں پیش ہوں گی

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

اِلَيْهِمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾	وَ	اِنْ	كُلٌّ (2)	لَّمَّا	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا
ان کی طرف	پلٹ کر نہیں آئیں گے	اور	نہیں	سب	مگر	تمام	ہمارے حضور

اب ان کی طرف پلٹنے والے نہیں ○ اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور

بنجر زمین کو سرسبز کرنے سے دوبارہ زندہ کرنے پر استدلال

مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَ

مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾	وَ	اٰيَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ	اَحْيَيْنٰهَا	وَ
حاضر کیے جائیں گے	اور	ایک نشانی	ان کے لیے	مردہ زمین (ہے)	ہم نے زندہ کیا اسے	اور

حاضر کئے جائیں گے ○ اور ان کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ کیا اور

دلائلِ قدرت کا بیان اور تقاضائے شکر

اَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا

اَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾	وَ	جَعَلْنَا	فِيْهَا
نکالا	اس سے	اناج	تو اس میں سے	وہ کھاتے ہیں	اور	ہم نے بنائے	اس میں

اس سے اناج نکالا تو اس میں سے وہ کھاتے ہیں ○ اور ہم نے اس میں

جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا

جَنّٰتٍ	مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ	وَّ	فَجَّرْنَا	فِيْهَا	مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾	لِيَاْكُلُوْا
باغات	کھجوروں اور انگور کے	اور	ہم نے بہائے	اس میں	کچھ چشمے	تاکہ لوگ کھائیں

کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے ○ تاکہ لوگ اس کے پھلوں میں سے

1 ..... ارشاد فرمایا کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تکذیب کرنے والے کفارِ مکہ نے نہ دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں اور اب وہ دنیا کی طرف لوٹ کر آنے والے نہیں، تو کیا یہ لوگ ان کے حال سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔

2 ..... یعنی تمام اُمتیں قیامت کے دن دوبارہ زندہ کئے جانے کے بعد حساب اور جزاء کے لئے ہماری بارگاہ میں حاضر کی جائیں گی اور ہم انہیں ان کے اچھے برے تمام اعمال کی جزا دیں گے۔

www.dawateislami.net

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَ مَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

مِنْ ثَمَرِهٖ	وَ	مَا عَمِلَتْهُ	اَیْدِیْهِمْ	اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾
اس کے پھل میں سے	اور	نہیں بنایا اسے	ان کے ہاتھوں (نے)	تو کیا وہ شکر ادا نہیں کریں گے

کھائیں اور یہ ان کے ہاتھوں نے نہیں بنائے تو کیا وہ شکر ادا نہیں کریں گے ؟○

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا	مِمَّا	تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ
پاک ہے	وہ جس نے	بنائے	سب جوڑے	(ان چیزوں میں) سے جو	اگاتی ہے زمین

پاک ہے وہ جس نے سب جوڑے بنائے، زمین کی اگائی ہوئی چیزوں سے

وَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ

وَ	مِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَ	مِمَّا	لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾	وَ	اٰیَةٌ	لَّهُمُ
اور	ان کی ذاتوں سے	اور	(اس میں) سے جسے	وہ نہیں جانتے	اور	ایک نشانی	ان کے لیے

اور لوگوں سے اور ان چیزوں سے جنہیں وہ جانتے بھی نہیں ہیں○ اور ان کے لیے ایک نشانی

الَّیْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ۙ وَ

الَّیْلُ	نَسْلَخُ	مِنْهُ	النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾	وَ
رات (ہے)	ہم کھینچ لیتے ہیں	اس سے	دن (کو)	تو جبھی	وہ	اندھیروں میں رہ جاتے ہیں	اور

رات ہے ہم اس پر سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو جبھی وہ اندھیروں میں رہ جاتے ہیں○ اور

الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۳۸﴾

الشَّمْسُ	تَجْرِیْ	لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا [1]	ذٰلِكَ	تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۳۸﴾
سورج	چلتا رہے گا	اپنے ٹھہرنے کی جگہ، وقت تک	یہ	زبردست، علم والے کا مقرر کیا ہوا (ہے)

سورج اپنے ٹھہرنے کے وقت تک چلتا رہے گا، یہ زبردست، علم والے کا مقرر کیا ہوا ہے○

[1] ..... اس کا ایک معنی یہ ہے کہ جس وقت تک سورج کے چلنے کی انتہا مقرر فرمائی گئی ہے اس وقت تک وہ چلتا ہی رہے گا اور وہ انتہائی وقت قیامت کا دن ہے۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ سورج اپنی منزلوں میں چلتا ہے اور جب سب سے دور والے مغرب میں پہنچتا ہے تو پھر نیا دور وہ شروع ہو جاتا ہے اور وہ مقام اس کا مُستقر ہے۔

www.dawateislami.net

وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

وَ	الْقَمَرَ	قَدَّرْنٰهُ	مَنَازِلَ(1)	حَتّٰى	عَادَ
اور	چاند	ہم نے مقرر کیں اس کیلئے	منزلیں	یہاں تک کہ	وہ ہو جاتا ہے

اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ

كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ

كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾	لَا	الشَّمْسُ	يَنْۢبَغِيْ	لَهَآ	اَنْ	تُدْرِكَ	الْقَمَرَ
کھجور کی پرانی شاخ جیسا	نہیں	سورج	لائق ہے	اس کیلئے	کہ	وہ پکڑ لے	چاند (کو)

کھجور کی پرانی شاخ جیسا ہو جاتا ہے ○ سورج کو لائق نہیں کہ چاند کو پکڑے

وَ لَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ

وَ	لَا	الَّيْلُ	سَابِقُ النَّهَارِ	وَ	كُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ
اور	نہ	رات	دن پر سبقت لے جانے والی (ہے)	اور	ہر ایک	ایک دائرے میں

اور نہ رات دن پر سبقت لے جانے والی ہے اور ہر ایک ایک دائرے میں

يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَ اٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا

يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾	وَ	اٰيَةٌ	لَّهُمْ	اَنَّا	حَمَلْنَا
تیر رہا ہے	اور	ایک نشانی	ان کے لیے	(یہ ہے) کہ	ہم نے سوار کیا

تیر رہا ہے ○ اور ان کے لیے ایک نشانی یہ ہے کہ ہم نے ان کی نسلوں کو

ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾ وَ خَلَقْنَا لَهُمْ

ذُرِّيَّتَهُمْ	فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾	وَ	خَلَقْنَا	لَهُمْ
ان کی نسلوں (کو)	بھری ہوئی کشتی میں	اور	ہم نے بنا دیں	ان کے لیے

بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا ○ اور ہم نے ان کے لیے

قدرتِ الٰہی کی بڑی نشانی

1 چاند کی اٹھائیس منزلیں ہیں، یہ ہر رات ایک منزل میں ہوتا ہے، اپنے طلوع ہونے کی تاریخ سے لے کر اٹھائیسویں تاریخ تک تمام منزلیں طے کر لیتا ہے، اگر مہینہ تیس کا ہو تو دو راتیں اور انتیس کا ہو تو ایک رات چھپتا ہے، آخری منزل میں پہنچ کر کھجور کی پرانی شاخ جیسا ہو جاتا ہے جو سوکھ کر پتلی، کمان کی طرح خم دار اور زرد ہو گئی ہو۔

www.dawateislami.net

مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

مِّنْ مِّثْلِهٖ	مَا	يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾	وَ	اِنْ	نَّشَاْ	نُغْرِقْهُمْ (1)
اس کے جیسی (کشتیاں)	جن پر	وہ سوار ہوتے ہیں	اور	اگر	ہم چاہیں	(تو) ڈبو دیں انہیں

ویسی ہی کشتیاں بنادیں جن پر سوار ہوتے ہیں ○ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ڈبو دیں

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً

فَلَا	صَرِيْخَ	لَهُمْ	وَ	لَا	هُمْ	يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾	اِلَّا	رَحْمَةً
تو نہ (ہو)	کوئی فریاد کو پہنچنے والا	ان کی	اور	نہ	وہ	انہیں بچایا جائے	مگر	رحمت (ہو)

تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور نہ انہیں بچایا جائے ○ مگر ہماری طرف سے

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا قِيْلَ

مِنَّا	وَ	مَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾	وَ	اِذَا	قِيْلَ
ہماری طرف سے	اور	فائدہ اٹھانے (کی مہلت ہو)	ایک وقت تک	اور	جب	کہا جاتا ہے

رحمت اور ایک وقت تک فائدہ اٹھانے (کی مہلت ہو) ○ اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے،

لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

لَهُمُ	اتَّقُوْا	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ	وَ	مَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ
ان سے	(کہ) ڈرو	(اس سے) جو	تمہارے سامنے	اور	جو	تمہارے پیچھے (ہے)	تاکہ تم

ڈرو اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے اس امید پر کہ

تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا

تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾	وَ	مَا تَاْتِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ	اِلَّا
تم پر رحم کیا جائے	اور	نہیں آتی ان کے پاس	کوئی نشانی	ان کے رب کی نشانیوں میں سے	مگر

تم پر رحم کیا جائے ○ اور جب کبھی ان کے رب کی نشانیوں سے کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو وہ

(1) ..... یعنی اگر ہم چاہیں تو کشتیوں میں موجود لوگوں کو ڈبو دیں اور اس وقت ان ڈوبنے والوں کی فریاد کو پہنچ کر ان کی مدد کرنے والا کوئی نہ ہوگا اور نہ ہی خدا کے حکم کے بعد لوگوں کو ڈوب کر مرنے سے بچایا جاسکتا ہے۔ سوائے اس صورت کے کہ ہم ان پر رحم فرمائیں، اور ان لوگوں کی دنیا سے فائدہ اٹھانے کی مہلت ابھی باقی ہو۔ اس میں نصیحت ہے کہ اپنی حفاظت کے مادی اسباب و ذرائع پر غرور نہیں کرنا چاہئے بلکہ اسباب اختیار کر کے اللہ تعالیٰ کی رحمت و کرم پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ نیز عیش و آرام کی حالت میں عذاب الٰہی سے غافل اور بے خوف نہیں ہونا چاہئے۔

www.dawateislami.net

راہِ خدا میں خرچ کرنے کے کہنے پر کفارِ مکہ کا جواب

كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا

كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اَنْفِقُوْا
وہ ہوتے ہیں	اس (نشانی) سے	منہ پھیرنے والے	اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے	تم خرچ کرو

اس سے منہ پھیر لیتے ہیں ○ اور جب ان سے فرمایا جائے کہ اللہ کے دیئے میں سے

مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
(اس میں) سے جو	رزق دیا تمہیں	اللہ (نے)	(تو) کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا

کچھ اس کی راہ میں خرچ کرو تو کافر مسلمانوں کو

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اَنُطْعِمُ	مَنْ	لَّوْ	يَشَآءُ	اللّٰهُ
ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	کیا ہم کھلائیں	(اس کو) جسے	اگر	چاہتا	اللہ

کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا

اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى

اَطْعَمَهٗۤ (۱)	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾	وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى
(تو) کھلا دیتا اسے	نہیں	تم	مگر	کھلی گمراہی میں	اور	وہ کہتے ہیں	کب (پورا ہوگا)

تو کھلا دیتا تم تو کھلی گمراہی میں ہی ہو ○ اور کہتے ہیں: یہ وعدہ

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

هٰذَا الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾	مَا يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً
یہ وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	وہ انتظار نہیں کر رہے	مگر	ایک چیخ (کا)

کب آئے گا؟ اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ) ○ وہ صرف ایک چیخ کا انتظار کر رہے ہیں

عذابِ الٰہی سے متعلق کفارِ مکہ کا مطالبہ اور انہیں جواب

(۱) ... مسلمانوں نے انسانی ہمدردی کی بنا پر کفارِ قریش سے کہا کہ تم نے اپنے مال کا جو حصہ اللہ تعالیٰ کیلئے نکالا ہے اسے مسکینوں پر خرچ کرو۔ اس پر انہوں نے کہا کہ کیا ہم ان کو کھلائیں جنہیں اللہ تعالیٰ کھلانا چاہتا تو کھلا دیتا۔ جب اللہ تعالیٰ کو ہی ان کا محتاج رہنا منظور ہے تو انہیں کھانے کو دینا اس کی مشیت کے خلاف ہو گا۔ یہ بخیل لوگوں کا حیلہ ہے جو کہ باطل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بعض لوگوں کو امیر اور بعض کو فقیر بنایا ہے تاکہ مالدار لوگ فقیروں پر مال خرچ کر کے حکمِ الٰہی بجالائیں اور فقیر اپنے فقر و فاقہ پر صبر کریں۔ یہ اس کی اپنی مخلوق میں حکمت و مشیت ہے، کسی کو اس پر اعتراض کا کوئی حق نہیں۔

www.dawateislami.net

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

تَاْخُذُهُمْ	وَ	هُمْ	يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ (1)	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
وہ پکڑ لے گی انہیں	اور (جبکہ)	وہ	جھگڑ رہے ہوں گے	تو وہ طاقت نہ رکھیں گے

جو انہیں اس حالت میں پکڑ لے گی جب وہ دنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہوئے ہوں گے ○ تو نہ وہ

کفار کے دوبارہ نہ لوٹنے کا بیان

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع وَ

تَوْصِيَةً	وَّ	لَآ	اِلٰٓى اَهْلِهِمْ	يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ (2)	وَ
وصیت کرنے (کی)	اور	نہ	اپنے گھر والوں کی طرف	وہ پلٹ کر جا سکیں گے	اور

وصیت کر سکیں گے اور نہ ہی اپنے گھر والوں کی طرف پلٹ کر جا سکیں گے ○ اور

عذاب جہنم دیکھ کر کفار کا افسوس اور انہیں جواب

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ

نُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَاِذَا	هُمْ	مِّنَ الْاَجْدَاثِ	اِلٰى رَبِّهِمْ
پھونک ماری جائے گی	صور میں	تو اسی وقت	وہ	قبروں سے	اپنے رب کی طرف

صور میں پھونک ماری جائے گی تو اسی وقت وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف

دوسرے نفخہ کی کیفیت اور لوگوں کا حال

يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ

يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	مَنْۢ	بَعَثَنَا	مِنْ مَّرْقَدِنَا
دوڑتے چلے جائیں گے	وہ کہیں گے	ہائے ہماری خرابی	کس نے	اٹھا دیا ہمیں	ہماری نیند سے

دوڑتے چلے جائیں گے ○ کہیں گے: ہائے ہماری خرابی! کس نے ہمیں ہماری نیند سے جگا دیا؟

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ

هٰذَا	مَا	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	وَ	صَدَقَ	الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾	اِنْ
یہ (ہے وہ)	جس کا	وعدہ کیا تھا	رحمٰن (نے)	اور	سچ فرمایا تھا	رسولوں (نے)	نہیں

یہ وہ ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ فرمایا تھا ○ وہ تو

1 ..... اس کا معنی یہ ہے کہ لوگ اپنے دنیاوی معمولات میں مشغول ہوں گے اور قیامت ان پر اچانک آ جائے گی۔

2 ..... کفار مکہ نے قیامت کے بارے میں سوال کیا تو انہیں اس کا وقت نہیں بتایا گیا کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کے خلاف ہے۔ لہٰذا لوگ قیامت کے وقت اور تاریخ کی تحقیق میں وقت صرف کرنے کی بجائے قیامت کی تیاری کریں اور اپنی مختصر زندگی میں وہ کام کریں جن سے انہیں قیامت کے دن کامیابی نصیب ہو۔

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا
وہ (پھونک) ہوگی	مگر	ایک چیخ	تو اسی وقت	وہ	سب	ہمارے حضور

صرف ایک چیخ ہوگی تو اسی وقت وہ سب کے سب ہمارے حضور

مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّ

مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾	فَالْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ (1)	نَفْسٌ	شَيْـًٔا	وَّ
حاضر کر دیئے جائیں گے	تو آج	ظلم نہیں کیا جائے گا	کسی جان (پر)	کچھ	اور

حاضر کر دیئے جائیں گے ○ تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہو گا اور

لَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

لَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾	اِنَّ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ
تمہیں بدلہ نہیں دیا جائے گا	مگر	(اس کا) جو	تم عمل کرتے تھے	بیشک	جنت والے

تمہیں تمہارے اعمال ہی کا بدلہ دیا جائے گا ○ بیشک جنت والے

الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ

الْيَوْمَ	فِيْ شُغُلٍ	فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾	هُمْ	وَ	اَزْوَاجُهُمْ (2)
آج	بہلانے والے کاموں میں	لطف اندوز ہو رہے (ہوں گے)	وہ	اور	ان کی بیویاں

آج دل بہلانے والے کاموں میں لطف اندوز (ہو رہے) ہوں گے ○ وہ اور ان کی بیویاں

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيْهَا

فِيْ ظِلٰلٍ	عَلَى الْاَرَآئِكِ	مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾	لَهُمْ	فِيْهَا
سایوں میں	تختوں پر	تکیہ لگائے ہوئے (ہوں گے)	ان کے لیے	اس (جنت) میں

تختوں پر تکیہ لگائے سایوں میں ہوں گے ○ ان کے لیے جنت میں

1 ..... یعنی قیامت کے دن کسی جان پر اس کے ثواب میں کمی کر کے یا اس کے عذاب میں اضافہ کر کے کچھ ظلم نہ ہوگا۔

2 ..... ان بیویوں میں دنیا کی مومنہ منکوحہ بیویاں بھی داخل ہیں اور حوریں بھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ حوریں لونڈیوں کی حیثیت سے نہ ہوں گی بلکہ بیوی کی حیثیت سے ہوں گی۔

فَاكِهَةٌ وَّ لَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا

فَاكِهَةٌ	وَّ	لَهُمْ	مَّا	يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ (1)	سَلٰمٌ	قَوْلًا
پھل میوہ (ہو گا)	اور	ان کے لیے (ہو گی)	(ہر وہ چیز) جو	وہ مانگیں گے	سلام (ہو گا)	فرمایا ہوا

پھل میوہ ہو گا اور ان کے لیے ہر وہ چیز ہو گی جو وہ مانگیں گے ○ مہربان رب کی طرف سے

مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾

مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾	وَ	امْتَازُوا (2)	الْيَوْمَ	اَيُّهَا	الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾
مہربان رب کی طرف سے	اور	(کہا جائے گا) الگ الگ ہو جاؤ	آج	اے	مجرمو

فرمایا ہوا سلام ہو گا ○ اور (کہا جائے گا) اے مجرمو! آج الگ الگ ہو جاؤ ○

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ

اَلَمْ اَعْهَدْ	اِلَيْكُمْ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اَنْ	لَّا تَعْبُدُوا	الشَّيْطٰنَ
کیا میں نے عہد نہ لیا تھا	تم سے	اے آدم کی اولاد	کہ	تم عبادت نہ کرنا	شیطان (کی)

اے اولادِ آدم! کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ لا وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا

اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾	وَّ	اَنِ	اعْبُدُوْنِيْ	هٰذَا
بیشک وہ	تمہارا	کھلا دشمن (ہے)	اور	یہ کہ	تم عبادت کرنا میری	یہ

بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ○ اور میری عبادت کرنا، یہ

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَ لَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾	وَ	لَقَدْ	اَضَلَّ	مِنْكُمْ	جِبِلًّا كَثِيْرًا
سیدھی راہ (ہے)	اور	ضرور بیشک	اس نے گمراہ کر دیا	تم میں سے	بہت سی مخلوق (کو)

سیدھی راہ ہے ○ اور بیشک اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کر دیا

1 ..... جنت میں اہلِ جنت کو ہر وہ چیز ملے گی جو وہ مانگیں گے اور جنت میں چونکہ نفسِ امارہ فنا کر دیا جائے گا اس لئے کوئی جنتی بری اور گندی چیز کی خواہش نہ کرے گا۔ 2 ..... اس کی ایک تفسیر یہ ہے کہ جس وقت مومن جنت کی طرف روانہ کئے جائیں گے، اس وقت کفار سے کہا جائے گا کہ الگ ہٹ جاؤ اور مومنین سے علیحدہ ہو جاؤ۔ دوسری یہ ہے کہ کفار کو یہ حکم ہو گا کہ الگ الگ جہنم میں اپنے اپنے مقام پر چلے جاؤ۔ تیسری یہ ہے کہ قیامت کے دن مجرموں کو ایک دوسرے سے الگ الگ کر دیا جائے گا جیسے یہودیوں، عیسائیوں، مجوسیوں، ستارہ پرستوں اور ہندوؤں کو جو کہ الگ الگ فرقے ہیں ایک دوسرے سے جدا کر دیا جائے گا۔

www.dawateislami.net

اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾	هٰذِهٖ	جَهَنَّمُ	الَّتِیْ	كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾
تو کیا تم سمجھتے نہ تھے	یہ (ہے)	جہنم	جس سے	تمہیں ڈرایا جاتا تھا

تو کیا تم سمجھتے نہ تھے ○ یہ ہے وہ جہنم جس سے تمہیں ڈرایا جاتا تھا ○

اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْیَوْمَ

اِصْلَوْهَا	الْیَوْمَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾	اَلْیَوْمَ
داخل ہو جاؤ اس میں	آج	(اس کے) سبب کہ	تم کفر کرتے تھے	آج

اپنے کفر کے سبب آج اس میں داخل ہو جاؤ ○ آج

نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَ

نَخْتِمُ (۱)	عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ	وَ	تُكَلِّمُنَاۤ	اَیْدِیْهِمْ	وَ
ہم مہر لگا دیں گے	ان کے مونہوں پر	اور	کلام کریں گے ہم سے	ان کے ہاتھ	اور

ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور

تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ

تَشْهَدُ	اَرْجُلُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾	وَ لَوْ	نَشَآءُ
گواہی دیں گے	ان کے پاؤں	(اس) کی جو	وہ کماتے (عمل کرتے) تھے	اور اگر	ہم چاہتے

ان کے پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے ○ اور اگر ہم چاہتے

لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْیُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

لَطَمَسْنَا (۲)	عَلٰۤى اَعْیُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوْا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى
(تو) ضرور مٹا دیتے	ان کی آنکھیں	پھر وہ جلدی سے جاتے	راستے (کی طرف)	تو کہاں سے

تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے تو وہ جلدی سے راستے کی طرف جاتے تو کہاں سے

(۱) ..... ابتداء میں کفار کلام کریں گے اور اپنے کفر و تکذیب کا انکار کر دیں گے، اللہ تعالیٰ ان کے مونہوں پر مہر لگا دے گا تاکہ وہ بول نہ سکیں، پھر ان کے دیگر اعضاء بول اٹھیں گے اور جو کچھ ان سے صادر ہوا ہے سب بیان کر دیں گے، اس کے بعد ان کے مونہوں پر لگی مہر توڑ دی جائے گی۔ (۲) ..... یعنی عذاب جہنم تو آخرت میں ہو گا لیکن اگر ہم چاہتے تو دنیا میں بھی ان کے کفر کی سزا کے طور پر ان کی آنکھیں مٹا کر انہیں اندھا کر دیتے، پھر انہیں راستہ بھی نظر نہ آتا لیکن ہم نے ایسا نہ کیا اور اپنے فضل و کرم سے آنکھ کی نعمت ان کے پاس باقی رکھی، تو اب ان پر حق یہ ہے کہ وہ شکر گزاری کریں اور کفر نہ کریں۔

www.dawateislami.net

يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ

يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾	وَ	لَوْ	نَشَآءُ	لَمَسَخْنٰهُمْ	عَلٰى مَكَانَتِهِمْ
وہ (راستہ) دیکھتے	اور	اگر	ہم چاہتے	(تو) ضرور صورتیں بدل دیتے ان کی	ان کی جگہ پر (ہی)

دکھائی دیتا؟ ○ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی جگہ پر ہی ان کی صورتیں بدل دیتے

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَ مَنْ نُّعَمِّرْهُ

فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مُضِيًّا	وَّ	لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾	وَ	مَنْ نُّعَمِّرْهُ
تو وہ طاقت نہ رکھتے	آگے بڑھنے (کی)	اور	نہ وہ پیچھے لوٹتے	اور	جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں

تو نہ وہ آگے بڑھ سکتے اور نہ پیچھے لوٹتے ○ اور جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں

نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَ مَا عَلَّمْنٰهُ

نُنَكِّسْهُ	فِي الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾	وَ	مَا عَلَّمْنٰهُ
(تو) الٹا پھیر دیتے ہیں اسے	خلقت و بناوٹ میں	تو کیا وہ سمجھتے نہیں	اور	ہم نے نہ سکھایا اس (نبی) کو

تو خلقت و بناوٹ میں ہم اسے الٹا پھیر دیتے ہیں، تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ ○ اور ہم نے نبی کو

الشِّعْرَ وَ مَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

الشِّعْرَ (۱)	وَ	مَا يَنْۢبَغِيْ	لَهٗ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَّ
شعر کہنا	اور	نہ (شان کے) لائق ہے	اس کی	نہیں	وہ	مگر	نصیحت	اور

شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں مگر نصیحت اور

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ يَحِقَّ الْقَوْلُ

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾	لِّيُنْذِرَ (۲)	مَنْ	كَانَ	حَيًّا	وَّ	يَحِقَّ	الْقَوْلُ
روشن قرآن	تاکہ وہ ڈرائے	(اسے) جو	ہو	زندہ	اور	ثابت ہو جائے	بات

روشن قرآن ○ تاکہ وہ ہر ایسے شخص کو ڈرائے جو زندہ ہو اور کافروں پر

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے شاعر ہونے کی نفی

قرآن کے نصیحت اور روشن ہونے کا تذکرہ

1 ..... کفارِ قریش حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو شاعر اور قرآن مجید کو شعر کہتے تھے اور اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ جیسے اشعار جھوٹ اور مبالغہ آرائیوں پر مشتمل ہوتے ہیں ایسے ہی (معاذاللہ) قرآن مجید جھوٹا کلام ہے۔ یہاں اس کا رد کیا گیا کہ ہم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو ایسی باطل گوئی کا ملکہ ہی نہیں دیا اور یہ کتاب اشعار یعنی جھوٹی باتوں پر مشتمل نہیں۔ 2 ..... ڈرانے والے سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم مراد ہے، اور زندہ سے مراد وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کے علم میں ایمان لانے والا ہے، اس کا ایمان ایسا ہے جیسے بدن کے لئے زندگی کیونکہ ایمان ابدی زندگی حاصل ہونے کا سبب ہے۔

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا	خَلَقْنَا	لَهُمْ
کافروں پر	اور کیا انہوں نے نہ دیکھا	کہ	ہم نے پیدا کیے	ان کے لیے

بات ثابت ہو جائے ○ اور کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے

مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾

مِّمَّا	عَمِلَتْ	اَيْدِيْنَآ (1)	اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾
(اس میں) سے جو	بنائے	ہمارے ہاتھوں (نے)	چوپائے	تو وہ	ان کے	مالک (ہیں)

چوپائے ان کے لیے پیدا کیے تو یہ ان کے مالک ہیں ○

وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ

وَ	ذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَ
اور	ہم نے تابع کر دیا ان (چوپایوں) کو	ان کے لیے	تو ان میں سے (کچھ)	ان کی سواریاں (ہیں)	اور

اور ہم نے ان چوپایوں کو ان کے لیے تابع کر دیا تو ان چوپایوں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں اور

مِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَ لَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ

مِنْهَا	يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾	وَ	لَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ
ان میں سے (کچھ کا گوشت)	وہ کھاتے ہیں	اور	ان کے لیے	ان (چوپایوں) میں	منافع

کچھ سے وہ کھاتے ہیں ○ اور لوگوں کے لیے ان چوپایوں میں کئی طرح کے منافع

وَ مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وَ	مَشَارِبُ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ (2)	وَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اور	پینے کی چیزیں (ہیں)	تو کیا وہ شکر ادا نہیں کریں گے	اور	انہوں نے بنا لیے	اللہ کے سوا

اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ لوگ شکر ادا نہیں کریں گے ○ اور انہوں نے اللہ کے سوا اور معبود

1 ..... آیت میں ہاتھ کا لفظ بطورِ محاورہ کے ہے اور مراد قدرت ہے ورنہ اللہ تعالیٰ جسم اور جسمانی ہاتھوں سے پاک ہے۔

2 ..... انعاماتِ الٰہیہ کا حق یہ ہے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور نعمتوں پر شکر کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے کہ وحدانیتِ الٰہی کا اقرار کیا جائے، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے، صرف اسی کی عبادت کی جائے، اس کی اور اس کے رسولوں کی اطاعت کی جائے، ان کی نافرمانی سے بچا جائے اور نعمتوں کو ان کے جائز مصرف میں استعمال کیا جائے اور ناجائز و گناہ میں استعمال نہ کریں۔

www.dawateislami.net

اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ

اٰلِهَةً (1)	لَّعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ (2)
معبود	شاید وہ	ان کی مدد کی جائے	وہ (معبود) طاقت نہیں رکھتے	ان کی مدد کرنے (کی)

بنالئے کہ شاید ان کی مدد ہو جائے ○ وہ معبود اِن کی مدد نہیں کر سکتے

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ

وَ	هُمْ	لَهُمْ	جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾	فَلَا يَحْزُنْكَ
اور	وہ (لوگ)	ان (معبودوں) کیلئے	حاضر کیے ہوئے لشکر (بنے ہیں)	تو غمگین نہ کرے تجھے

اور وہ لوگ خود ان معبودوں کیلئے حاضر خدمت لشکر بنے ہوئے ہیں ○ تو ان کی بات تمہیں

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾

قَوْلُهُمْ	اِنَّا	نَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾
ان کی بات	بیشک	ہم جانتے ہیں	جو	وہ چھپاتے ہیں	اور	جو	ظاہر کرتے ہیں

غمگین نہ کرے بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں ○

اَوَ لَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ

اَوَ لَمْ يَرَ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا	خَلَقْنٰهُ	مِنْ نُّطْفَةٍ
اور کیا نہ دیکھا	آدمی (نے)	کہ	ہم نے پیدا کیا اسے	ایک بوند سے

اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے ایک بوند سے بنایا

فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَ ضَرَبَ لَنَا

فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾	وَ	ضَرَبَ	لَنَا
پھر تب ہی	وہ	کھلم کھلا جھگڑا کرنے والا (ہے)	اور	اس نے بیان کی	ہمارے لیے

پھر تب ہی وہ کھلم کھلا جھگڑا کرنے والا ہے ○ اور ہمارے لیے مثال

1 ... یعنی کفارِ مکہ پر تو یہ لازم تھا کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کر کے اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے لیکن انہوں نے عاجز و بے بس بتوں کو پوجنا شروع کر دیا اور ان سے مدد کی توقع رکھنے لگ گئے کہ شاید یہ مصیبت کے وقت کام آئیں اور عذاب سے بچائیں حالانکہ ایسا ہونا ممکن نہیں۔

2 ... یعنی مشرکین کے معبود ان کی مدد اور ان سے عذاب دور نہیں کر سکتے کیونکہ وہ جماد، بے جان، بے قدرت اور بے شعور ہیں اور اُلٹا معاملہ یہ ہے کہ یہ بت پرست خود اپنے معبودوں کی حفاظت کیلئے ان کے لشکر بنے ہوئے اور بتوں کی خدمت کیلئے موجود رہتے ہیں۔

www.dawateislami.net

مَثَلًا وَّ نَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ

مَثَلًا	وَّ	نَسِيَ	خَلْقَهٗ	قَالَ	مَنْ	يُّحْيِ	الْعِظَامَ
مثال	اور	بھول گیا	اپنی پیدائش (کو)	اس نے کہا	کون	زندہ کرے گا	ہڈیوں (کو)

دیتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا: ایسا کون ہے جو ہڈیوں کو زندہ کر دے

وَ هِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ

وَ	هِيَ	رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾	قُلْ	يُحْيِيْهَا	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَهَآ
اور (جبکہ)	وہ	بالکل گلی ہوئی (ہوں)	تم کہو	زندہ کرے گا انہیں	وہ جس نے	بنایا انہیں

جبکہ وہ بالکل گلی ہوئی ہوں ○ تم فرماؤ: ان ہڈیوں کو وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار

قدرت الٰہی کا شاہکار درخت

اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ لا الَّذِيْ

اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ خَلْقٍ	عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾	الَّذِيْ
پہلی بار	اور	وہ	ہر پیدائش کو	جاننے والا (ہے)	جس نے

انہیں بنایا اور وہ ہر پیدائش کو جاننے والا ہے ○ جس نے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ

جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ (۱)	نَارًا	فَاِذَآ	اَنْتُمْ
پیدا کی	تمہارے لیے	سرسبز درخت سے	آگ	تو جبھی	تم

تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی تو جبھی تم

مردوں کو زندہ کرنے پر قدرت الٰہی کی ایک دلیل

مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾	اَوَلَيْسَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اس سے	آگ جلا لیتے ہو	اور کیا نہیں ہے	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں

اس سے آگ جلاتے ہو ○ اور کیا جس نے آسمان اور

(۱) ..... عرب کے جنگلوں میں دو درخت پائے جاتے تھے ایک کا نام مَرخ ہے دوسرے کا عَفار، ان کی خاصیت یہ ہے کہ جب ان کی سبز شاخیں ایک دوسرے پر رگڑی جائیں تو پانی سے تر ہونے کے باوجود ان سے آگ نکلتی ہے۔ اس میں قدرت کی عجیب و غریب نشانی ہے کہ آگ اور پانی دونوں ایک دوسرے کی ضد، دونوں ایک ہی جگہ یعنی لکڑی میں موجود ہیں لیکن نہ پانی آگ کو بجھا رہا ہے اور نہ آگ لکڑی کو جلا رہی ہے، جس قادرِ مطلق کی یہ حکمت ہے وہ اگر ایک بدن پر موت کے بعد زندگی وارد کرے تو اس کی قدرت سے کیا عجیب اور اس کو ناممکن کہنا آثارِ قدرت دیکھ کر جاہلانہ اور سرکشی والا انکار کرنا ہے۔

www.dawateislami.net

وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

وَ	الْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ (1)	عَلٰٓى	اَنْ	يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ
اور	زمین (کو)	قادر	(اس چیز) پر	کہ	وہ پیدا کردے	ان کے جیسے

زمین بنائے وہ اس بات پر قادر نہیں کہ ان جیسے اور پیدا کردے؟

بَلٰى ۙ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ

بَلٰى	وَ	هُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾	اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ
کیوں نہیں	اور	وہی	بڑا پیدا کرنے والا	سب کچھ جاننے والا (ہے)	اس کا کام تو صرف

کیوں نہیں! اور وہی بڑا پیدا کرنے والا، سب کچھ جاننے والا ہے ○ اس کا کام تو یہی ہے کہ

اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

اِذَآ	اَرَادَ	شَيْـًٔا	اَنْ	يَّقُوْلَ	لَهٗ
(یہی ہے کہ) جب	وہ ارادہ کرتا ہے	کسی چیز (کا)	(تو یہ ہوتا ہے) کہ	وہ فرماتا ہے	اس سے

جب کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے فرماتا ہے،

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ

كُنْ	فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ (2)	فَسُبْحٰنَ	الَّذِيْ بِيَدِهٖ
ہو جا	تو وہ ہو جاتا ہے	تو پاک ہے	وہ جس کے ہاتھ میں

"ہو جا" تو وہ ہو جاتی ہے ○ تو پاک ہے وہ جس کے ہاتھ میں

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ	وَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾
ہر چیز کا قبضہ (ہے)	اور	اسی کی طرف	تمہیں لوٹایا جائے گا

ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف تم پھیرے جاؤ گے ○

(1) یعنی جس رب تعالیٰ نے آسمان اور زمین جیسی عظیم مخلوق بنادی کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ آخرت میں زمین و آسمان سے بہت چھوٹی مخلوق یعنی انسان دوبارہ بنادے؟ کیوں نہیں! بیشک وہ اس پر قادر ہے اور عقل بھی یہی فیصلہ کرتی ہے کہ آسمان و زمین جیسی عظیم مخلوق پیدا کرنے پر قدرت رکھنے والا انسانوں کو دوبارہ پیدا کرنے پر یقیناً قدرت رکھتا ہے۔ (2) یعنی مخلوقات کا وجود اس کے حکم کے تابع ہے اور جب خدا کسی چیز کو وجود میں آنے کا حکم فرماتا ہے تو اسے لوگوں کی طرح مختلف اشیاء کی حاجت نہیں ہوتی بلکہ خدا کے حکم پر ہر چیز وجود میں آجاتی ہے۔

www.dawateislami.net

آیات:182 | رکوع: 05

سُوْرَةُ الصّٰفّٰت مَكِّيَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾

وَالصّٰٓفّٰتِ (1)	صَفًّا ﴿۱﴾	فَالزّٰجِرٰتِ (2)	زَجْرًا ﴿۲﴾
صف باندھنے والوں کی قسم	صف باندھنا	پھر جھڑکنے والوں (کی)	جھڑکنا

ان کی قسم جو باقاعدہ صفیں باندھے ہوئے ہیں ○ پھر ان کی قسم جو جھڑک کر چلانے والے ہیں ○

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾	اِنَّ	اِلٰهَكُمْ	لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾
پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں (کی قسم)	بیشک	تمہارا معبود	ضرور ایک (ہے)

پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں کی قسم ○ بیشک تمہارا معبود ضرور ایک ہے ○

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	وَ	رَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾
آسمانوں اور زمین کا رب	اور	جو کچھ	ان کے درمیان (ہے)	اور	مشرقوں کا مالک (ہے)

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب ہے اور مشرقوں کا مالک ہے ○

1 صف باندھنے والوں سے مراد وہ فرشتے ہیں جو نمازیوں کی طرح صف بستہ ہو کر حکم الٰہی کے منتظر رہتے ہیں۔ یا، علماء و صالحین کے گروہ مراد ہیں جو نمازوں میں صفیں باندھ کر عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔ یا، غازیوں کے گروہ مراد ہیں جو راہِ خدا میں صفیں باندھ کر دشمنانِ حق کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں۔

2 جھڑک کر چلانے والوں سے مراد بادل پر مقرر فرشتے ہیں جو اسے حکم دے کر چلاتے ہیں، یا وہ علماء مراد ہیں جو وعظ و نصیحت سے لوگوں کو موقع محل اور موضوع کی مناسبت سے بعض اوقات سخت الفاظ کے ساتھ راہِ دین پر چلاتے ہیں۔ یا، وہ غازی مراد ہیں جو گھوڑوں کو ڈپٹ کر جہاد میں چلاتے ہیں۔

پہلے گروہوں کی قسم ارشاد فرما کر توحید کا بیان

ربوبیت الٰہی کا بیان

www.dawateislami.net

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۙ(۶) وَ حِفْظًا

اِنَّا	زَیَّنَّا	السَّمَآءَ الدُّنْیَا	بِزِیْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۙ(۶)[1]	وَ حِفْظًا
بیشک	ہم نے آراستہ کیا	نیچے کے آسمان (کو)	ستاروں کے سنگھار سے	اور حفاظت (کیلئے)

بیشک ہم نے نیچے کے آسمان کو ستاروں کے سنگھار سے آراستہ کیا○ اور ہر سرکش

مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ(۷) لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ یُقْذَفُوْنَ

مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ(۷)	لَا یَسَّمَّعُوْنَ[2]	اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَ	یُقْذَفُوْنَ
ہر سرکش شیطان سے	وہ کان نہیں لگا سکتے	عالم بالا کی طرف	اور	انہیں مارا جاتا ہے

شیطان سے حفاظت کیلئے○ وہ شیاطین عالم بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور انہیں ہر جانب سے

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ(۸) دُحُوْرًا وَّ لَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ(۹) اِلَّا

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ(۸)	دُحُوْرًا	وَّ	لَهُمْ	عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ(۹)	اِلَّا
ہر جانب سے	(انہیں) بھگانے (کیلئے)	اور	ان کے لیے	ہمیشہ کا عذاب (ہے)	مگر

مارا جاتا ہے○ (انہیں) بھگانے کیلئے اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے○ مگر

مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝(۱۰)

مَنْ	خَطِفَ	الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝(۱۰)
جو	(کبھی کوئی بات) اُچک کر لے چلے	اچکنا	تو پیچھے لگ جاتا ہے اس کے	روشن انگارا

جو ایک آدھ بار (کوئی بات) اُچک کر لے چلے تو روشن انگارا اس کے پیچھے لگ جاتا ہے○

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ

فَاسْتَفْتِهِمْ	اَ	هُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا	اَمْ	مَّنْ	خَلَقْنَا
تو پوچھو ان سے	کیا	وہ	زیادہ مضبوط (ہیں)	پیدائش (میں)	یا	وہ جسے	ہم نے پیدا کیا

تو ان سے پوچھو، کیا ان لوگوں کی پیدائش زیادہ مضبوط ہے یا ہماری (دوسری) مخلوق کی۔

(1) ..... آسمانِ دنیا کو ستاروں سے سجانے کے بہت سے مقاصد ہیں جن میں دو یہ ہیں، (۱) زینت کے لئے۔ نور اور روشنی آنکھوں کو بھاتی ہے اور جب آسمان پر روشنیوں کا یہ جال نظر آتا ہے تو بہت حسین و جمیل لگتا ہے اور آسمان پر ستارے کسی چادر پر بکھرے ہوئے رنگ برنگ موتیوں جیسے لگتے ہیں۔ (۲) آسمان کو چوری چھپے فرشتوں کی باتیں سننے والے سرکش شیطانوں سے محفوظ کرنے کے لئے۔ (2) ..... شیاطین آسمان کے قریب جاتے اور بعض اوقات فرشتوں کا کلام سن کر کاہنوں کو خبر دیتے اور کاہن اس بنا پر غیب کی باتیں جاننے کا دعویٰ کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے شہاب کے ذریعے شیطانوں کو آسمان تک پہنچنے سے روک دیا۔

www.dawateislami.net

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَ یَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

اِنَّا	خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾	بَلْ	عَجِبْتَ (۱)	وَ	یَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾
بیشک	ہم نے بنایا انہیں	چپکنے والی مٹی سے	بلکہ	تم نے تعجب کیا	اور	وہ مذاق اڑاتے ہیں

بیشک ہم نے انہیں چپکنے والی مٹی سے بنایا ○ بلکہ تم نے تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں ○

وَ اِذَا ذُكِّرُوْا لَا یَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِذَا رَاَوْا اٰیَةً

وَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا	لَا یَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾	وَ	اِذَا	رَاَوْا	اٰیَةً
اور	جب	انہیں سمجھایا جائے	(تو) وہ سمجھتے نہیں	اور	جب	وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی

اور جب انہیں سمجھایا جائے تو سمجھتے نہیں ○ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں

یَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَ قَالُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا

یَسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾	وَ	قَالُوْۤا	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵﴾	ءَاِذَا
(تو) خوب مذاق اڑاتے ہیں	اور	کہتے ہیں	نہیں	یہ	مگر	کھلا جادو	کیا جب

تو ٹھٹھا کرتے ہیں ○ اور کہتے ہیں یہ تو کھلا جادو ہی ہے ○ کیا جب

مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾

مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾
ہم مر جائیں گے	اور	ہو جائیں گے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا بیشک ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے

ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم ضرور اٹھائے جائیں گے ؟ ○

اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾	قُلْ	نَعَمْ	وَ	اَنْتُمْ	دٰخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾
اور کیا	ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)	تم کہو	ہاں	اور	(اس وقت) تم	ذلیل و رسوا ہو گے

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی ؟ ○ تم فرماؤ: ہاں اور اس وقت تم ذلیل و رسوا ہو گے ○

(۱) ..... یعنی اے حبیب! صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم، آپ نے کفارِ مکہ کے انکار پر تعجب کیا کہ آپ کی رسالت اور مرنے کے بعد اٹھنے پر دلالت کرنے والی واضح نشانیاں اور دلائل ہونے کے باوجود وہ کس طرح انکار کرتے ہیں لیکن وہ کفار آپ کا اور آپ کے تعجب کرنے کا یا لوگوں کے مرنے کے بعد قیامت میں دوبارہ اٹھنے کا مذاق اڑاتے ہیں، اور جب انہیں کسی چیز کے ذریعے سمجھایا جائے تو سمجھتے نہیں، اور جب چاند کے ٹکڑے ہونا وغیرہ کوئی نشانی و معجزہ دیکھتے ہیں تو مذاق کرتے اور کہتے ہیں یہ تو کھلا جادو ہی ہے۔

www.dawateislami.net

قیامت کے دن دوبارہ اٹھنے کی کیفیت

بروزِ قیامت کفار کی حسرت اور انہیں جواب

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوْا

فَاِنَّمَا هِيَ	زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ ﴿١٩﴾	وَ	قَالُوْا
تو وہ تو صرف	ایک جھڑک (ہی ہو گی)	تو جبھی	وہ	دیکھنے لگیں گے	اور	کہیں گے

تو وہ تو ایک جھڑک ہی ہو گی تو جبھی وہ دیکھنے لگیں گے ○ اور کہیں گے:

يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿٢٠﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ

يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿٢٠﴾	هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ
ہائے ہماری خرابی	یہ	انصاف، بدلے کا دن (ہے)	یہ	فیصلے کا دن (ہے)	وہ جو

ہائے ہماری خرابی! یہ بدلے کا دن ہے ○ یہ وہ فیصلے کا دن ہے جسے

کفار کو اکٹھا کر کے جہنم کا راستہ دکھانے کا حکم

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢١﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢١﴾	اُحْشُرُوا	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا[1]	وَ
تم اس کو جھٹلاتے تھے	(حکم ہو گا کہ) اکٹھا کر دو	ان لوگوں کو جنہوں نے	ظلم کیا	اور

تم جھٹلاتے تھے ○ ظالموں اور ان کے ساتھیوں کو

اَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اَزْوَاجَهُمْ	وَ	مَا	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ان کے جوڑوں، ساتھیوں (کو)	اور	جن کی	وہ پوجا کرتے تھے	اللہ کے سوا

اور جن کی یہ اللہ کے سوا پوجا کرتے تھے ان سب کو اکٹھا کر دو ○

پل صراط کے پاس پوچھ گچھ کے لئے کفار کو روکنے کا حکم

فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾

فَاهْدُوْهُمْ	اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾	وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾[2]
پھر رہنمائی کرو ان کی	دوزخ کے راستے کی طرف	اور ٹھہراؤ انہیں	بیشک وہ	(ان سے) پوچھا جائے گا

پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ دکھاؤ ○ اور انہیں ٹھہراؤ، بیشک ان سے پوچھ گچھ کی جائے گی ○

1 ..... یہاں ظالموں سے مراد کافر ہیں اور اُن کے ساتھیوں سے مراد ان کے دنیاوی ہم نشین شیطان یا ان کی جنس کے دوسرے افراد ہیں۔

2 بروزِ قیامت کفار کے علاوہ بھی ہر ایک سے اس کے اقوال اور افعال کے بارے میں پوچھ گچھ ہو گی۔ حدیثِ پاک میں ہے ”قیامت کے دن بندہ اپنی جگہ سے اس وقت تک ہل نہ سکے گا جب تک اس سے چار باتیں نہ پوچھ لی جائیں۔(1) اس کی عمر کہ کس کام میں گزری۔(2) اس کا علم کہ اس پر کیا عمل کیا۔ (3) اُس کا مال کہ کہاں سے کمایا کہاں خرچ کیا۔(4) اس کا جسم کہ اس کو کس کام میں لایا۔(ترمذی، ۴/۱۸۸، الحدیث: ۲۴۲۵)

اَلْمَنْزِلُ السَّادِس ﴿6﴾
www.dawateislami.net

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

مَا	لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ [1]	بَلْ	هُمُ	الْيَوْمَ
(کہا جائے گا) کیا ہوا	تمہیں	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے	بلکہ	وہ	آج

(کہا جائے گا:) تمہیں کیا ہوا؟ تم ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے؟ ○ بلکہ وہ آج

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾	وَ	اَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ
گردن جھکائے ہوئے (ہوں گے)	اور	متوجہ ہوں گے	ان کے بعض	بعض پر

گردن جھکائے ہوئے ہوں گے ○ اور ان میں ایک دوسرے کی طرف آپس میں

يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾	قَالُوْٓا	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾
آپس میں سوال کرتے ہوئے	(پیروکار) کہیں گے	بیشک تم	آتے تھے ہمارے پاس	طاقت و قوت سے

سوال کرتے ہوئے متوجہ ہوں گا ○ پیروکار کہیں گے: تم ہمارے پاس طاقت و قوت سے آتے تھے ○

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ ج وَ مَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ

قَالُوْا	بَلْ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾	وَ	مَا كَانَ	لَنَا	عَلَيْكُمْ
(سردار) کہیں گے	بلکہ	تم نہ تھے	ایمان والے	اور	نہ تھا	ہمارے لیے	تمہارے اوپر

سردار کہیں گے: بلکہ تم خود ہی ایمان والے نہیں تھے ○ اور ہمارا تم پر کچھ قابو

مِّنْ سُلْطٰنٍ ج بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا

مِّنْ سُلْطٰنٍ	بَلْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾	فَحَقَّ	عَلَيْنَا
کچھ قابو	بلکہ	تم تھے	سرکشی کرنے والے لوگ	تو ثابت ہو گئی	ہمارے اوپر

نہ تھا بلکہ تم سرکش لوگ تھے ○ تو ہم پر ہمارے رب کی بات

[1] جہنم کے خازن ڈانٹتے ہوئے مشرکین سے کہیں گے کہ آج تمہیں کیا ہوا: تم ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے حالانکہ دنیا میں تم ایک دوسرے کی مدد کرنے پر بہت گھمنڈ رکھتے تھے۔ بروزِ قیامت مشرکین تو ایک دوسرے کی مدد نہ کر سکیں گے جبکہ انبیاء، اولیاء اور نیک لوگ اللہ تعالیٰ کے اذن سے اہلِ ایمان کی شفاعت فرما کر ان کی مدد فرمائیں گے البتہ ان کی شفاعت کی امید پر اطاعتِ الٰہی چھوڑ دینا، عذابِ الٰہی سے بے خوف ہو جانا اور گناہوں میں مبتلا رہنا کسی صورت درست نہیں ہے۔

قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا

قَوْلُ رَبِّنَآ	اِنَّا	لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿۳۱﴾	فَاَغْوَيْنٰكُمْ	اِنَّا	كُنَّا
ہمارے رب کی بات	بیشک ہم	ضرور چکھنے والے (ہیں)	تو ہم نے گمراہ کیا تمہیں	بیشک	ہم تھے

ثابت ہوگئی (کہ) ہم ضرور مزہ چکھیں گے ○ تو ہم نے تمہیں گمراہ کیا، بیشک ہم خود

غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾	فَاِنَّهُمْ	يَوْمَىِٕذٍ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ (1)	اِنَّا	كَذٰلِكَ
گمراہ	تو بیشک وہ (سب)	اس دن	عذاب میں	شریک (ہوں گے)	بیشک ہم	ایسا ہی

گمراہ تھے ○ تو اس دن وہ سب کے سب عذاب میں شریک ہیں ○ مجرموں کے ساتھ

نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ

نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾	اِنَّهُمْ	كَانُوْٓا	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَآ
ہم کرتے ہیں	مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ	(ایسے لوگ) تھے	(کہ) جب	کہا جاتا	ان سے	نہیں

ہم ایسا ہی کرتے ہیں ○ بیشک جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَىِٕنَّا

اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ	يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾	وَ	يَقُوْلُوْنَ	اَىِٕنَّا
کوئی معبود	مگر	اللہ	(تو) وہ تکبر کرتے تھے	اور	کہتے تھے	کیا بیشک ہم

کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے تھے ○ اور کہتے تھے کیا ہم

لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ

لَتَارِكُوْٓا	اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾	بَلْ	جَآءَ بِالْحَقِّ (2)
ضرور چھوڑنے والے (ہوں)	اپنے معبودوں (کو)	ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے	بلکہ	وہ لایا ہے حق

ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ○ بلکہ وہ تو حق لائے ہیں

1 گمراہ اور گمراہ کرنے والے چونکہ دنیا میں گمراہی میں شریک تھے اس لئے یہ آخرت میں عذاب میں بھی شریک ہوں گے اگرچہ ان کے عذاب کی کیفیت میں فرق ہوگا۔

2 کفار نے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو دیوانہ اور شاعر کہا تو ان کی بات کا رد کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ نبی دیوانے اور شاعر نہیں، بلکہ وہ تو حق لائے ہیں اور انہوں نے دین اور توحید کے عقیدے میں اور نفیِ شرک میں اپنے سے پہلے رسولوں عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تصدیق فرمائی ہے۔

وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّكُمْ لَذَآىِٕقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ ج

وَ	صَدَّقَ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾	اِنَّكُمْ	لَذَآىِٕقُوا	الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿٣٨﴾
اور	اس نے تصدیق کی ہے	رسولوں (کی)	بیشک تم	ضرور چکھنے والے ہو	دردناک عذاب

اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق فرمائی ہے ○ بیشک تم ضرور دردناک عذاب چکھنے والے ہو ○

وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٩﴾ لا اِلَّا

وَ	مَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٩﴾	اِلَّا
اور	تمہیں بدلہ نہیں دیا جائے گا	مگر	(اس کا) جو	تم عمل کرتے تھے	مگر

تو تمہیں تمہارے اعمال ہی کا بدلہ دیا جائے گا ○ مگر

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ لا فَوَاكِهُ ج وَهُمْ

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ (1)	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ (2)	فَوَاكِهُ	وَ	هُمْ
اللہ کے چنے ہوئے بندے	یہ لوگ	ان کے لیے	معلوم روزی (ہے)	پھل میوے (ہیں)	اور	وہ

جو اللہ کے چنے ہوئے بندے ہیں ○ ان کے لیے وہ روزی ہے جو معلوم ہے ○ پھل میوے ہیں اور

مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ لا فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ لا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ

مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾	فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾	عَلٰى سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾	يُطَافُ
انہیں عزت دی جائے گی	جنّت کے باغوں میں	تختوں پر	آمنے سامنے (ہوں گے)	دور چلایا جائے گا

وہ معزز ہوں گے ○ جنّت کے باغوں میں ○ تختوں پر آمنے سامنے ہوں گے ○ خالص شراب کے جام کے

عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾ لا بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٤٦﴾ ج لَا

عَلَيْهِمْ	بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٤٦﴾	لَا
ان پر	بہتی شراب کے جام کا	(وہ) سفید رنگ (کی)	پینے والوں کے لیے لذت بخش (ہوگی)	نہ

ان پر دَور ہوں گے ○ سفید رنگ کی شراب ہوگی، پینے والوں کے لیے لذت بخش ہوگی ○ نہ

1 ..... چنے ہوئے بندوں سے مراد ایمان اور اخلاص والے بندے ہیں، یہ دردناک عذاب نہیں چکھیں گے اور ان کے حساب میں سوال وکلام نہ ہوگا بلکہ اگر ان سے کوئی خطا سرزد ہوئی ہوگی تو اس سے درگزر کر دیا جائے گا اور انہیں ایک نیکی کا بدلہ دس سے لے کر سات سو گنا یا اس سے جتنا زیادہ اللہ تعالیٰ چاہے دیا جائے گا۔

2 ..... اس سے مراد جنت کی وہ روزی ہے جو قرآن کے ذریعے معلوم ہو چکی ہے یا وہ روزی مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔

فِيْهَا غَوْلٌ وَّ لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ عِنْدَهُمْ

فِيْهَا	غَوْلٌ	وَّ	لَا	هُمْ	عَنْهَا	يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ (1)	وَ	عِنْدَهُمْ
اس میں	عقل کی خرابی (ہوگی)	اور	نہ	وہ	اس سے	نشے میں لائے جائیں گے	اور	ان کے پاس

اس میں عقل کی خرابی ہوگی اور نہ وہ اس سے نشے میں لائے جائیں گے ○ اور ان کے پاس

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ (2)	عِيْنٌ ﴿۴۸﴾	كَاَنَّهُنَّ	بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾
نگاہیں نیچی رکھنے والی	بڑی آنکھوں والی (بیویاں ہوں گی)	گویا کہ وہ	پوشیدہ رکھے ہوئے انڈے (ہیں)

نگاہیں نیچی رکھنے والی، بڑی آنکھوں والی (بیویاں) ہوں گی ○ گویا وہ پوشیدہ رکھے ہوئے انڈے ہیں ○

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ

فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾	قَالَ
پھر متوجہ ہوں گے	ان (جنتیوں) کے بعض	بعض پر	آپس میں سوال کرتے ہوئے	کہے گا

پھر جنتی آپس میں سوال کرتے ہوئے ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوں گے ○ ان میں سے

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ

قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	اِنِّيْ	كَانَ	لِيْ	قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾	يَّقُوْلُ
ایک کہنے والا	ان میں سے	بیشک میں	(دنیا میں) تھا	میرا	ایک ساتھی	(مجھ سے) کہا کرتا تھا

ایک کہنے والا کہے گا: بیشک میرا ایک ساتھی تھا ○ (مجھ سے) کہا کرتا تھا:

اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا

اَئِنَّكَ	لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَ	كُنَّا
کیا بیشک تم	ضرور تصدیق کرنے والوں میں سے (ہو)	کیا جب	ہم مر جائیں گے	اور	ہو جائیں گے

کیا تم تصدیق کرنے والوں میں سے ہو؟ ○ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی

1 ..... جنتی شراب میں خمار نہیں ہے جس سے عقل میں خلل آئے اور اس سے جنتی نشے میں نہ آئیں گے، جبکہ دنیا کی شراب میں یہ اوصاف نہیں، اس سے پیٹ اور سر میں درد ہوتا، پیشاب میں بھی تکلیف ہو جاتی، طبیعت متلانے لگتی، قے آتی، سر چکراتا ہے اور عقل ٹھکانے نہیں رہتی۔

2 ..... جنتی حوریں شوہروں کے سوا دوسری طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیں گی کہ ان کے نزدیک ان کا شوہر ہی صاحبِ حسن اور پیارا ہے۔ بڑی اور خوبصورت آنکھوں والی ہوں گی۔ گرد و غبار سے پاک اور اس قدر صاف شفاف اور سفید ہوں گی گویا کہ وہ چھپا کر رکھے ہوئے انڈے ہیں۔

www.dawateislami.net

تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾	قَالَ	هَلْ	اَنْتُمْ
مٹی	اور	ہڈیاں	(تو) کیا بیشک ہمیں	ضرور جزا و سزا دی جائے گی	(جنتی) کہے گا	کیا	تم

اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں جزا سزا دی جائے گی؟ ○ جنتی کہے گا: کیا تم

مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾

مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ	فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾
جھانک کر دیکھنے والے (ہو)	تو وہ جھانکے گا	تو دیکھے گا اس (ساتھی) کو	بھڑکتی آگ کے درمیان میں

جھانک کر دیکھو گے؟ ○ تو وہ جھانکے گا تو اس ساتھی کو بھڑکتی آگ کے درمیان میں دیکھے گا ○

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا

قَالَ	تَاللّٰهِ	اِنْ	كِدْتَّ	لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾	وَ	لَوْلَا
(جنتی) کہے گا	اللہ کی قسم	بیشک	قریب تھا	ضرور تو ہلاک کر دیتا مجھے	اور	اگر نہ ہوتا

وہ جنتی کہے گا: خدا کی قسم، قریب تھا کہ تو ضرور مجھے ہلاک کر دیتا ○ اور اگر میرے رب کا احسان

نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ

نِعْمَةُ رَبِّيْ	لَكُنْتُ	مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾	اَفَمَا	نَحْنُ
میرے رب کا احسان	(تو) ضرور میں ہوتا	پکڑ کر حاضر کیے جانے والوں میں سے	تو کیا نہیں	ہم

نہ ہوتا تو ضرور میں بھی پکڑ کر حاضر کیا جاتا ○ تو کیا ہم

بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ

بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ (۱)	اِلَّا	مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾	اِنَّ
مرنے والے	سوائے	ہماری پہلی موت (کے)	اور	نہیں	ہم	عذاب دیے جانے والے	بیشک

مریں گے نہیں؟ ○ سوائے ہماری پہلی موت کے اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا ○ بیشک

(۱) جب موت ذبح کر دی جائے گی تو اہلِ جنت فرشتوں سے کہیں گے: کیا ہم دنیا میں ہو جانے والی پہلی موت کے بعد اب دوبارہ مریں گے نہیں؟ اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا؟ فرشتے کہیں گے: نہیں یعنی اب تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی۔ اس پر جنتی کہیں گے کہ بیشک یہ بڑی کامیابی ہے جو ہمیں نصیب ہوئی۔ اہلِ جنت کا یہ دریافت کرنا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے لذت حاصل کرنے اور اس لئے ہوگا تاکہ وہ دائمی حیات کی نعمت اور عذاب سے مامون ہونے کے احسان پر اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد کریں اور اس ذکر سے انہیں سرور حاصل ہو۔

ذبحِ موت کے بعد اہلِ جنت کا فرشتوں سے استفسار

بڑی کامیابی جنت میں داخلہ ہے

اُخروی کامیابی کے لئے اعمال کرنے کی ترغیب

هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾

هٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾	لِمِثْلِ هٰذَا	فَلْيَعْمَلِ	الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾ (1)
یہ	ضرور وہ	بڑی کامیابی (ہے)	اس جیسی کے لیے	تو چاہیے کہ عمل کریں	عمل کرنے والے

یہی بڑی کامیابی ہے ○ ایسی ہی کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے ○

جنتی مہمان نوازی اور جہنمی کھانے زقوم میں شامل درخت زقوم کافروں کے لئے آزمائش ہے

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا

اَذٰلِكَ	خَيْرٌ	نُّزُلًا	اَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾	اِنَّا	جَعَلْنٰهَا
کیا یہ	بہتر (ہے)	مہمان نوازی	یا	زقوم کا درخت	بیشک	ہم نے بنادیا اس (درخت) کو

تو یہ مہمان نوازی بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟ ○ بیشک ہم نے اس درخت کو

فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾

فِتْنَةً (2)	لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾
آزمائش	ظالموں کیلئے	بیشک وہ	ایک درخت (ہے)	نکلتا ہے	جہنم کی جڑ میں سے

ظالموں کے لئے آزمائش بنادیا ہے ○ بیشک وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی جڑ میں سے نکلتا ہے ○

جہنم میں کفار کے کھانے اور مشروب کا بیان

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ

طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ	رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ
اس کا شگوفہ	(ایسا ہے) گویا کہ وہ	شیطانوں کے سر (ہوں)	پھر بیشک وہ	ضرور کھانے والے (ہوں گے)

اس کا شگوفہ ایسے ہے جیسے شیطانوں کے سر ہوں ○ پھر بیشک وہ اس میں سے

مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا

مِنْهَا	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾	ثُمَّ	اِنَّ	لَهُمْ	عَلَيْهَا
اس میں سے	پھر بھرنے والے (ہوں گے)	اس سے	پیٹوں (کو)	پھر	بیشک	ان کے لیے	اس پر

کھائیں گے پھر اس سے پیٹ بھریں گے ○ پھر بیشک ان کے لیے اس پر

(1) ..... اصل اور حقیقی کامیابی عذابِ جہنم سے بچ جانا اور جنت میں داخل کیا جانا ہے، لہٰذا اسی کامیابی کو حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہئے۔

(2) ..... جب کفار نے جہنمی درخت کے بارے میں سنا تو وہ اعتراض و انکار کے فتنے میں پڑ گئے اور قرآن اور نبوت پر طعن کرنے لگے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ آگ میں درخت ہو حالانکہ آگ تو درختوں کو جلا ڈالتی ہے۔ یہ لوگ اپنی جہالت کی وجہ سے جانتے نہیں کہ جو رب تعالیٰ آگ میں زندگی گزارنے اور اس سے لذت حاصل کرنے والا حیوان پیدا کرنے پر قدرت رکھتا ہے تو وہ آگ میں درخت پیدا کرنے اور اسے جلنے سے محفوظ رکھنے پر بھی قادر ہے۔

جہنم میں کفار کے لوٹنے کی جگہ

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾
ضرور کھولتے پانی کی ملاوٹ (ہوگی)	پھر	بیشک	ان کا لوٹنا	ضرور بھڑکتی آگ کی طرف (ہوگا)

کھولتے پانی کی ملاوٹ ہے ○ پھر بیشک ان کا لوٹنا ضرور بھڑکتی آگ کی طرف ہے ○

کفار کے عذاب کا مستحق ہونے کی وجہ

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ۙ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ

اِنَّهُمْ	اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ (۱)
بیشک وہ	انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا (کو)	گمراہ	تو وہ	ان کے قدموں کے نشانات پر

بیشک انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا ○ تو وہ انہیں کے نشانِ قدم پر

سابقہ گمراہوں کے انجام کی طرف اشارہ اور عذاب سے مستثنیٰ لوگ

يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ۙ وَ

يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾	وَ	لَقَدْ	ضَلَّ	قَبْلَهُمْ	اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾	وَ
دوڑائے جارہے ہیں	اور	ضرور بیشک	گمراہ ہوئے	ان سے پہلے	بہت سے اگلے لوگ	اور

دوڑائے جارہے ہیں ○ اور بیشک ان سے پہلے بہت سے اگلے لوگ گمراہ ہوئے ○ اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
ضرور بیشک	ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرسنانے والے	تو دیکھو	کیسا	ہوا

بیشک ہم نے ان میں ڈرسنانے والے بھیجے ○ تو دیکھو ڈرائے جانے والوں کا

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان پر کرم الٰہی

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ۙ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ۚ وَلَقَدْ نَادٰىنَا

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾	وَ	لَقَدْ	نَادٰىنَا
ڈرائے جانے والوں کا انجام	مگر	اللہ کے چنے ہوئے بندے	اور	ضرور بیشک	پکارا ہمیں

کیسا انجام ہوا؟ ○ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے ○ اور بیشک نوح نے

(۱) ..... یہاں کفار کے عذاب کا مستحق ہونے کی وجہ بیان فرمائی گئی کہ اپنے باپ دادا کو گمراہ پانے کے باوجود وہ انہیں کے نشانِ قدم پر دوڑے جارہے ہیں اور گمراہی میں ان کی پیروی کرتے ہیں جبکہ حق کے واضح دلائل سے آنکھیں بند کرلیتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ گمراہوں کی پیروی ہلاکت میں مبتلا ہونے کا سبب ہے، اس سے وہ لوگ نصیحت حاصل کریں جن کے پاس غیر شرعی رسم و رواج پر یہی دلیل ہوتی ہے کہ یہ ان کے باپ دادا کا طریقہ ہے۔

www.dawateislami.net

نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَ نَجَّيْنٰهُ وَ

نُوْحٌ	فَلَنِعْمَ	الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾	وَ	نَجَّيْنٰهُ	وَ
نوح (نے)	تو ضرور کیا ہی اچھے	(ہم) جواب دینے والے (ہیں)	اور	ہم نے نجات دی اسے	اور

ہمیں پکارا تو ہم کیا ہی اچھے جواب دینے والے ہیں ○ اور ہم نے اسے اور اس کے

اَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَ جَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ

اَهْلَهٗ	مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾	وَ	جَعَلْنَا	ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ
اس کے گھر والوں (کو)	بڑی تکلیف سے	اور	ہم نے بنا دیا	اس کی اولاد (کو)	وہ

گھر والوں کو بڑی تکلیف سے نجات دی ○ اور ہم نے اسی کی اولاد

الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ

الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾	وَ	تَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾	سَلٰمٌ
باقی رہنے والے	اور	ہم نے باقی رکھی (تعریف)	اس پر (کیلئے)	بعد والوں میں	سلام (ہو)

باقی رکھی ○ اور ہم نے بعد والوں میں اس کی تعریف باقی رکھی ○ تمام جہان والوں میں

عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ

عَلٰى نُوْحٍ	فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾	اِنَّهٗ
نوح پر	تمام جہان والوں میں	بیشک ہم	ایسا ہی	صلہ دیتے ہیں	نیکوں (کو)	بیشک وہ

نوح پر سلام ہو ○ بیشک ہم نیکوں کو ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○ بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَ اِنَّ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾	وَ	اِنَّ
ہمارے کامل ایمان والے بندوں میں سے (ہے)	پھر	ہم نے ڈبو دیا	دوسروں (کو)	اور	بیشک

ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل ایمان والے بندوں میں سے ہے ○ پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا ○ اور بیشک

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام پر انعامات الٰہیہ اور ان کی عظمت کا بیان

قوم نوح کا انجام

1 ..... حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کشتی سے اترنے کے بعد آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد اور ان کی بیویوں کے علاوہ جتنے مرد و عورت تھے سبھی آگے کوئی نسل چلائے بغیر فوت ہو گئے۔ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد کو اللہ تعالیٰ نے باقی رکھا اور ان سے دنیا کی نسلیں چلیں تو اب دنیا میں جتنے انسان ہیں سب حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسل سے ہیں۔ 2 ..... یعنی بعد والے انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اُن کی اُمتوں میں حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکرِ جمیل باقی رکھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ وفات کے بعد دنیا میں ذکرِ خیر رہنا اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔

www.dawateislami.net

مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ

مِنْ شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾	اِذْ	جَآءَ	رَبَّهٗ
اسی (نوح) کے گروہ سے	ضرور ابراہیم (ہے)	جب	وہ حاضر ہوا	اپنے رب (کے پاس)

اسی (نوح) کے گروہ سے ابراہیم ہے ○ جبکہ اپنے رب کے پاس

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ (1)	اِذْ	قَالَ	لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ (2)	مَاذَا
سلامت دل کے ساتھ	جب	اس نے کہا	اپنے (عرفی) باپ اور اپنی قوم سے	کیا

سلامت دل لے کر حاضر ہوا ○ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا تم

تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ

تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾	اَئِفْكًا	اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ	تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾	فَمَا	ظَنُّكُمْ
تم پوجتے ہو	کیا بہتان باندھ (کر)	اللہ کے سوا معبود	تم چاہتے ہو	تو کیا	تمہارا گمان (ہے)

کیا پوجتے ہو؟ ○ کیا بہتان باندھ کر اللہ کے سوا اور معبود چاہتے ہو؟ ○ تو تمہارا رب العالمین پر

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾	فَنَظَرَ	نَظْرَةً	فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾	فَقَالَ	اِنِّيْ
تمام جہانوں کے رب پر	پھر اس نے نگاہ ڈالی	ایک نگاہ	ستاروں میں	تو کہا	بیشک میں

کیا گمان ہے؟ ○ پھر اس نے ستاروں کو ایک نگاہ دیکھا ○ تو کہا: میں

سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ

سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾	فَتَوَلَّوْا (3)	عَنْهُ	مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾	فَرَاغَ
بیمار ہونے والا (ہوں)	تو وہ لوگ پھر گئے	اس سے	پیٹھ پھیرتے ہوئے	پھر وہ چھپ کر چلا

بیمار ہونے والا ہوں ○ تو قوم کے لوگ اس سے پیٹھ پھیر کر چلے گئے ○ پھر آپ

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پنجابار قوم کو تبلیغ

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بت شکنی

1 ..... اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور عبادت کی دعوت دی تو ہمیشہ کی طرح اس وقت ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کے لئے اخلاص تھا اور انہوں نے دنیا کی ہر چیز سے اپنے دل کو فارغ کیا ہوا تھا۔ 2 ..... یہاں باپ سے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حقیقی والد نہیں بلکہ چچا آزر مراد ہے۔ 3 ..... ستاروں کو دیکھ کر بیماری کی خبر دینے پر قوم کے لوگ اپنی عید گاہ کی طرف پھر گئے اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس لئے ساتھ لے کر نہ گئے تاکہ ان کے اعتقاد کے مطابق بیماری اثر کر انہیں نہ لگ جائے۔

www.dawateislami.net

اِلٰۤى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۚ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

اِلٰۤى اٰلِهَتِهِمْ(1)	فَقَالَ	اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾	مَا	لَكُمْ	لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾
ان کے خداؤں کی طرف	تو کہا	کیا تم کھاتے نہیں	کیا ہوا	تمہیں	تم بولتے نہیں

ان کے خداؤں کی طرف چھپ کر چلے پھر فرمایا: کیا تم کھاتے نہیں؟ ○ تمہیں کیا ہوا کہ تم بولتے نہیں؟ ○

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًۢا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْۤا اِلَيْهِ

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ(2)	ضَرْبًا	بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾	فَاَقْبَلُوْۤا	اِلَيْهِ
تو لوگوں سے نظر بچا کر لگ گیا انہیں	مارنے	دائیں ہاتھ سے	تو کافر آئے	اس کی طرف

تو لوگوں سے نظر بچا کر دائیں ہاتھ سے انہیں مارنے لگے ○ تو کافر اس کی طرف

يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَ

يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾	قَالَ	اَتَعْبُدُوْنَ	مَا	تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾	وَ
جلدی کرتے ہوئے	اس نے کہا	کیا تم عبادت کرتے ہو	(ان کی) جنہیں	تم خود تراشتے ہو	اور

جلدی کرتے ہوئے آئے ○ فرمایا: کیا تم ان کی عبادت کرتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو؟ ○ اور

اللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ

اللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	وَ	مَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾	قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ
اللہ (نے)	پیدا کیا تمہیں	اور	جو	تم عمل کرتے ہو	انہوں نے کہا	بناؤ	اس کے لیے

اللہ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا کیا ○ قوم نے کہا: اس کے لیے

بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ

بُنْيَانًا	فَاَلْقُوْهُ	فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾	فَاَرَادُوْا	بِهٖ
ایک عمارت	پھر ڈال دو اسے	بھڑکتی آگ میں	تو انہوں نے ارادہ کیا	اس کے ساتھ

ایک عمارت بناؤ پھر اسے بھڑکتی آگ میں ڈال دو ○ تو انہوں نے اس کے ساتھ

(1) ان بتوں کی تعداد کافی زیادہ تھی اور یہ پتھر، لکڑی، سونے، چاندی، تانبے، لوہے اور سیسے کے بنے ہوئے تھے، سب سے بڑا بت سونے کا بنا ہوا تھا اور اس پر جواہرات لگے ہوئے تھے۔ (2) حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے بتوں سے سوالات ان سے اظہارِ بغض اور ان بتوں کی تذلیل و تحقیر کے لئے تھے۔ پھر جب بتوں نے آپ کے سوالات کا بالکل کوئی جواب نہ دیا تو حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے لوگوں کی عدم موجودگی میں دائیں ہاتھ میں کلہاڑا اٹھا کر بتوں پر وار شروع کر دیئے یہاں تک کہ مار مار کر انہیں پارہ پارہ کر دیا۔

اَلْمَنْزِلُ السَّادِس ﴿6﴾
www.dawateislami.net

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ اِنِّيْ

كَيْدًا (1)	فَجَعَلْنٰهُمُ	الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾	وَ	قَالَ	اِنِّيْ
فریب کرنے (کا)	تو ہم نے کر دیا انہیں	نیچے	اور	(ابراہیم نے) کہا	بیشک میں

فریب کرنا چاہا تو ہم نے انہیں نیچا کر دیا ○ اور ابراہیم نے کہا: بیشک میں

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ

ذَاهِبٌ	اِلٰى رَبِّيْ (2)	سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾	رَبِّ	هَبْ	لِيْ
جانے والا (ہوں)	اپنے رب کی طرف	اب وہ راہ دکھائے گا مجھے	اے میرے رب	عطا فرما	مجھے

اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں، اب وہ مجھے راہ دکھائے گا ○ اے میرے رب! مجھے

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ (3)	فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ (4)	فَلَمَّا	بَلَغَ
نیکوں میں سے (بیٹا)	تو ہم نے خوشخبری سنائی اسے	ایک بردبار لڑکے کی	پھر جب	وہ (بیٹا) پہنچ گیا

نیک اولاد عطا فرما ○ تو ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی خوشخبری سنائی ○ پھر جب وہ اس کے ساتھ

مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ

مَعَهُ	السَّعْيَ	قَالَ	يٰبُنَيَّ	اِنِّيْٓ
اس کے ساتھ	چلنے، کوشش کرنے (کے قابل عمر کو)	(تو ابراہیم نے) کہا	اے میرے بیٹے	بیشک میں (نے)

کوشش کرنے کے قابل عمر کو پہنچ گیا تو ابراہیم نے کہا: اے میرے بیٹے! میں نے

اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ

اَرٰى	فِي الْمَنَامِ	اَنِّيْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰى
دیکھا	خواب میں	کہ میں	ذبح کر رہا ہوں تجھے	پس تو دیکھ	کیا	تیری رائے ہے

خواب میں دیکھا کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو دیکھ کہ تیری کیا رائے ہے؟

(1) ... یہاں فریب سے مراد کفار کا حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آگ میں ڈالنے کا ارادہ کرنا ہے۔ (2) ... یعنی میں اس مقام کفر سے ہجرت کر کے اس علاقے میں جانے والا ہوں جہاں جانے کا میرا رب عزوجل حکم دے۔ (3) ... نیک اولاد اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، اس لئے جب بھی اللہ تعالیٰ سے اولاد کی دعا مانگی جائے تو نیک و صالح اولاد کی دعا مانگنی چاہئے۔ (4) ... دعا مانگنے پر حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ بشارت دی گئی کہ ان کے ہاں بیٹے کی ولادت ہوگی اور وہ عقلمند اور بردبار ہوگا۔ بیٹے کی ولادت سے پہلے اس کی خبر دے دینا علم غیب یا کلہ ان پانچ علوم میں سے ہے جن کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہونا بطور خاص قرآن میں

www.dawateislami.net

قَالَ يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْۤ

قَالَ	يٰۤاَبَتِ	افْعَلْ	مَا	تُؤْمَرُ	سَتَجِدُنِيْۤ
اس نے کہا	اے میرے باپ	آپ کریں	جس کا	آپ کو حکم دیا جاتا ہے	عنقریب آپ پائیں گے مجھے

بیٹے نے کہا: اے میرے باپ! آپ وہی کریں جس کا آپ کو حکم دیا جارہا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا

اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾	فَلَمَّاۤ	اَسْلَمَا
اگر	چاہا	اللہ (نے)	صبر کرنے والوں میں سے	پھر جب	ان دونوں نے گردن جھکادی (ہمارے حکم پر)

عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے ○ تو جب ان دونوں نے (ہمارے حکم پر) گردن جھکادی

وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ وَ نَادَيْنٰهُ اَنْ

وَ	تَلَّهٗ	لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ (1)	وَ	نَادَيْنٰهُ	اَنْ
اور	(باپ نے) لٹادیا اس (بیٹے) کو	پیشانی کے بل (اس وقت کا حال نہ پوچھ)	اور	ہم نے ندا فرمائی اسے	کہ

اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹایا (اس وقت کا حال نہ پوچھ) ○ اور ہم نے اسے ندا فرمائی کہ

يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾	قَدْ	صَدَّقْتَ	الرُّءْيَا	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
اے ابراہیم	بیشک	تو نے سچ کر دکھایا	خواب	بیشک ہم	ایسا ہی	صلہ دیتے ہیں

اے ابراہیم! ○ بیشک تو نے خواب سچ کر دکھایا ہم نیکی کرنے والوں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿١٠٦﴾ وَ

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿١٠٦﴾ (2)	وَ
نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک	یہ	ضرور وہ	کھلی آزمائش (تھی)	اور

ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○ بیشک یہ ضرور کھلی آزمائش تھی ○ اور

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) مذکور ہوا ہے۔ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کو ان علوم خمسہ کی خبر عطا کر دیتا ہے۔

1 حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل عَلَیْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کے اس واقعہ کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج۷، ص333 پر ملاحظہ فرمائیں۔

2 حضرت ابراہیم عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام نے جان، مال اور وطن کی قربانیاں پہلے ہی پیش فرمادی تھیں اور اب اللہ تعالیٰ کے حکم سے اپنے اس فرزند کو بھی قربانی کے لئے پیش کر دیا جسے اپنی آخری عمر میں بہت دعاؤں کے بعد پایا، جو گھر کا اجالا، گود کا پالا اور آنکھوں کا نور تھا اور یہ یقیناً بہت کٹھن امتحان تھا۔

فَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ

فَدَيْنٰهُ	بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾ (1)	وَ	تَرَكْنَا	عَلَيْهِ
ہم نے فدیہ میں دیدیا اس (اسماعیل) کے	ایک بڑا ذبیحہ	اور	ہم نے باقی رکھی (تعریف)	اس پر (کیلئے)

ہم نے اسماعیل کے فدیے میں ایک بڑا ذبیحہ دیدیا ○ اور ہم نے بعد والوں میں

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ صلے سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾	سَلٰمٌ	عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
بعد والوں میں	سلام (ہو)	ابراہیم پر	ایسا ہی	ہم صلہ دیتے ہیں

اس کی تعریف باقی رکھی ○ ابراہیم پر سلام ہو ○ ہم نیکی کرنے والوں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ وَ

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾	وَ
نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ	ہمارے کامل ایمان والے بندوں میں سے (ہے)	اور

ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○ بیشک وہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل ایمان والے بندوں میں سے ہیں ○ اور

بَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾ وَ بٰرَكْنَا

بَشَّرْنٰهُ	بِاِسْحٰقَ	نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾	وَ	بٰرَكْنَا (2)
ہم نے خوشخبری دی اسے	اسحاق کی	(جو) نیکوں میں سے ایک نبی (ہے)	اور	ہم نے برکت اتاری

ہم نے اسے اسحاق کی خوشخبری دی جو اللہ کے خاص قرب کے لائق بندوں میں سے ایک نبی ہے ○ اور ہم نے

عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّ

عَلَيْهِ	وَ	عَلٰٓى اِسْحٰقَ	وَ	مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا	مُحْسِنٌ	وَّ
اس پر	اور	اسحاق پر	اور	ان دونوں کی اولاد میں سے	کوئی اچھا کام کرنے والا (ہے)	اور

اس پر اور اسحاق پر برکت اتاری اور ان کی اولاد میں کوئی اچھا کام کرنے والا ہے اور

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عظمت اور ان پر انعامات الٰہی کا بیان

حضرت اسحاق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشارت اور ان کے فضائل

حضرت ابراہیم و اسحاق علیہما الصلوٰۃ والسلام پر نزول برکت اور اولاد ابراہیم کی دو گروہ

1 ..... علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: اس ذبیح کی شان بہت بلند ہونے کی وجہ سے اسے بڑا فرمایا گیا کیونکہ یہ اس نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فدیہ بنا جن کی نسل سے سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم ہیں۔ (بیضاوی، الصافات، تحت الآیۃ: ۱۰۷، ۲/۲۲۵) 2 یعنی ہم نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسحاق علیہما الصلوٰۃ والسلام پر دینی اور دنیاوی ہر طرح کی برکت اتاری اور ظاہری برکت یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں کثرت کی، ان میں حضرت یعقوب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام تک بہت سے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام مبعوث کئے۔

ع ٢ ٣٩ ٧

ظٰلِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ وَ لَقَدْ مَنَنَّا

ظَالِمٌ (1)	لِّنَفْسِهٖ	مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾	وَ	لَقَدْ	مَنَنَّا
کوئی ظلم کرنے والا (ہے)	اپنی جان پر	کھلا	اور	ضرور بیشک	ہم نے احسان فرمایا

کوئی اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والا ہے ○ اور بیشک ہم نے

عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾ وَ نَجَّيْنٰهُمَا وَ قَوْمَهُمَا

عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾	وَ	نَجَّيْنٰهُمَا	وَ	قَوْمَهُمَا
موسیٰ اور ہارون پر	اور	ہم نے نجات دی ان دونوں کو	اور	ان کی قوم (کو)

موسیٰ اور ہارون پر احسان فرمایا ○ اور انہیں اور ان کی قوم کو

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾ وَ نَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾ وَ

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾	وَ	نَصَرْنٰهُمْ	فَكَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾	وَ
بہت بڑی سختی سے	اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو ہوئے	وہی	غالب آنے والے	اور

بہت بڑی سختی سے نجات بخشی ○ اور ہم نے ان کی مدد فرمائی تو وہی غالب ہوئے ○ اور

وَ اٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾ وَ هَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١١٨﴾ وَ

اٰتَيْنٰهُمَا	الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾ (2)	وَ	هَدَيْنٰهُمَا	الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١١٨﴾	وَ
ہم نے عطا کی ان دونوں کو	روشن کتاب	اور	دکھایا انہیں	سیدھا راستہ	اور

ہم نے ان دونوں کو روشن کتاب عطا فرمائی ○ اور انہیں سیدھی راہ دکھائی ○ اور

تَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿١٢٠﴾

تَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ (3)	سَلٰمٌ	عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿١٢٠﴾
ہم نے چھوڑی (باقی رکھی تعریف)	ان پر (کیلئے)	بعد والوں میں	سلام (ہو)	موسیٰ اور ہارون پر

پچھلوں میں ان کی تعریف باقی رکھی ○ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ○

1 ..... یعنی ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی ایمان لا کر اچھا کام کرنے والا اور کوئی کفر کر کے اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسی باپ کے بکثرت فضائل والا ہونے سے اولاد کا بھی ویسا ہی ہونا لازم نہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی شانیں ہیں کہ کبھی نیک سے نیک پیدا کرتا ہے کبھی بد سے بد اور کبھی بد سے نیک، تاکہ نہ اولاد کا بد ہونا آباء کے لئے عیب ہو اور نہ آباء کی بدی اولاد کے لئے باعثِ عار ہو۔ 2 ..... روشن کتاب سے مراد تورات شریف ہے۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بلا واسطہ اور حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے واسطے سے عطا ہوئی۔ 3 ..... بعد میں

www.dawateislami.net

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهُمَا

اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾	اِنَّهُمَا
بیشک ہم	ایسا ہی	صلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ دونوں

بیشک نیکی کرنے والوں کو ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○ بیشک وہ دونوں

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ اِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾	وَ	اِنَّ	اِلْيَاسَ (۱)	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾
ہمارے کامل ایمان والے بندوں میں سے (ہیں)	اور	بیشک	الیاس	ضرور رسولوں میں سے (ہے)

ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل ایمان والے بندوں میں سے ہیں ○ اور بیشک الیاس ضرور رسولوں میں سے ہے ○

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ

اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖۤ	اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾	اَتَدْعُوْنَ	بَعْلًا (2)	وَّ
جب	اس نے فرمایا	اپنی قوم سے	کیا تم ڈرتے نہیں	کیا تم پوجا کرتے ہو	بعل (بت کی)	اور

جب اس نے اپنی قوم سے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ○ کیا تم بعل (بت) کی پوجا کرتے ہو اور

تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَللّٰهَ رَبَّكُمْ وَ

تَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾	اَللّٰهَ	رَبَّكُمْ	وَ
چھوڑتے ہو	بہترین خالق (کو)	(یعنی) اللہ (کو چھوڑتے ہو)	(جو) تمہارا رب	اور

بہترین خالق کو چھوڑتے ہو؟ ○ اللہ جو تمہارا رب اور

رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
تمہارے پہلے باپ دادا کا رب (ہے)	پھر انہوں نے جھٹلایا اسے	تو بیشک وہ	ضرور پیش کیے جائیں گے

تمہارے اگلے باپ دادا کا رب ہے ○ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو وہ ضرور پیش کئے جائیں گے ○

(پچھلے کئے والوں سے) آنے والوں سے مراد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی امت ہے اور اچھے ذکر سے ان کی تعریف و توصیف اور ثناء جمیل مراد ہے۔

1 ..... حضرت الیاس علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں سے ہیں اور آپ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بہت عرصہ بعد بَعْلَبَک اور ان کے اطراف کے لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے۔ آپ ان چار انبیاء میں سے ایک ہیں جو ابھی تک زندہ ہیں۔ قربِ قیامت میں وفات پائیں گے اور بعض بزرگوں کی ان سے ملاقات بھی ہوئی ہے۔ 2 ..... ”بَعْل“ ان لوگوں کے بت کا نام تھا جس کی وہ پوجا کرتے تھے، یہ 20 گز لمبا اور سونے کا بنا ہوا تھا۔

حضرت الیاس علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوم کا واقعہ

www.dawateislami.net

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ لا

اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾	وَ	تَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾
مگر	اللہ کے چنے ہوئے بندے	اور	ہم نے چھوڑی (باقی رکھی تعریف)	اس پر (کیلئے)	بعد والوں میں

مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے ○ اور ہم نے بعد والوں میں اس کی تعریف باقی رکھی ○

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾

سَلٰمٌ	عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ (1)	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾
سلام (ہو)	الیاس پر	بیشک ہم	ایسا ہی	صلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)

الیاس پر سلام ہو ○ بیشک ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی صلہ دیتے ہیں ○

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَ اِنَّ لُوْطًا

اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾	وَ	اِنَّ	لُوْطًا
بیشک وہ	ہمارے کامل ایمان والے بندوں میں سے (ہے)	اور	بیشک	لوط

بیشک وہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل ایمان والے بندوں میں سے ہے ○ اور بیشک لوط

لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ ط اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَ اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ لا اِلَّا

لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾	اِذْ	نَجَّيْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾	اِلَّا
ضرور رسولوں میں سے (ہے)	جب	ہم نے نجات دی اسے	اور	اس کے سب گھر والوں (کو)	مگر

ضرور رسولوں میں سے ہے ○ جب ہم نے اسے اور اس کے سب گھر والوں کو نجات بخشی ○ مگر

عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَ

عَجُوْزًا (2)	فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾	وَ
ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والوں میں (ہوگئی)	پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسروں (کو)	اور (اے لوگو)

ایک بڑھیا پیچھے رہ جانے والوں میں ہوگئی ○ پھر دوسروں کو ہم نے ہلاک فرما دیا ○ اور (اے لوگو!) بیشک تم

1 ... اِل یاسین بھی الیاس کی ایک لغت ہے۔ جیسے سینا اور سِیْنِیْن دونوں "طور سینا" ہی کے نام ہیں، ایسے ہی الیاس اور اِل یاسین ایک ہی ذات کے نام ہیں۔

2 ... یہ بڑھیا حضرت لوط عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بیوی "واہلہ" تھی جو کافرہ اور خائنہ تھی۔

www.dawateislami.net

اِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَ بِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

اِنَّكُمْ	لَتَمُرُّوْنَ	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾	وَ	بِالَّيْلِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
بیشک تم	ضرور گزرتے ہو	ان (کی بستیوں) پر	صبح کے وقت	اور	رات میں	تو کیا تم سمجھتے نہیں

صبح کے وقت ان کے پاس سے گزرتے ہو ○ اور رات کے وقت (بھی ان بستیوں سے گزرتے ہو)۔ تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ ○

وَ اِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ ؕ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾

وَ	اِنَّ	يُوْنُسَ (1)	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾	اِذْ	اَبَقَ (2)	اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾
اور	بیشک	یونس	ضرور رسولوں میں سے (ہے)	جب	وہ نکل گیا	بھری کشتی کی طرف

اور بیشک یونس ضرور رسولوں میں سے ہے ○ جب وہ بھری کشتی کی طرف نکل گیا ○

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ ج فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ

فَسَاهَمَ	فَكَانَ	مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾	فَالْتَقَمَهُ	الْحُوْتُ
تو (کشتی والے نے) قرعہ ڈالا	تو وہ (یونس) ہو گیا	دھکیلے جانے والوں میں سے	پھر نگل لیا اسے	مچھلی (نے)

تو کشتی والے نے قرعہ ڈالا تو یونس دھکیلے جانے والوں میں سے ہو گئے ○ پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا

وَ هُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

وَ	هُوَ	مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾	فَلَوْلَاۤ	اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ (3)
اور	وہ	(خود کو) ملامت کرنے والا (تھا)	تو اگر نہ ہوتا	کہ وہ	ہوتا	تسبیح کرنے والوں میں سے

اور وہ اپنے آپ کو ملامت کر رہے تھے ○ تو اگر وہ تسبیح کرنے والا نہ ہوتا ○

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖۤ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ التصحیف

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖۤ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾
(تو) ضرور رہتا	اس (مچھلی) کے پیٹ میں	(اس) دن تک	(جس دن) لوگ اٹھائے جائیں گے

تو ضرور اس دن تک اس مچھلی کے پیٹ میں رہتا جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے ○

(1) ..... حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب ذوالنون اور صاحب الحوت ہے، آپ بستی نینوٰی کے نبی تھے جو موصل کے علاقہ میں دجلہ کے کنارے پر واقع تھی۔ (2) ..... اس واقعہ کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج8، ص345 پر ملاحظہ فرمائیں۔ (3) ..... حدیث پاک میں ہے: مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دعا مانگی "لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" اور جو مسلمان اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا تو اس کی دعا قبول کی جائے گی۔ (ابن عساکر، ۵/۴۵، ۳۸/۳)

حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام اور مچھلی کا واقعہ

www.dawateislami.net

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَ اَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ

فَنَبَذْنٰهُ	بِالْعَرَآءِ	وَ	هُوَ	سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾	وَ	اَنْۢبَتْنَا	عَلَيْهِ
پھر ہم نے ڈال دیا اسے	میدان میں	اور	وہ	بیمار (تھا)	اور	ہم نے اگا دیا	اس پر

پھر ہم نے اسے میدان میں ڈال دیا اور وہ بیمار تھا ○ اور ہم نے اس پر کدو کا

شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ (1)	وَ	اَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ	اَوْ	يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾
کدو کا پیڑ	اور	ہم نے بھیجا اسے	ایک لاکھ کی طرف	یا (بلکہ)	وہ (اس سے) زیادہ ہوں گے

پیڑ اگا دیا ○ اور ہم نے اسے ایک لاکھ بلکہ زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا ○

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾	فَاسْتَفْتِهِمْ
تو وہ ایمان لے آئے	تو ہم نے فائدہ اٹھانے دیا انہیں	ایک وقت تک	تو تم پوچھو ان (کفار مکہ) سے

تو وہ ایمان لے آئے تو ہم نے انہیں ایک وقت تک فائدہ اٹھانے دیا ○ تو ان سے پوچھو،

اَلِرَبِّكَ الْبَنٰتُ وَ لَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا

اَلِرَبِّكَ	الْبَنٰتُ	وَ	لَهُمُ	الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾	اَمْ	خَلَقْنَا
کیا تمہارے رب کے لیے	بیٹیاں	اور	ان کیلئے	بیٹے (ہیں)	یا	ہم نے پیدا کیا

کیا تمہارے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور ان کیلئے بیٹے ہیں؟ ○ یا ہم نے

الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ

الْمَلٰٓئِكَةَ	اِنَاثًا (2)	وَّ	هُمْ	شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾	اَلَآ	اِنَّهُمْ	مِّنْ اِفْكِهِمْ
فرشتوں (کو)	عورتیں	اور	وہ	(اس وقت) حاضر تھے	خبر دار	بیشک وہ	اپنے بہتان سے

ملائکہ کو عورتیں پیدا کیا اور وہ موجود تھے ○ خبر دار! بیشک وہ اپنے بہتان سے

1 ..... کدو کی بیل ہوتی ہے جو زمین پر پھیلتی ہے مگر حضرت یونس عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا معجزہ تھا کہ یہ کدو کا درخت قد والے درختوں کی طرح شاخ رکھتا تھا اور اس کے بڑے بڑے پتوں کے سائے میں آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام آرام کرتے تھے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کدو شریف پسند فرماتے تھے۔ (ابن ماجہ، ۴/۲۷، الحدیث: ۳۳۰۲) 2 ..... کفار فرشتوں کو بغیر کسی دلیل کے عورتیں سمجھتے تھے، حالانکہ یہ تو تب ثابت ہوتا جب انہوں نے فرشتوں کو پیدا ہوتے ہوئے خود دیکھا ہو اور کفار چونکہ فرشتوں کی پیدائش کے وقت وہاں موجود نہیں تھے لہٰذا ان کی بات درست نہیں۔

حضرت یونس عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بعثت اور قوم کا ایمان لانا

اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹیاں قرار دینے والوں کی تردید

www.dawateislami.net

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾	وَلَدَ	اللّٰهُ	وَ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾
ضرور کہتے ہیں	اولاد کو جنم دیا	اللہ (نے)	اور	بیشک وہ	ضرور جھوٹے (ہیں)

یہ بات کہتے ہیں ○ کہ اللہ کی اولاد ہے اور بیشک وہ ضرور جھوٹے ہیں ○

اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾

اَصْطَفَى	الْبَنَاتِ	عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾	مَا	لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾
کیا اس نے پسند کرلیں	بیٹیاں	بیٹوں پر (کے مقابلے میں)	کیا ہے	تمہیں	کیسا	تم حکم لگاتے ہو

کیا اللہ نے بیٹے چھوڑ کر بیٹیاں پسند کیں ○ تمہیں کیا ہے؟ تم کیسا حکم لگاتے ہو؟ ○

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾	فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ	اِنْ
تو کیا تم دھیان نہیں کرتے	یا	تمہارے لیے	کوئی کھلی دلیل (ہے)	تو لاؤ اپنی کتاب	اگر

تو کیا تم دھیان نہیں کرتے؟ ○ یا تمہارے لیے کوئی کھلی دلیل ہے؟ ○ تو اپنی کتاب لاؤ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾	وَ	جَعَلُوْا	بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ	نَسَبًا (1)	وَ
تم ہو	سچے	اور	انہوں نے ٹھہرایا	اس (اللہ) کے اور جنوں کے درمیان	نسبی رشتہ	اور

تم سچے ہو ○ اور انہوں نے اللہ اور جنوں کے درمیان نسب کا رشتہ ٹھہرایا اور

لَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

لَقَدْ	عَلِمَتِ	الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾	سُبْحٰنَ اللّٰهِ
ضرور بیشک	جانتے ہیں	جن	بیشک وہ	ضرور حاضر کئے جائیں گے	اللہ پاک ہے

بیشک جنوں کو معلوم ہے کہ ان کی پیشی کی جائے گی ○ اللہ اس سے پاک ہے

اللہ تعالیٰ اور جنوں کے درمیان نسبی رشتہ ٹھہرانے والوں کا رد

(1) ..... بعض مشرکین کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے جنات میں شادی کی جس سے فرشتے پیدا ہوئے۔ (معاذ اللہ) اس آیت میں ان کا رد کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ مشرکین اللہ تعالیٰ اور جنوں کے درمیان نسب کا رشتہ ٹھہرا کر کیسے عظیم کفر کے مرتکب ہوئے اور بیشک جنوں کو معلوم ہے کہ یہ بے ہودہ بات کہنے والے ضرور جہنم میں پھینکیں جائیں گے۔

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٥٩﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٠﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا

عَمَّا	يَصِفُوْنَ ﴿١٥٩﴾	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٠﴾	فَاِنَّكُمْ	وَ	مَا
(اس) سے جو	وہ بتاتے ہیں	مگر	اللہ کے چنے ہوئے بندے	تو بیشک تم	اور	جنہیں

جو یہ بتاتے ہیں ○ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے ○ تو تم اور جنہیں

تَعْبُدُوْنَ ﴿١٦١﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿١٦٢﴾ اِلَّا مَنْ

تَعْبُدُوْنَ ﴿١٦١﴾	مَآ	اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	بِفٰتِنِيْنَ ﴿١٦٢﴾	اِلَّا	مَنْ
(اللہ کے سوا) تم پوجتے ہو	نہیں	تم	اس (اللہ) کے خلاف	(کسی کو) فتنہ میں ڈالنے والے	مگر	(اسے) جو

تم (اللہ کے سوا) پوجتے ہو ○ تم اس کے خلاف (کسی کو) فتنے میں ڈالنے والے نہیں ○ مگر اسے جو

هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ

هُوَ	صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿١٦٣﴾	وَ	مَا	مِنَّآ	اِلَّا	لَهٗ
وہ	بھڑکتی آگ میں داخل ہونے والا (ہے)	اور	(فرشتے کہتے ہیں) نہیں	ہم میں کوئی	مگر	اس کیلئے

بھڑکتی آگ میں داخل ہونے والا ہے ○ اور (فرشتے کہتے ہیں) ہم میں ہر ایک کیلئے

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿١٦٤﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿١٦٥﴾ وَاِنَّا

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿١٦٤﴾ (1)	وَّ	اِنَّا	لَنَحْنُ	الصَّآفُّوْنَ ﴿١٦٥﴾	وَ	اِنَّا
ایک جگہ مقرر (ہے)	اور	بیشک	ضرور ہم	(حکم کے انتظار میں) صف باندھے ہوئے (ہیں)	اور	بیشک

ایک جگہ مقرر ہے ○ اور بیشک ہم (حکم کے انتظار میں) صف باندھے ہوئے ہیں ○ اور بیشک

لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿١٦٦﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٦٧﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا

لَنَحْنُ	الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿١٦٦﴾	وَ	اِنْ	كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٦٧﴾	لَوْ	اَنَّ	عِنْدَنَا
ضرور ہم	تسبیح کرنے والے (ہیں)	اور	بیشک	(کافر) ضرور کہتے ہیں	اگر	یہ کہ	ہمارے پاس

ہم (اس کی) تسبیح کرنے والے ہیں ○ اور بیشک کافر کہتے تھے ○ اگر ہمارے پاس

(1) ..... حضرت جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم، ہم فرشتوں کے ہر گروہ کیلئے ایک جگہ مقرر ہے جس میں وہ اپنے رب تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے: میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، میں وہ باتیں سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے۔ آسمان چرچرایا اور اس کا چرچرانا حق ہے، اس میں چار انگلی جگہ بھی ایسی نہیں جہاں فرشتے اپنی پیشانی رکھے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدے میں نہ ہوں۔ (قرطبی، ۴/۱۴۰، الحدیث: ۲۳۱۹)

www.dawateislami.net

ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾

ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ (1)	لَكُنَّا	عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾
پہلے لوگوں کی کوئی نصیحت (ہوتی)	(تو) ضرور ہم ہوتے	اللہ کے چنے ہوئے بندے

اگلوں کی کوئی نصیحت ہوتی ○ تو ضرور ہم اللہ کے چنے ہوئے بندے ہوتے ○

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَ لَقَدْ

فَكَفَرُوْا	بِهٖ	فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾	وَ	لَقَدْ
(جب نصیحت آئی) تو انہوں نے انکار کیا	اس کا	تو عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا	اور	ضرور بیشک

تو اس کے منکر ہوئے تو عنقریب انہیں پتہ چل جائے گا ○ اور بیشک

سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ

سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾	اِنَّهُمْ
گزر چکا	ہمارا کلام	ہمارے بھیجے ہوئے بندوں کے لیے	(کہ) بیشک وہ

ہمارے بھیجے ہوئے بندوں کے لیے ہمارا کلام گزر چکا ہے ○ کہ بیشک

لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَ اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ

لَهُمُ	الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾	وَ	اِنَّ	جُنْدَنَا	لَهُمُ
انہی کی	مدد کی جائے گی	اور	بیشک	ہمارا لشکر	ضرور وہی

انہی کی مدد کی جائے گی ○ اور بیشک ہمارا لشکر ہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّ

الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾	وَّ
غالب آنے والے (ہیں)	تو تم منہ پھیر لو	ان (کفارِ مکہ) سے	ایک وقت تک	اور

غالب ہو گا ○ تو ایک وقت تک تم ان سے منہ پھیر لو ○ اور

(1) ..... کفارِ مکہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تشریف آوری سے پہلے کہتے تھے کہ اگر ہمیں بھی تورات اور انجیل کی طرح کوئی کتاب ملتی تو ضرور ہم اللہ تعالیٰ کے چنے ہوئے بندے ہوتے، اس کی اطاعت کرتے اور اخلاص کے ساتھ عبادتِ الٰہی بجالاتے اور جیسے پہلے لوگوں نے جھٹلایا اور مخالفت کی ویسے ہم نہ جھٹلاتے اور نہ مخالفت کرتے لیکن پھر جب سب سے افضل و اشرف اور بے مثل کتاب انہیں ملی یعنی قرآن مجید نازل ہوا تو یہی لوگ اس کے منکر ہو گئے، پس عنقریب یہ اپنے کفر کا انجام جان لیں گے۔

www.dawateislami.net

بندگانِ خدا کو دوزخ سے بچانے کی بشارت

کفارِ مکہ سے متعلق حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو ہدایت

اَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾	اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾
دیکھتے رہو انہیں	تو عنقریب وہ (بھی) دیکھ لیں گے	تو کیا ہمارا عذاب	وہ جلدی مانگ رہے ہیں

انہیں دیکھتے رہو تو عنقریب وہ بھی دیکھ لیں گے ○ تو کیا ہمارے عذاب کی جلدی کرتے ہیں؟ ○

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾

فَاِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمْ	فَسَآءَ	صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾
پھر جب	(عذاب) اترے گا	ان کے صحن میں	تو کیا ہی بری (ہوگی)	ڈرائے جانے والوں کی صبح

پھر جب ان کے صحن میں عذاب اترے گا تو ڈرائے جانے والوں کی کیا ہی بری صبح ہوگی ○

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾

وَ	تَوَلَّ (1)	عَنْهُمْ	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾	وَّ	اَبْصِرْ	فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾
اور	تم منہ پھیر لو	ان سے	ایک وقت تک	اور	تم دیکھتے رہو	تو عنقریب وہ (بھی) دیکھیں گے

اور ایک وقت تک ان سے منہ پھیر لو ○ اور انہیں دیکھتے رہو تو عنقریب وہ بھی دیکھیں گے ○

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾ وَسَلٰمٌ

سُبْحٰنَ رَبِّكَ	رَبِّ الْعِزَّةِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾	وَ	سَلٰمٌ
تمہارا رب پاک (ہے)	عزت والا رب	(ان باتوں) سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور	سلام (ہو)

تمہارا رب عزت والا ان تمام باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں ○ اور رسولوں پر

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾	وَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾ (2)
رسولوں پر	اور	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے (ہیں)	(جو) تمام جہانوں کا پالنے والا (ہے)

سلام ہو ○ اور تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے ○

1 ..... یہاں دوبارہ یہ کلام عذاب کی وعید کو تاکید کے ساتھ بیان کرنے کے لئے کیا گیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آیت نمبر 174 اور 175 میں کفار کے دنیوی احوال کے بارے میں کلام فرمایا گیا اور اب یہاں سے ان کے آخروی احوال کے بارے میں کلام فرمایا جارہا ہے۔ اس صورت میں آیات میں تکرار نہیں ہے۔

2 ..... سورہ صافات کی ان آخری 3 آیات کی بہت فضیلت ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے ”جس نے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ کہا ”سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝“ تو اس نے اپنا اجر کا پیمانہ بھر لیا۔ (معجم الکبیر، ۵/۲۱۱، الحدیث: ۵۱۲۴)

www.dawateislami.net

آیات:88 | رکوع: 05

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

قرآن کی قسم اور ارشاد فرما کر کفار کے تکبر و مخالفت کا بیان

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

صٓ	وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ﴿۱﴾	بَلِ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
صٓ	نصیحت والے قرآن کی قسم	بلکہ	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا

صٓ، نصیحت والے قرآن کی قسم ○ بلکہ کافر

گزشتہ امتوں کی ہلاکت کی طرف اشارہ

فِیْ عِزَّةٍ وَّ شِقَاقٍ ﴿۲﴾ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ

فِیْ عِزَّةٍ وَّ شِقَاقٍ ﴿۲﴾	كَمْ	اَهْلَكْنَا[1]	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنْ قَرْنٍ
تکبر اور مخالفت میں (پڑے ہوئے ہیں)	کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	ان سے پہلے	قومیں

تکبر اور مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں ○ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کردیں

کفار مکہ کے تعجب اور تعجب کا بیان

فَنَادَوْا وَّ لَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَ عَجِبُوْۤا اَنْ

فَنَادَوْا	وَّ	لَاتَ	حِیْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾	وَ	عَجِبُوْۤا	اَنْ
تو وہ پکارنے لگے	اور (حالانکہ)	نہ (تھا)	بھاگنے کا وقت	اور	انہوں نے تعجب کیا	(اس پر) کہ

تو وہ پکارنے لگے حالانکہ بھاگنے کا وقت نہ تھا ○ اور انہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ

[1] اس سے پہلی آیت میں کفارِ مکہ کے تکبر اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی مخالفت کا ذکر ہوا اور یہاں فرمایا گیا ہے کہ اے حبیب! صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم، اسی تکبر اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت کے باعث ہم نے آپ کی قوم سے پہلے کتنی اُمتیں ہلاک کردیں اور جب ان پر عذاب نازل ہونے کا وقت آیا تو انہوں نے فریاد کی اور توبہ و استغفار کرنے لگے تاکہ اس عذاب سے نجات پاجائیں حالانکہ وہ بھاگنے اور عذاب سے نجات پانے کا وقت نہ تھا اور اس وقت ان کی فریاد بیکار تھی کیونکہ وہ وقت مایوس ہوجانے کا تھا، لیکن کفارِ مکہ نے اُن کے حال سے عبرت حاصل نہ کی۔

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ

جَآءَهُمْ	مُّنْذِرٌ	مِّنْهُمْ	وَ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا	سٰحِرٌ
آیا ان کے پاس	ایک ڈر سنانے والا	ان میں سے	اور	کہا	کافروں (نے)	یہ	جادوگر (ہے)

ان کے پاس انہیں میں سے ایک ڈر سنانے والا (رسول) تشریف لایا اور کافروں نے کہا: یہ جادوگر ہے،

كَذَّابٌ ۝٤ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا

كَذَّابٌ ۝٤	اَجَعَلَ	الْاٰلِهَةَ	اِلٰهًا وَّاحِدًا (۱)	اِنَّ هٰذَا
بڑا جھوٹا (ہے)	کیا اس نے کر دیا	بہت سے خداؤں (کو)	ایک خدا	بیشک یہ

بڑا جھوٹا ہے ○ کیا اس نے بہت سارے خداؤں کو ایک خدا کر دیا؟ بیشک یہ

لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝٥ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ

لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝٥	وَ	انْطَلَقَ	الْمَلَاُ	مِنْهُمْ	اَنِ
ضرور بڑی عجیب چیز (ہے)	اور	چل پڑے	سردار	ان میں سے	(یہ کہتے ہوئے) کہ

ضرور بڑی عجیب بات ہے ○ اور ان میں سے جو سردار تھے وہ (یہ کہتے ہوئے) چل پڑے کہ

امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ

امْشُوْا	وَ	اصْبِرُوْا	عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ	اِنَّ	هٰذَا	لَشَیْءٌ
(اے لوگو) تم (بھی) چلو	اور	ڈٹے رہو	اپنے معبودوں پر	بیشک	یہ (بات)	ضرور (ایسی) چیز (ہے)

(اے لوگو!) تم بھی چلے جاؤ اور اپنے معبودوں پر ڈٹے رہو بیشک اس بات میں

يُّرَادُ ۝٦ ۚ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا

يُّرَادُ ۝٦	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ	اِنْ	هٰذَاۤ اِلَّا
جو (مقصود و) مراد ہے	ہم نے نہیں سنا	اس کو	پچھلے دین میں	نہیں	یہ مگر

اس کی کوئی غرض ہے ○ ہم نے یہ بات پچھلے دین میں بھی نہیں سنی۔ یہ صرف

(۱) ..... ابو طالب کے سامنے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے کفارِ مکہ سے فرمایا کہ کیا تم ایک کلمہ قبول کر سکتے ہو جس سے عرب و عجم کے مالک و فرمانروا ہو جاؤ۔ ابو جہل نے کہا: ایک کیا، ہم ایسے دس کلمے قبول کر سکتے ہیں۔ ارشاد فرمایا "کہو" "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" اس پر وہ لوگ اٹھ گئے اور کہنے لگے کہ کیا انہوں نے بہت سے خداؤں کا ایک خدا کر دیا، اتنی بہت سی مخلوق کے لئے ایک خدا کیسے کافی ہو سکتا ہے، بیشک یہ ضرور بڑی عجیب بات ہے کیونکہ یہ ہمارے آباؤ اجداد کے متفقہ نظریے کے خلاف ہے۔

نبوت پر کفار کے اعتراضات اور انہیں رد کرنا

اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ

اخْتِلَاقٌ ۝٧	ءَاُنْزِلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ	هُمْ
ایک گھڑی ہوئی بات	کیا اتارا گیا	اس پر	قرآن	ہمارے درمیان	بلکہ	وہ

خود بنائی ہوئی جھوٹی بات ہے ○ کیا ہمارے درمیان ان پر قرآن اتارا گیا؟ بلکہ وہ

فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝٨ اَمْ

فِيْ شَكٍّ	مِّنْ ذِكْرِيْ	بَلْ	لَّمَّا يَذُوْقُوْا	عَذَابِ ۝٨	اَمْ
شک میں (ہیں)	میری کتاب سے متعلق	بلکہ	انہوں نے ابھی تک نہیں چکھا	میرا عذاب	یا

میری کتاب کے بارے شک میں ہیں بلکہ ابھی انہوں نے میرا عذاب نہیں چکھا ○ کیا

عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ ۚ

عِنْدَهُمْ	خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ (۱)	الْعَزِيْزِ	الْوَهَّابِ ۝٩
ان کے پاس	تمہارے رب کی رحمت کے خزانے (ہیں)	(جو) عزت والا	بہت عطا فرمانے والا (ہے)

ان کے پاس تمہارے عزت والے، بہت عطا فرمانے والے رب کی رحمت کے خزانے ہیں؟ ○

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ قف

اَمْ	لَهُمْ	مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا
یا	ان کے لیے (ہے)	آسمانوں اور زمین کی سلطنت	اور	جو کچھ	ان کے درمیان (ہے)

یا کیا ان کے لیے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کی سلطنت ہے؟

فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ

فَلْيَرْتَقُوْا	فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠	جُنْدٌ مَّا	هُنَالِكَ
تو انہیں چاہئے کہ اوپر چڑھ جائیں	رسیوں میں (لٹک کر)	(یہ کفارِ مکہ کا گروہ) ایک معمولی سا لشکر (ہے)	(جسے) یہاں

پھر تو انہیں چاہیے کہ رسیوں کے ذریعے چڑھ جائیں ○ یہ لشکروں میں سے ایک ذلیل لشکر ہے

کفارِ مکہ کی شکست کی خبر

(۱) ... نبوت اللہ تعالیٰ کا خاص عطیہ ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اس سعادت سے مشرف فرمادے، البتہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی تشریف آوری کے بعد اب کسی کو نبوت نہیں مل سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم فرمادیا ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: عنقریب میری امت میں تیس کذاب ہوں گے، ان میں سے ہر ایک کا یہ دعویٰ ہوگا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں سب سے آخری نبی ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ (سنن ابوداؤد، ۴/۱۳۲، الحدیث: ۴۲۵۲)

مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

مَهْزُوْمٌ	مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾	كَذَّبَتْ (1)	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ	عَادٌ
شکست دیدی جائے گی	لشکروں میں سے	جھٹلایا	ان سے پہلے	نوح کی قوم	اور	عاد

جسے یہاں شکست دیدی جائے گی ○ نوح کی قوم اور عاد اور میخوں والا فرعون

وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ؕ

وَّ	فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ (2)	وَ	ثَمُوْدُ	وَ	قَوْمُ لُوْطٍ	وَّ	اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ	
اور	میخوں والے فرعون (نے)	اور	ثمود	اور	لوط کی قوم	اور	اَیکہ (نامی جنگل) والوں (نے)	

ان سے پہلے جھٹلا چکے ہیں ○ اور ثمود اور لوط کی قوم اور اَیکہ (نامی جنگل) والے۔

اُولٰٓىِٕكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ

اُولٰٓىِٕكَ	الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾	اِنْ	كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ
یہی	گروہ (ہیں)	نہیں	ہر ایک (گروہ)	مگر	اس نے جھٹلایا	رسولوں (کو)

یہی گروہ ہیں ○ ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے رسولوں کو نہ جھٹلایا ہو

فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا

فَحَقَّ	عِقَابِ ﴿۱۴﴾	وَ	مَا يَنْظُرُ	هٰٓؤُلَآءِ (3)	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	مَّا
تو لازم ہو گیا	میرا عذاب	اور	انتظار نہیں کر رہے	یہ لوگ	مگر	ایک چیخ (کا)	نہیں

تو میرا عذاب لازم ہو گیا ○ اور یہ ایک چیخ کا ہی انتظار کر رہے ہیں جسے

لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا

لَهَا	مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾	وَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	عَجِّلْ	لَّنَا
اس کو	کوئی پھیرنے والا	اور	انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	جلد دیدے	ہمیں

کوئی پھیرنے والا نہیں ○ اور انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمارا حصہ

1 ..... یہاں سے اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی قلبی تسکین کیلئے پچھلے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوموں کا ذکر فرمایا ہے۔

2 ..... فرعون کو میخوں والا اس لئے فرمایا گیا کہ یہ جب کسی پر غصہ کرتا تو اُسے لٹا کر اس کے ہاتھ پاؤں کھینچ کر چاروں طرف کھونٹوں میں بند ہوا دیتا، پھر اس کو پٹواتا اور اس پر طرح طرح کی سختیاں کرتا تھا۔ 3 ..... یعنی سابقہ ہلاک شدہ اُمتوں کی طرح کفر و تکذیب میں مبتلا کفارِ قریش قیامت کے پہلے نفخہ کی چیخ کا ہی انتظار کر رہے ہیں جو ان کے عذاب کی مقررہ مدت ہے اور وہ چیخ ایسی ہے جسے کوئی پھیر نہیں سکتا۔

قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿١٦﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ

قِطَّنَا	قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿١٦﴾	اِصْبِرْ	عَلٰى	مَا	يَقُوْلُوْنَ	وَ	اذْكُرْ (1)
ہمارا حصہ	حساب کے دن سے پہلے	تم صبر کرو	(اس) پر	جو	وہ کہتے ہیں	اور	یاد کرو

ہمیں حساب کے دن سے پہلے جلد دیدے ○ تم ان کی باتوں پر صبر کرو اور

عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿١٧﴾ اِنَّا

عَبْدَنَا	دَاوٗدَ	ذَا الْاَيْدِ	اِنَّهٗۤ	اَوَّابٌ ﴿١٧﴾	اِنَّا
ہمارے بندے	داؤد	نعمتوں والے (کو)	بیشک وہ	بڑا رجوع کرنے والا (تھا)	بیشک

ہمارے نعمتوں والے بندے داؤد کو یاد کرو بیشک وہ بڑا رجوع کرنے والا ہے ○ بیشک

سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿١٨﴾ لا

سَخَّرْنَا	الْجِبَالَ	مَعَهٗ	يُسَبِّحْنَ	بِالْعَشِيِّ	وَ	الْاِشْرَاقِ ﴿١٨﴾
ہم نے تابع کر دیا	پہاڑوں (کو)	اس کے ساتھ	(کہ) وہ تسبیح کریں	شام کو	اور	سورج چمکتے وقت

ہم نے اس کے ساتھ پہاڑوں کو تابع کر دیا کہ وہ شام اور سورج کے چمکتے وقت تسبیح کریں ○

وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿١٩﴾ وَشَدَدْنَا

وَ	الطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً	كُلٌّ (2)	لَّهٗۤ	اَوَّابٌ ﴿١٩﴾	وَ	شَدَدْنَا
اور	جمع کیے ہوئے پرندے	سب	اس کے	فرمانبردار (تھے)	اور	ہم نے مضبوط کیا

اور جمع کئے ہوئے پرندے، سب اس کے فرمانبردار تھے ○ اور ہم نے اس کی

مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾

مُلْكَهٗ	وَ	اٰتَيْنٰهُ	الْحِكْمَةَ (3)	وَ	فَصْلَ الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾
اس کی سلطنت (کو)	اور	عطا کی اسے	حکمت	اور	حق و باطل میں فرق کر دینے والا علم

سلطنت کو مضبوط کیا اور اسے حکمت اور حق و باطل میں فرق کر دینے والا علم عطا فرمایا ○

1 ..... ایک برگزیدہ نبی کو یاد کرنے کا حکم دینے کا مقصد یہ ہے کہ رحمتِ الٰہی پر دل مضبوط ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح اپنے مقبول و محبوب بندوں کو اپنے فضل و کرم سے نوازتا ہے۔ 2 ..... یعنی پہاڑ اور پرندے بھی آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمانبردار تھے۔ مروی ہے کہ جب حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام تسبیح کرتے تو پہاڑ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تسبیح کرتے اور پرندے بھی آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس جمع ہو کر تسبیح کرتے تھے۔

3 ..... حکمت سے نبوت یا عدل کرنا مراد ہے اور قولِ فیصل سے قضا کا علم مراد ہے جو حق و باطل میں فرق و تمیز کر دے۔

www.dawateislami.net

وَ هَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾

وَ	هَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا الْخَصْمِ	اِذْ	تَسَوَّرُوا (1)	الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾
اور	کیا	آئی تمہارے پاس	دعویداروں کی خبر	جب	وہ دیوار کود کر آئے	مسجد (میں)

اور کیا تمہارے پاس ان دعویداروں کی خبر آئی جب وہ دیوار کود کر مسجد میں آئے ○

اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا

اِذْ	دَخَلُوْا	عَلٰى دَاوٗدَ	فَفَزِعَ (2)	مِنْهُمْ	قَالُوْا
جب	وہ داخل ہوئے	داؤد پر	تو وہ گھبرا گیا	ان سے	انہوں نے عرض کی

جب وہ داؤد پر داخل ہوئے تو وہ ان سے گھبرا گیا۔ انہوں نے عرض کی:

لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ

لَا تَخَفْ	خَصْمٰنِ	بَغٰى	بَعْضُنَا	عَلٰى بَعْضٍ
ڈریئے نہیں	(ہم) دو فریق (ہیں)	زیادتی کی ہے	ہم میں سے ایک (نے)	دوسرے پر

ڈریئے نہیں ہم دو فریق ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے

فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَ لَا تُشْطِطْ وَ

فَاحْكُمْ	بَيْنَنَا	بِالْحَقِّ	وَ	لَا تُشْطِطْ	وَ
تو آپ فیصلہ فرمادیں	ہمارے درمیان	حق کے ساتھ	اور	حق کے خلاف (فیصلہ) نہ کیجئے گا	اور

تو ہم میں حق کے ساتھ فیصلہ فرمادیجئے اور حق کے خلاف نہ کیجئے گا اور

اهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ لَهٗ

اهْدِنَآ	اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾	اِنَّ	هٰذَآ	اَخِيْ	لَهٗ
رہنمائی کریں ہماری	سیدھے راستے کی طرف	بیشک	یہ	میرا بھائی (ہے)	اس کی

ہمیں سیدھی راہ بتادیں ○ بیشک یہ میرا بھائی ہے اس کے پاس

1 ..... مشہور قول کے مطابق یہ آنے والے فرشتے تھے جو حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آزمائش کے لئے آئے تھے۔

2 ..... دیوار کود کر آنے والوں کو دیکھ کر حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کا گھبرانا فطری اور طبعی تھا کیونکہ کسی شخص کا عادت کے برخلاف بے وقت اور پہرہ توڑ کر اس طرح آنا عام طور پر بری نیت سے ہی ہوتا ہے اور طبعی خوف و گھبراہٹ نبوت کے منافی نہیں ہوتا۔

تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا

تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً (۱)	وَّ	لِيَ	نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَقَالَ	اَكْفِلْنِيْهَا
ننانوے دُنبیاں (ہیں)	اور	میرے لیے	ایک دُنبی (ہے)	تو اس نے کہا	اسے میرے حوالے کردو

ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دُنبی ہے۔ اب یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کردو

وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ

وَ	عَزَّنِيْ	فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾	قَالَ	لَقَدْ
اور	اس نے زور ڈالا ہے مجھ پر	(اس) بات میں	(داؤد نے) فرمایا	ضرور بیشک

اور اس نے اس بات میں مجھ پر زور ڈالا ہے ○ داؤد نے فرمایا: بیشک

ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ

ظَلَمَكَ	بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ	اِلٰى نِعَاجِهٖ	وَ	اِنَّ
اس نے زیادتی کی تجھ پر	تیری دنبی (ملانے کا) سوال کرکے	اپنی دنبیوں کے ساتھ	اور	بیشک

تیری دنبی کو اپنی دنبیوں کے ساتھ ملانے کا سوال کرکے اس نے تجھ پر زیادتی کی ہے اور بیشک

كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا

كَثِيْرًا	مِّنَ الْخُلَطَآءِ	لَيَبْغِيْ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	اِلَّا
بہت سے	شریک	ضرور زیادتی کرتے ہیں	ان کے بعض	بعض پر	مگر

اکثر شریک ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں مگر

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	قَلِيْلٌ مَّا	هُمْ
وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کیے	اچھے، نیک	اور	بہت تھوڑے (ہیں)	وہ

ایمان والے اور اچھے کام کرنے والے اور وہ بہت تھوڑے ہیں۔

(۱) اس واقعہ کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج8، ص382 پر ملاحظہ فرمائیں۔

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ

وَ	ظَنَّ	دَاوٗدُ	اَنَّمَا فَتَنّٰهُ	فَاسْتَغْفَرَ	رَبَّهٗ
اور	سمجھ گیا	داؤد	(کہ) ہم نے صرف آزمایا ہے اسے	تو اس نے معافی مانگی	اپنے رب (سے)

اور داؤد سمجھ گئے کہ ہم نے تو صرف اسے آزمایا تھا تو اس نے اپنے رب سے معافی مانگی

وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ﴿٢٤﴾ السجدة فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ

وَ	خَرَّ	رَاكِعًا[1]	وَّ	اَنَابَ ﴿٢٤﴾	فَغَفَرْنَا[2]	لَهٗ	ذٰلِكَ
اور	گر پڑا	سجدہ کرتے ہوئے	اور	رجوع کیا	تو ہم نے معاف فرمادیا	اس کو	وہ

اور سجدے میں گر پڑا اور رجوع کیا ○ تو ہم نے اسے یہ معاف فرمادیا

وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾ يٰدَاوٗدُ

وَ	اِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	زُلْفٰى	وَ	حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾	يٰدَاوٗدُ
اور	بیشک	اس کے لیے	ہماری بارگاہ (میں)	ضرور قرب	اور	اچھا ٹھکانہ (ہے)	اے داؤد

اور بیشک اس کے لیے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور اچھا ٹھکانہ ہے ○ اے داؤد!

اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ

اِنَّا	جَعَلْنٰكَ	خَلِيْفَةً	فِى الْاَرْضِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَ النَّاسِ	بِالْحَقِّ
بیشک	ہم نے کیا تجھے	نائب	زمین میں	تو تو فیصلہ کر	لوگوں کے درمیان	حق کے ساتھ

بیشک ہم نے تجھے زمین میں (اپنا) نائب کیا تو لوگوں میں حق کے مطابق فیصلہ کر

وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

وَ	لَا تَتَّبِعِ	الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اِنَّ
اور	پیچھے نہ چلنا	نفس کی خواہش (کے)	(اگر ایسا کیا) تو وہ بہکا دے گی تجھے	اللہ کے راستے سے	بیشک

اور نفس کی خواہش کے پیچھے نہ چلنا ورنہ وہ تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دے گی بیشک

حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خلافت اور لوگوں کے درمیان فیصلے سے متعلق تاکید

حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توبہ و استغفار کی قبولیت اور ان کی عظمت کا بیان

السجدۃ ۱۰

① یہ آیت ان آیات میں سے ہے جن کے پڑھنے اور سننے والوں پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہو جاتا ہے۔ ② اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انبیاءِ کرام علیہمُ الصّلوٰۃُ والسّلام کا مقام و مرتبہ انتہائی بلند ہے، اسی لئے اگر ان سے کوئی خلافِ شان کام واقع ہو تو اللہ تعالیٰ ان کی تربیت فرما دیتا ہے اور یہ بھی بارگاہِ الٰہی میں انتہائی درجے کی عاجزی وانکساری کرتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے مقبول بندوں کا معاملہ ہے، عام لوگوں کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ ان کے خلافِ شان کاموں اور ان کاموں پر کئے گئے عجز وانکسار کو بنیاد بنا کر ان کے خلاف زبانِ طعن دراز کریں اور ان کی عصمت پر اعتراضات کرنا شروع کر دیں، یہ ایمان کے لئے زہر قاتل ہے۔

www.dawateislami.net

الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا

الَّذِيْنَ	يَضِلُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	بِمَا	نَسُوْا
وہ لوگ جو	بھٹکتے ہیں	اللہ کی راہ سے	ان کے لیے	سخت عذاب (ہے)	(اس) لیے کہ	انہوں نے بھلا دیا

وہ جو اللہ کی راہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اس بنا پر کہ انہوں نے

يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا

يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾	وَ	مَا خَلَقْنَا	السَّمَآءَ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا
حساب کے دن (کو)	اور	ہم نے پیدا نہیں کیا	آسمان	اور	زمین	اور	جو کچھ

حساب کے دن کو بھلا دیا ہے ○ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ

بَيْنَهُمَا	بَاطِلًا	ذٰلِكَ	ظَنُّ	الَّذِيْنَ
ان دونوں کے درمیان (ہے)	بیکار	یہ (بیکار پیدا کرنے کا خیال)	گمان (ہے)	ان لوگوں کا جنہوں نے

بیکار پیدا نہیں کیا۔ یہ (بیکار پیدا کرنے کا خیال)

كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ ؕ اَمْ

كَفَرُوْا	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾	اَمْ
کفر کیا	تو خرابی (ہے)	ان لوگوں کیلئے جنہوں نے	کفر کیا	آگ سے	کیا

کافروں کا گمان ہے تو کافروں کیلئے آگ سے خرابی ہے ○ کیا

نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

نَجْعَلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
ہم کر دیں گے	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کیے	اچھے، نیک

ہم ایمان لانے والوں اور اچھے اعمال کرنے والوں کو

(بچھانے کا حاشیہ) سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔

كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

كَالْمُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ
فساد پھیلانے والوں کی طرح	زمین میں	یا	ہم کر دیں گے	پرہیز گاروں (کو)

زمین میں فساد پھیلانے والوں کی طرح کر دیں گے ؟ یا ہم پرہیز گاروں کو

كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ

كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ
نافرمانوں جیسا	(یہ قرآن) ایک کتاب (ہے)	ہم نے نازل کیا اسے	تمہاری طرف	برکت والی

نافرمانوں جیسا کر دیں گے ؟ ○ (یہ قرآن) ایک برکت والی کتاب ہے جو ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے

لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾

لِّيَدَّبَّرُوْٓا (1)	اٰيٰتِهٖ	وَ	لِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ (2)
تاکہ لوگ غور و فکر کریں	اس کی آیتوں (میں)	اور	تاکہ نصیحت حاصل کریں	عقل والے

تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور عقلمند نصیحت حاصل کریں ○

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ

وَ	وَهَبْنَا	لِدَاوٗدَ	سُلَيْمٰنَ	نِعْمَ	الْعَبْدُ	اِنَّهٗٓ
اور	ہم نے عطا کیا	داؤد کو	سلیمان	(وہ) کیا ہی اچھا	بندہ (ہے)	بیشک وہ

اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا فرمایا، وہ کیا اچھا بندہ ہے بیشک وہ

اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾	اِذْ	عُرِضَ	عَلَيْهِ	بِالْعَشِيِّ
بہت رجوع کرنے والا (ہے)	جب	پیش کیے گئے	اس پر (کے سامنے)	شام کے وقت

بہت رجوع کرنے والا ہے ○ جب اس کے سامنے شام کے وقت ایسے گھوڑے پیش کئے گئے جو

نزولِ قرآن کے دو مقاصد

حضرت داؤد علیہ السلام کو عطا کئے گئے فرزند اور اس کے اوصاف کا بیان

بارگاہِ سلیمان میں پیش کیے جانے والے گھوڑوں کے اوصاف

(1) فقط عربی عبارت کو پڑھ لینا نزولِ قرآن کے مقصد کو پورا کرنے کیلئے کافی نہیں، اس کے ساتھ ساتھ آیات کا معنی اور مطلب سمجھنے کی کوشش بھی کرنی چاہئے تاکہ ان میں غور و فکر کرنا، عبرت انگیز باتوں سے نصیحت حاصل کرنا اور احکامات پر عمل کرنا ممکن ہو۔ (2) ..... آیاتِ قرآنی سے نصیحت تو ہر ایک حاصل کر سکتا ہے لیکن ان سے دینی احکام نکالنا ہر ایک کا کام نہیں بلکہ صرف اعلیٰ درجے کی دینی عقل رکھنے والے یعنی ماہر علماء اور خاص طور مجتہدین اس منصب کے اہل ہیں، عوام کو چاہئے کہ قرآن و حدیث سے خود مسائل نکالنے کی بجائے علماء سے مسائل سیکھیں تاکہ غلطیوں سے بچ سکیں۔

www.dawateislami.net

الصّٰفِنٰتُ	الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾	فَقَالَ	اِنِّيْٓ
تین پاؤں پر کھڑے چوتھے سم کا کنارہ زمین پر لگائے ہوئے گھوڑے	بہت تیز دوڑنے والے	تو اس نے کہا	بیشک میں

تین پاؤں پر کھڑے (اور) چوتھے سم کا کنارہ زمین پر لگائے ہوئے تھے، بہت تیز دوڑنے والے تھے ○ تو سلیمان نے

اَحْبَبْتُ	حُبَّ الْخَيْرِ	عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ
مجھے پسند آئی ہے	بھلائی (یعنی ان گھوڑوں) کی محبت	اپنے رب کی یاد کی وجہ سے

کہا: مجھے اپنے رب کی یاد کیلئے ان گھوڑوں کی محبت پسند آئی ہے (پھر انہیں چلانے کا حکم دیا)

حَتّٰى	تَوَارَتْ	بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾	رُدُّوْهَا	عَلَيَّ
(پھر انہیں چلانے کا حکم دیا) یہاں تک کہ	وہ چھپ گئے	پردے میں	(پھر حکم دیا کہ) لوٹا دو انہیں	مجھ پر

یہاں تک کہ وہ نگاہ سے پردے میں چھپ گئے ○ (پھر حکم دیا کہ) انہیں میرے پاس واپس لاؤ

فَطَفِقَ	مَسْحًا (۱)	بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾	وَ	لَقَدْ	فَتَنَّا
تو اس نے شروع کیا	ہاتھ پھیرنا	پنڈلیوں اور گردنوں پر	اور	ضرور بیشک	ہم نے آزمایا

تو ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگا ○ اور بیشک ہم نے

سُلَيْمٰنَ	وَ	اَلْقَيْنَا	عَلٰى كُرْسِيِّهٖ	جَسَدًا (۲)	ثُمَّ	اَنَابَ ﴿۳۴﴾
سلیمان (کو)	اور	ہم نے ڈال دیا	اس کے تخت پر	ایک بے جان بدن	پھر	اس نے رجوع کیا

سلیمان کو آزمایا اور اس کے تخت پر ایک بے جان بدن ڈال دیا پھر اس نے رجوع کیا ○

(۱) ... جب گھوڑے واپس پہنچے تو حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔ اس ہاتھ پھیرنے سے گھوڑوں کی عزت و شرف کا اظہار مقصود تھا کہ وہ دشمن کے مقابلے میں بہتر مددگار ہیں۔ امورِ سلطنت کی خوگرانی فرمائی تاکہ تمام دکام مستعد رہیں۔ نیز آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام گھوڑوں کے احوال اور ان کے امراض و عیوب کے اعلیٰ ماہر تھے، ان پر ہاتھ پھیر کر ان کی حالت کا امتحان فرمایا۔ (۲) اس آیت میں نہ تو آزمائش کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ کیا تھی اور نہ ہی بے جان جسم کے بارے میں بتایا گیا کہ اس کا مصداق کون ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا

قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ (1)	لِيْ	وَ	هَبْ	لِيْ	مُلْكًا
عرض کی	اے میرے رب	بخش دے	مجھے	اور	عطا فرما	مجھے	(ایسی) سلطنت

عرض کی: اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما

لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

لَّا يَنْۢبَغِيْ	لِاَحَدٍ	مِّنْۢ بَعْدِيْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾
جو لائق نہ ہو	کسی ایک کے لیے	میرے بعد	بیشک تو	تو (ہی)	بہت عطا کرنے والا (ہے)

جو میرے بعد کسی کو لائق نہ ہو بیشک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہے ○

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ہوا اور جنوں کی تسخیر

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ

فَسَخَّرْنَا	لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ	بِاَمْرِهٖ	رُخَآءً	حَيْثُ
تو ہم نے قابو میں کر دی	اس کے	ہوا	وہ چلتی	اس کے حکم سے	نرم نرم	جہاں

تو ہم نے ہوا سلیمان کے قابو میں کر دی کہ اس کے حکم سے نرم نرم چلتی جہاں

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اُن جنوں کے تسخیر کرنے سے متعلق عطا کہ اُن کو تسخیر کرنے یا نہ کرنے کا اختیار

اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ

اَصَابَ ﴿۳۶﴾	وَ	الشَّيٰطِيْنَ	كُلَّ بَنَّآءٍ	وَّ	غَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾	وَّ	اٰخَرِيْنَ
وہ پہنچنا چاہتا	اور	جنوں (کو)	ہر معمار	اور	غوطہ خور	اور	دوسرے

وہ پہنچنا چاہتے ○ اور ہر معمار اور غوطہ خور جن کو ○ اور دوسرے

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾	هٰذَا	عَطَآؤُنَا	فَامْنُنْ	اَوْ	اَمْسِكْ (2)
بیڑیوں میں جکڑے ہوئے (جنوں کو تابع کر دیا)	یہ	ہماری عطا (ہے)	تو تم احسان کرو	یا	روک رکھو

بیڑیوں میں جکڑے ہوئے (جنوں کو سلیمان کے تابع کر دیا) ○ یہ ہماری عطا ہے تو تم احسان کرو یا روک رکھو

(1) ..... مستحب کاموں کے نہ کر سکنے پر بھی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی اور انکساری کا اظہار کرکے اس پر مغفرت طلب کرنا انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور صالحین کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک ادب ہے تاکہ ان کے مقام و مرتبہ میں ترقی ہو۔ (2) ..... اس آیت میں حضرت سلیمان عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو دینے اور نہ دینے کا اختیار دیا گیا کہ جیسی مرضی ہو ویسے کریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور وہ حضرات اس کے حکم سے مخلوق میں تقسیم فرماتے ہیں اور اس میں انہیں دینے اور نہ دینے کا مطلقاً اختیار ہوتا ہے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے بھی ارشاد فرمایا ہے "اللہ تعالیٰ

www.dawateislami.net

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے اخروی نعمتیں

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾	وَ	اِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَ
(تم پر) کوئی حساب نہیں	اور	بیشک	اس کے لیے	ہماری بارگاہ میں	ضرور قرب	اور

(تم پر) کوئی حساب نہیں ○ اور بیشک اس کے لیے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور

حضرت ایوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر اور ان کی دعا

حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٠﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى

حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٠﴾	وَ	اذْكُرْ	عَبْدَنَآ	اَيُّوْبَ	اِذْ	نَادٰى
اچھا ٹھکانہ (ہے)	اور	یاد کرو	ہمارے بندے	ایوب (کو)	جب	اس نے پکارا

اچھا ٹھکانہ ہے ○ اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کرو جب اس نے

رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿٤١﴾

رَبَّهٗٓ	اَنِّيْ مَسَّنِيَ	الشَّيْطٰنُ	بِنُصْبٍ	وَّ	عَذَابٍ ﴿٤١﴾ (۱)
اپنے رب (کو)	کہ پہنچائی ہے مجھے	شیطان (نے)	تکلیف	اور	ایذا

اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے تکلیف اور ایذا پہنچائی ہے ○

دعائے ایوب کی قبولیت

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّ

اُرْكُضْ	بِرِجْلِكَ	هٰذَا	مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ	وَّ
(ہم نے فرمایا) مارو	اپنے پاؤں کو (زمین پر)	یہ	نہانے کیلئے پانی کا ٹھنڈا چشمہ (ہے)	اور

(ہم نے فرمایا:) زمین پر اپنا پاؤں مارو۔ یہ نہانے اور پینے کیلئے پانی کا

اہل خانہ سے متعلق حضرت ایوب علیہ الصلوٰۃ والسلام پر رحمت الٰہی

شَرَابٌ ﴿٤٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

شَرَابٌ ﴿٤٢﴾	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗ	اَهْلَهٗ	وَ	مِثْلَهُمْ
پینے (کیلئے)	اور	ہم نے عطا کر دیئے	اس کو	اس کے گھر والے	اور	ان کی مثل

ٹھنڈا چشمہ ہے ○ اور ہم نے اپنی رحمت کرتے اور

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) دیتا ہے اور میں تقسیم فرماتا ہوں۔ (بخاری، ۲/۴۲، الحدیث: ۷۱)

(۱) ..... تکلیف اور ایذا سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیماری اور اس کے شدائد یا بیماری کے دوران شیطان کی طرف سے ڈالے جانے والے وسوسے مراد ہیں جو کہ ناکام ہی ثابت ہوئے۔

www.dawateislami.net

مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَ ذِكْرٰى

مَّعَهُمْ	رَحْمَةً مِّنَّا	وَ	ذِكْرٰى
ان کے ساتھ	اپنی طرف سے رحمت کرنے (کے لیے)	اور	نصیحت کرنے (کے لیے)

عقلمندوں کی نصیحت کے لئے اسے اس کے گھر والے اور

لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾ وَ خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَ

لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾ (1)	وَ	خُذْ	بِيَدِكَ	ضِغْثًا (2)	فَاضْرِبْ	بِّهٖ	وَ
عقل والوں کو	اور	(فرمایا) پکڑو	اپنے ہاتھ میں	ایک جھاڑو	پھر مار دو	اس سے	اور

ان کے برابر اور عطا فرما دیئے ○ اور (فرمایا) اپنے ہاتھ میں ایک جھاڑو لے کر اس سے مار دو اور

لَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ

لَا تَحْنَثْ	اِنَّا	وَجَدْنٰهُ	صَابِرًا	نِعْمَ	الْعَبْدُ	اِنَّهٗۤ
قسم نہ توڑو	بیشک	ہم نے پایا اسے	صبر کرنے والا	(وہ) کیا ہی اچھا	بندہ (ہے)	بیشک وہ

قسم نہ توڑو۔ بے شک ہم نے اسے صبر کرنے والا پایا۔ وہ کیا ہی اچھا بندہ ہے بیشک وہ

اَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ وَ اذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ وَ

اَوَّابٌ ﴿٤٤﴾	وَ	اذْكُرْ	عِبٰدَنَاۤ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَ
بہت رجوع کرنے والا (ہے)	اور	یاد کرو	ہمارے بندوں	ابراہیم	اور	اسحاق	اور

بہت رجوع لانے والا ہے ○ اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور

يَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَ الْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ

يَعْقُوْبَ	اُولِي الْاَيْدِيْ وَ الْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾	اِنَّاۤ	اَخْلَصْنٰهُمْ	بِخَالِصَةٍ
یعقوب (کو)	(جو) قوت اور سمجھ رکھنے والے (تھے)	بیشک	ہم نے چن لیا انہیں	ایک کھری بات سے

یعقوب کو یاد کرو جو قوت والے اور سمجھ رکھنے والے تھے ○ بیشک ہم نے انہیں ایک کھری بات سے چن لیا

1 ..... حضرت ایوب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے آزمائش میں صبر کیا اور آزمائش ختم ہونے پر شکر ادا کیا، اس میں عقلمندوں کے لئے نصیحت ہے کہ وہ مصیبت آنے پر واویلا کرنے کی بجائے صبر کریں اور مصیبت سے خلاصی پانے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کریں۔

2 ..... بیماری کے زمانہ میں حضرت ایوب عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے کسی سبب کی بنا پر زوجہ کو سو کوڑے مارنے کی قسم کھائی۔ جب صحت یاب ہوئے تو حکمِ الٰہی ہوا کہ انہیں جھاڑو ماردیں اور اپنی قسم نہ توڑیں، چنانچہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے سو تیلیوں والا ایک جھاڑو لے کر اپنی زوجہ کو ایک ہی بار مار دیا۔

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾ وَ اِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا	لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾
(وہ اخروی) گھر کی یاد (ہے)	اور	بیشک وہ	ہمارے نزدیک	ضرور چنے ہوئے پسندیدہ بندوں میں سے (ہیں)

وہ اس (آخرت کے) گھر کی یاد ہے ○ اور بیشک وہ ہمارے نزدیک بہترین چُنے ہوئے بندوں میں سے ہیں ○

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ

وَ	اذْكُرْ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ	الْيَسَعَ[1]	وَ	ذَا الْكِفْلِ	وَ	كُلٌّ
اور	یاد کرو	اسماعیل	اور	یسع	اور	ذوالکفل (کو)	اور	سب

اور اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو یاد کرو اور سب

مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ

مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾	هٰذَا	ذِكْرٌ	وَ	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ
بہترین بندوں میں سے (ہیں)	یہ	نصیحت (ہے)	اور	بیشک	پرہیزگاروں کیلئے

بہترین لوگ ہیں ○ یہ نصیحت ہے اور بیشک پرہیزگاروں کیلئے

پرہیزگاروں کے لئے اچھے ٹھکانے کی بشارت

لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾

لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾	جَنّٰتِ عَدْنٍ	مُّفَتَّحَةً	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾
ضرور اچھا ٹھکانہ (ہے)	بسنے کے باغات (ہیں)	کھلے ہوئے (ہیں)	ان کے لیے	(اُن کے) سب دروازے

اچھا ٹھکانہ ہے ○ بسنے کے باغات ہیں جن کے سب دروازے ان کے لیے کھلے ہوئے ہیں ○

جنتی نعمتوں کا بیان

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّ

مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا	بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ	وَّ
تکیہ لگائے ہوئے (ہوں گے)	ان میں	مانگیں گے	ان (باغوں) میں	بہت سے پھل میوے	اور

ان میں تکیہ لگائے ہوں گے۔ ان باغوں میں وہ بہت سے پھل میوے اور پینے کی چیزیں

[1] ..... حضرت یسع علیہ الصلوٰۃ والسلام بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے ہیں، انہیں حضرت الیاس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل پر اپنا خلیفہ مقرر کیا، بعد میں انہیں نبوت سے سرفراز کیا گیا۔ حضرت ذوالکفل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت میں اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ وہ نبی ہیں۔

شَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هٰذَا

شَرَابٍ ﴿٥١﴾	وَ	عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾	هٰذَا
پینے کی چیزیں	اور	ان کے پاس	نگاہیں نیچی رکھنے والی	ہم عمر (بیویاں ہوں گی)	یہ (وہ ہے)

مانگیں گے ○ اور ان کے پاس ایسی بیویاں ہوں گی جو شوہر کے سوا کسی اور کی طرف آنکھ نہیں اٹھاتیں، جو ہم عمر ہوں

مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا

مَا	تُوْعَدُوْنَ	لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾	اِنَّ	هٰذَا	لَرِزْقُنَا
جس کا	تم سے وعدہ کیا جاتا ہے	حساب کے دن کیلئے	بیشک	یہ	ضرور ہمارا رزق (ہے)

گی ○ یہ وہ ہے جس کا تمہیں حساب کے دن کیلئے وعدہ کیا جاتا ہے ○ بیشک یہ ہمارا رزق ہے،

مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾ هٰذَا ؕ وَاِنَّ

مَا	لَهٗ	مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾	هٰذَا	وَ	اِنَّ
نہیں (ہے)	اس کیلئے	ختم ہونا	(نیکوں کیلئے تو) یہ (ہے)	اور	بیشک

اس کیلئے کبھی ختم ہونا نہیں ہے ○ (نیکوں کیلئے تو) یہ (ہے) اور بیشک

لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ

لِلطّٰغِيْنَ	لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ
سرکشی کرنے والوں کیلئے	ضرور برا ٹھکانہ (ہے)	جہنم (ہے)	وہ داخل ہوں گے اس میں	تو کیا ہی برا

سرکشی کرنے والوں کیلئے برا ٹھکانہ ہے ○ جہنم ہے جس میں داخل ہوں گے تو وہ کیا ہی برا

الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾ وَّ

الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾	هٰذَا	فَلْيَذُوْقُوْهُ	حَمِيْمٌ	وَّ	غَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾ (1)	وَّ
بچھونا (ہے)	یہ (ہے)	تو وہ (جہنمی) چکھیں اسے	کھولتا پانی	اور	پیپ	اور

بچھونا ہے ○ یہ کھولتا پانی اور پیپ ہے تو جہنمی اسے چکھیں ○ اور

(1) ..... جہنمیوں کی پیپ سے متعلق حدیثِ پاک میں ہے: اگر غساق یعنی جہنمیوں کی پیپ کا ایک ڈول دنیا میں بہا دیا جائے تو پوری دنیا والے بدبو دار ہو جائیں۔ (ترمذی، ۴/۲۶۳، الحدیث: ۲۵۹۳)

جہنم میں کفار کی باہمی مخالفتیں

اٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ

اٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ	اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾	هٰذَا	فَوْجٌ
اس کے جیسے دوسرے	مختلف اقسام (کے عذاب ہوں گے)	(ان سے کہا جائے گا) یہ	ایک فوج (ہے)

اسی طرح کے دوسرے مختلف اقسام کے عذاب ہوں گے ○ یہ ایک اور فوج ہے

مُقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ

مُقْتَحِمٌ (۱)	مَّعَكُمْ	لَا	مَرْحَبًۢا	بِهِمْ	اِنَّهُمْ
دھنسی جارہی ہے	تمہارے ساتھ	نہیں	کوئی خوش آمدید	ان کو	بیشک وہ

جو تمہارے ساتھ دھنسی جارہی ہے، انہیں کوئی خوش آمدید نہیں، بیشک یہ

صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۛؕ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ

صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾	قَالُوْا	بَلْ	اَنْتُمْ	لَا	مَرْحَبًۢا	بِكُمْ
آگ میں داخل ہورہے ہیں	(پیروکار) کہیں گے	بلکہ	تم	نہیں	کوئی خوش آمدید	تم کو

آگ میں داخل ہورہے ہیں ○ (پیروکار) کہیں گے بلکہ تمہیں کوئی خوش آمدید نہیں۔

جہنم میں پیروکاروں کی سرداروں کے خلاف دعا

اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا

اَنْتُمْ	قَدَّمْتُمُوْهُ	لَنَا	فَبِئْسَ	الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾	قَالُوْا
تم (ہی)	آگے لائے ہو یہ مصیبت	ہمارے	تو کیا ہی برا	ٹھکانہ (ہے)	(پھر پیروکار) کہیں گے

تم ہی یہ مصیبت ہمارے آگے لائے ہو تو کیا ہی برا ٹھکانہ ہے ○ (پھر پیروکار) کہیں گے:

رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا

رَبَّنَا	مَنْ	قَدَّمَ	لَنَا	هٰذَا	فَزِدْهُ	عَذَابًا ضِعْفًا
اے ہمارے رب	جو	آگے لایا	ہمارے	یہ (مصیبت)	تو تو بڑھا اسے	دگنا عذاب

اے ہمارے رب! جو یہ مصیبت ہمارے آگے لایا اسے آگ میں

(۱) ..... جب سرداران کفار جہنم میں داخل ہوں گے اور ان کے پیچھے پیچھے ان کے پیروکار بھی جارہے ہوں گے تو خازنِ جہنم ان سرداروں سے کہیں گے "یہ تمہارے پیروکاروں کی فوج ہے جو تمہارے ساتھ جہنم میں دھنسی جارہی ہے۔ کافر سردار بددعا دیتے ہوئے کہیں گے: ان پیروکاروں کو راحت و آرام اور مسرت و سکون نصیب نہ ہو، بیشک ہماری طرح یہ بھی آگ میں داخل ہورہے ہیں۔ پیروکار انہیں بددعا دیتے کہیں گے: بلکہ تمہیں راحت و آرام اور مسرت و سکون نصیب نہ ہو۔ تم ہی یہ عذاب ہمارے آگے لائے ہو کیونکہ تم نے پہلے کفر اختیار کیا اور پھر ہمیں بھی اس راہ پر چلایا تو جہنم بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔

فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا

فِي النَّارِ ﴿٦١﴾	وَ	قَالُوْا	مَا	لَنَا	لَا نَرٰى (1)	رِجَالًا
آگ میں	اور	کہیں گے	کیا ہوا	ہمیں	ہم نہیں دیکھتے	(ان) مردوں (کو)

ذ کنا عذاب بڑھا ○ اور کہیں گے: ہمیں کیا ہوا کہ ہم ان مردوں کو نہیں دیکھ رہے

جہنم میں غریب مسلمانوں کو نہ دیکھ کر کفار کا کلام

كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ

كُنَّا نَعُدُّهُمْ	مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ
ہم شمار کرتے تھے انہیں	بروں میں سے	کیا ہم نے بنالیا تھا انہیں	ہنسی مذاق	یا	بہک گئیں

جنہیں ہم برا شمار کرتے تھے ○ کیا ہم نے انہیں (ایسے ہی) ہنسی بنالیا تھا یا آنکھیں ان کی طرف سے

جہنمیوں کا باہم جھگڑا ضرور ہوگا

عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَحَقٌّ	تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾
ان کی طرف سے	(ہماری) آنکھیں	بیشک	یہ	ضرور حق (ہے)	دوزخیوں کا باہم جھگڑنا

پھر گئی تھیں؟ ○ بیشک یہ دوزخیوں کا باہم جھگڑنا ضرور حق ہے ○

خصوصی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے منصب اور وحدانیت الٰہی کا بیان

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ

قُلْ	اِنَّمَآ اَنَا	مُنْذِرٌ	وَّ	مَا	مِنْ اِلٰهٍ	اِلَّا	اللّٰهُ الْوَاحِدُ
تم کہو	میں تو صرف	ڈر سنانے والا (ہوں)	اور	نہیں	کوئی معبود	مگر	ایک اللہ

تم فرماؤ: میں صرف ڈر سنانے والا ہوں اور کوئی معبود نہیں مگر ایک اللہ

اللہ تعالیٰ کی شان ربوبیت اور وحدانیت کا بیان

الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ

الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ (2)	رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	الْعَزِيْزُ
(جو) سب پر غالب (ہے)	آسمانوں اور زمین کا مالک	اور	جو کچھ	ان دونوں کے درمیان (ہے)	عزت والا

جو سب پر غالب ہے ○ وہ آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا مالک ہے، عزت والا،

1 ..... جہنم میں غریب مسلمانوں کو نہ دیکھ کر کفار کے سردار کہیں گے: ہمیں وہ غریب مسلمان نظر کیوں نہیں آرہے جنہیں ہم دنیا میں برے لوگوں میں شمار کرتے اور انہیں اپنے دین کا مخالف ہونے کی وجہ سے شریر کہتے اور غریب ہونے کی وجہ سے حقیر سمجھتے تھے؟ پھر کہیں گے کہ کیا ہم نے انہیں مذاق نہ بنالیا تھا جبکہ حقیقت میں وہ ایسے نہ تھے اور وہ دوزخ میں آئے ہی نہیں ہیں، نیز ہمارا اُن کا مذاق اڑانا باطل اور غلط تھا یا ہماری آنکھیں ان کی طرف سے پھر گئی تھیں اس لئے وہ ہمیں نظر نہ آئے۔ 2 ..... جو کوئی "یَا قَهَّارُ" روزانہ ایک ہزار بار پڑھ لیا کرے تو اس کے دل سے مخلوق کا خوف دور ہو جائے گا۔

الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾

الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾	قُلْ	هُوَ (1)	نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾	اَنْتُمْ	عَنْهُ	مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾
بڑا بخشنے والا (ہے)	تم کہو	وہ	ایک عظیم خبر (ہے)	تم	اس سے	منہ پھیرے ہوئے (ہو)

بڑا بخشنے والا ہے ○ تم فرماؤ وہ ایک عظیم خبر ہے ○ تم اس سے منہ پھیرے ہوئے ہو ○

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۭ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى

مَا كَانَ	لِيَ	مِنْ عِلْمٍ (2)	بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ (3)	اِنْ	يُّوْحٰٓى
نہ تھا	مجھے	کوئی علم	عالم بالا کا	جب	وہ بحث کر رہے تھے	نہیں	وحی کی جاتی

مجھے عالم بالا کی کوئی خبر نہیں تھی جب وہ بحث کر رہے تھے ○ مجھے تو یہی وحی ہوتی ہے

اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ قَالَ

اِلَيَّ	اِلَّآ	اَنَّمَآ	اَنَا	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾	اِذْ	قَالَ (4)
میری طرف	مگر	یہ کہ	میں	کھلا ڈر سنانے والا (ہوں)	جب	فرمایا

کہ میں تو کھلا ڈر سنانے والا ہی ہوں ○ جب تمہارے رب نے

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾

رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾
تمہارے رب (نے)	فرشتوں سے	بیشک میں	بنانے والا (ہوں)	انسان	مٹی سے

فرشتوں سے فرمایا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں ○

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ

فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَ	نَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ
پھر جب	میں ٹھیک بنالوں اسے	اور	پھونک دوں	اس میں	اپنی (خاص) روح

پھر جب میں اسے ٹھیک بنالوں اور اس میں اپنی خاص روح پھونکوں

(1) ...یعنی قرآن پاک اور جو کچھ اس میں توحید، نبوت، قیامت، حشر اور جنت و دوزخ وغیرہ کے بارے میں بیان کیا گیا یہ عظیم الشان خبر ہے۔ (2) ...یہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نبوت صحیح ہونے کی ایک دلیل ہے گویا کہ یوں ارشاد فرمایا: اگر میں نبی نہ ہوتا تو عالم بالا میں فرشتوں کا حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے باب میں سوال و جواب کرنا مجھے معلوم ہی نہ ہوتا، اس کی خبر دینا میری نبوت اور میرے پاس وحی آنے کی دلیل ہے۔ (3) بحث کرنے والوں سے مراد وہ فرشتے ہیں جو حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تخلیق کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے۔ یا، وہ فرشتے مراد ہیں جو اس چیز میں بحث کر رہے تھے کہ

فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ

فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ ﴿٧٣﴾	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ
تو تم گر جانا	اس کے لیے	سجدہ کرتے ہوئے	تو سجدہ کیا	فرشتوں (نے)	ان کے تمام

تو تم اس کے لیے سجدے میں پڑ جانا○ تو تمام فرشتوں نے اکٹھے

اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾

اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اِسْتَكْبَرَ	وَ	كَانَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾
سبھی	سوائے	ابلیس (کے)	اس نے تکبر کیا	اور	وہ ہو گیا	کافروں میں سے

سجدہ کیا○ سوائے ابلیس کے۔ اس نے تکبر کیا اور وہ کافروں میں سے ہو گیا○

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا

قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا	مَنَعَكَ	اَنْ	تَسْجُدَ	لِمَا
(اللہ نے) فرمایا	اے ابلیس	کس چیز نے	روکا تجھے	کہ	تو سجدہ کرے	(اس) کو جسے

(اللہ نے) فرمایا: اے ابلیس! تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اسے سجدہ کرے جسے

خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿٧٥﴾

خَلَقْتُ	بِيَدَيَّ	اَسْتَكْبَرْتَ	اَمْ	كُنْتَ	مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿٧٥﴾
میں نے بنایا	اپنے ہاتھوں سے	کیا تو نے تکبر کیا	یا	تو تھا (ہی)	اوپر والوں (متکبروں) میں سے

میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا؟ کیا تو نے تکبر کیا ہے یا تو تھا ہی متکبروں میں سے؟○

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ

قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ	خَلَقْتَنِيْ	مِنْ نَّارٍ	وَّ	خَلَقْتَهٗ
اس نے کہا	میں	بہتر (ہوں)	اس سے	تو نے بنایا مجھے	آگ سے	اور	بنایا اسے

اس نے کہا: میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اسے مٹی سے

(چلتے چلتے حاشیہ) کون سے کام گناہوں کا کفارہ بن جاتے ہیں۔ ❹ کفارِ مکہ چونکہ حسد اور تکبر کی بنا پر حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جھگڑتے تھے، اس لئے یہاں ایک بار پھر حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی تخلیق اور ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کا واقعہ بیان فرمایا گیا تاکہ وہ عبرت حاصل کریں اور اپنے حسد و تکبر سے باز آجائیں۔ اس واقعہ کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج8، ص420 پر ملاحظہ فرمائیں۔

www.dawateislami.net

ابلیس کی جنت سے پہلی دفعہ اور اس کا دنیا میں انجام

مِنْ طِيْنٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿٧٧﴾ صلے

مِنْ طِيْنٍ ﴿٧٦﴾	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا	فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ ﴿٧٧﴾
مٹی سے	(اللہ نے) فرمایا	پس تو نکل جا	اس (جنت) سے	تو بیشک تو	دھتکارا ہوا (ہے)

پیدا کیا ○ اللہ نے فرمایا: تو جنت سے نکل جا کہ بیشک تو دھتکارا ہوا ہے ○

ابلیس کی طرف سے مہلت کا مطالبہ اور اسے قیامت تک مہلت ملنا

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾ قَالَ

وَّ	اِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِيْٓ	اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾	قَالَ
اور	بیشک	تجھ پر	میری لعنت (ہے)	بدلے کے دن (قیامت) تک	اس نے کہا

اور بیشک قیامت تک تجھ پر میری لعنت ہے ○ اس نے کہا:

رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾

رَبِّ	فَاَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾ (1)
اے میرے رب	(اگر ایسا ہے) تو تو مہلت دے مجھے	(اس) دن تک	(جس دن) لوگ اٹھائے جائیں گے

اے میرے رب! (اگر ایسا ہی ہے) تو مجھے لوگوں کے اٹھائے جانے کے دن تک مہلت دے ○

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾

قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾	اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾ (2)
(اللہ نے) فرمایا	پس بیشک تو	مہلت والوں میں سے (ہے)	معین وقت کے دن تک

اللہ نے فرمایا: پس بیشک تو مہلت والوں میں سے ہے ○ معین وقت کے دن تک ○

لوگوں کو گمراہ کرنے سے متعلق ابلیس کا عزم

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ اِلَّا عِبَادَكَ

قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ	لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾	اِلَّا	عِبَادَكَ
اس نے کہا	تو تیری عزت کی قسم	ضرور میں گمراہ کردوں گا ان سب کو	مگر	تیرے بندے

اس نے کہا: تیری عزت کی قسم ضرور میں ان سب کو گمراہ کردوں گا ○ مگر جو ان میں

1 ... اس سے ابلیس کی مراد یہ تھی کہ وہ انسانوں کو گمراہ کرنے کے لئے فراغت پائے اور ان سے اپنا بغض خوب نکالے اور موت سے بالکل بچ جائے کیونکہ اٹھنے کے بعد موت نہیں۔

2 ... یہاں معین وقت سے قیامت کے پہلے نفخہ تک کا وقت مراد ہے کہ جسے مخلوق کی فنا کے لئے معین فرمایا گیا ہے۔

مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ۫ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ ج

مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾	قَالَ	فَالْحَقُّ	وَالْحَقَّ	اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾
ان میں سے	چنے ہوئے	(اللہ نے) فرمایا	تو حق، سچ (یہ ہے)	اور حق، سچ (ہی)	میں فرماتا ہوں

تیرے چنے ہوئے بندے ہیں ○ اللہ نے فرمایا: تو حق (میری طرف سے ہی ہوتا ہے) اور میں حق ہی فرماتا ہوں ○

لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

لَاَمْلَـَٔنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكَ	وَ	مِمَّنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ
ضرور میں بھر دوں گا	جہنم	تجھ سے	اور	(اس) سے جو	پیروی کرے گا تیری	ان میں سے

بیشک میں ضرور جہنم بھر دوں گا تجھ سے اور ان سب سے جو تیری پیروی کرنے والے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّ

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾	قُلْ	مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	وَّ
سب (سے)	تم کہو	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجرت	اور

ہیں ○ تم فرماؤ: میں اِس پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا اور

مَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

مَآ	اَنَا	مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ (1)	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ
نہیں	میں	جھوٹ گھڑنے والوں میں سے	نہیں	وہ (قرآن)	مگر	نصیحت

میں جھوٹ گھڑنے والوں میں سے نہیں ہوں ○ یہ تو سارے جہان والوں کیلئے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾ ع

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾	وَ	لَتَعْلَمُنَّ	نَبَاَهٗ	بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾ (2)
سارے جہانوں کیلئے	اور	ضرور تم جان لوگے	اس کی خبر	ایک وقت کے بعد

نصیحت ہی ہے ○ اور ضرور ایک وقت کے بعد تم اس کی خبر جان لوگے ○

(1) ..... یعنی میں اپنی طرف سے نبوت کا دعویٰ کر کے اور اپنے پاس سے قرآن بنا کر جھوٹ گھڑنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ عالم کو اگر کوئی مسئلہ معلوم نہ ہو تو وہ خاموشی اختیار کرے اور خود گھڑ کر نہ بتائے کہ یہ بھی تکلف میں داخل ہے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اپنے ایک خطبے میں فرمایا "جو آدمی کسی چیز کا علم رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ لوگوں کو سکھائے اور وہ بات کہنے سے بچے جس کا علم نہ رکھتا ہو ورنہ وہ دین سے نکل جائے گا اور تکلف کرنے والوں میں سے ہو گا۔ (سنن دارمی، ۱/ ۷۴، الحدیث: ۱۷۴) ..... (2) اس سے موت کے بعد کا وقت یا قیامت کا دن آجانے کے بعد کا وقت مراد ہے۔

www.dawateislami.net

آیات:75 | رکوع: 08

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

قرآن عزت و حکمت والے رب کا کلام ہے

اخلاص کے ساتھ عبادت اللہ ہی کی تاکید

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱	اِنَّاۤ	اَنْزَلْنَاۤ
کتاب کا نازل کرنا	عزت والے حکمت والے اللہ کی طرف سے (ہے)	بیشک	ہم نے اتاری

کتاب کا نازل فرمانا اس اللہ کی طرف سے ہے جو عزت والا، حکمت والا ہے ○ بیشک ہم نے تمہاری طرف

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا

اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	فَاعْبُدِ	اللّٰهَ	مُخْلِصًا ۝۱
تمہاری طرف	کتاب	حق کے ساتھ	تو تم عبادت کرو	اللہ (کی)	خالص کرتے ہوئے

یہ کتاب حق کے ساتھ اتاری تو اللہ کی عبادت کرو اسی کے

بتوں کی پوجا جائے متعلق کفار کا نظریہ اور اس کا رد

لَهُ الدِّيْنُ ۝۲ؕ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَ

لَهُ	الدِّيْنُ ۝۲	اَلَا	لِلّٰهِ	الدِّيْنُ الْخَالِصُ	وَ
اس کے لیے	دین، عبادت	سن لو	اللہ ہی کیلئے (ہے)	خالص دین، عبادت	اور

بندے بن کر ○ سن لو! خالص عبادت اللہ ہی کیلئے ہے اور

❶ اللہ تعالیٰ کی عبادت اخلاص کے ساتھ کرنی چاہئے کہ اس میں نہ شرک کا کوئی شائبہ ہو اور نہ ہی اس میں ریاکاری کا کوئی عمل دخل ہو۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ اسی عمل کو قبول فرماتا ہے جو خالص اس کے لئے کیا گیا ہو اور اس کے ذریعے اس کی رضا چاہی گئی ہو۔ (سنن نسائی، ص ۵۱۰، الحدیث: ۳۱۳۷)

www.dawateislami.net

وقف لازم

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ

الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖۤ	اَوْلِيَآءَ	مَا نَعْبُدُهُمْ
وہ لوگ جنہوں نے	بنا رکھے ہیں	اس کے سوا	مددگار	(وہ کہتے ہیں) ہم عبادت نہیں کرتے ان کی

وہ جنہوں نے اس کے سوا اور مددگار بنا رکھے ہیں (وہ کہتے ہیں:) ہم تو ان بتوں کی صرف

اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَاۤ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اِلَّا	لِيُقَرِّبُوْنَاۤ	اِلَى اللّٰهِ	زُلْفٰى ①	اِنَّ	اللّٰهَ
مگر	(اس لئے) کہ وہ قریب کردیں ہمیں	اللہ کی طرف	زیادہ قریب	بیشک	اللہ

اس لئے عبادت کرتے ہیں تاکہ یہ ہمیں اللہ کے زیادہ نزدیک کردیں۔ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ

يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فِيْ مَا	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اِنَّ
فیصلہ کردے گا	ان کے درمیان	(اس بات) میں جو	وہ	اس میں	اختلاف کررہے ہیں	بیشک

ان کے درمیان اس بات میں فیصلہ کردے گا جس میں یہ اختلاف کررہے ہیں بیشک

اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ

اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	مَنْ	هُوَ	كٰذِبٌ	كَفَّارٌ ۝۳	لَوْ	اَرَادَ	اللّٰهُ
اللہ	ہدایت نہیں دیتا	(اسے) جو	وہ	جھوٹا	بڑا ناشکرا (ہو)	اگر	ارادہ کرتا	اللہ

اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا، بڑا ناشکرا ہو ○ اگر اللہ اپنے لیے

اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ

اَنْ	يَّتَّخِذَ	وَلَدًا	لَّاصْطَفٰى	مِمَّا	يَخْلُقُ	مَا	يَشَآءُ
کہ	وہ بنائے	اولاد	(تو) ضرور چن لیتا	(اس میں) سے جو	وہ پیدا کرتا ہے	جسے	وہ چاہتا

اولاد بنانے کا ارادہ فرماتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا

① ..... کسی کو اللہ تعالیٰ سے قرب حاصل ہونے کا وسیلہ سمجھنا شرک نہیں کیونکہ بارگاہِ الٰہی تک پہنچنے کے لئے وسیلہ تلاش کرنے کا قرآن پاک میں حکم دیا گیا ہے، البتہ جسے وسیلہ سمجھا جائے اسے معبود جاننا اور اس کی پوجا کرنا ضرور شرک ہے۔ وسیلہ سے متعلق اہلِ حق کا عقیدہ و نظریہ شرک ہرگز نہیں، کیونکہ وہ انبیاءِ کرام علیہمُ الصّلوٰۃُ والسّلام اور اولیاءِ عظام رحمۃُ اللہِ تعالٰی علیہم کو معبود نہیں مانتے اور نہ ہی ان کی عبادت کرتے ہیں بلکہ معبود صرف اللہ تعالیٰ کو مانتے ہیں اور صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں جبکہ انہیں صرف اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ مان کر اس کی بارگاہ تک پہنچنے کا ذریعہ اور وسیلہ سمجھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے پاک نبی

www.dawateislami.net

سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۴﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	اللّٰهُ الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ ﴿۴﴾	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اسے پاکی ہے	وہی	ایک اللہ	سب پر غالب (ہے)	اس نے بنایا	آسمانوں	اور

وہ پاک ہے۔ وہی ایک اللہ سب پر غالب ہے ○ اس نے آسمان اور زمین

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ

الْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	يُكَوِّرُ	الَّيْلَ	عَلَى النَّهَارِ	وَ	يُكَوِّرُ	النَّهَارَ
زمین (کو)	حق کے ساتھ	وہ لپیٹتا ہے	رات (کو)	دن پر	اور	لپیٹتا ہے	دن (کو)

حق کے ساتھ بنائے، وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر

عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ

عَلَى الَّيْلِ[1]	وَ	سَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ
رات پر	اور	اس نے کام میں لگایا	سورج	اور	چاند (کو)	ہر ایک	چلتا رہے گا

لپیٹتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگایا ہر ایک، ایک مقررہ مدت تک

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۵﴾ خَلَقَكُمْ

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى	اَلَا	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ ﴿۵﴾	خَلَقَكُمْ
ایک مقررہ مدت تک	سن لو	وہی	عزت والا	بخشنے والا (ہے)	اس نے پیدا کیا تمہیں

چلتا رہے گا۔ سن لو! وہی عزت والا، بخشنے والا ہے ○ اس نے تمہیں

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ[2]	ثُمَّ	جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَ	اَنْزَلَ	لَكُمْ
ایک جان سے	پھر	بنایا	اسی سے	اس کا جوڑا	اور	اتارے (پیدا کیے)	تمہارے لیے

ایک جان سے پیدا کیا پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں میں سے

1 ..... اس سے مراد یہ ہے کہ کبھی دن کا وقت کم کر کے رات کو بڑھاتا ہے اور کبھی رات کا وقت کم کر کے دن کو زیادہ کرتا ہے، یوں رات اور دن میں سے کم ہونے والا کم ہوتے ہوتے کئی گھنٹے کم ہو جاتا ہے اور بڑھنے والا بڑھتے بڑھتے کئی گھنٹے بڑھ جاتا ہے۔

2 ..... ایک جان سے مراد حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں اور جوڑے سے مراد حضرت حوا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ہیں۔

www.dawateislami.net

مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

مِّنَ الْاَنْعَامِ	ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ	يَخْلُقُكُمْ	فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ
چوپایوں میں سے	آٹھ جوڑے	وہ پیدا کرتا ہے تمہیں	تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں

آٹھ جوڑے بنائے، تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ میں تین اندھیروں میں

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ	فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ
ایک تخلیق کے بعد (دوسری) تخلیق (ہوتی ہے)	تین اندھیروں میں	یہ	اللہ	تمہارا رب (ہے)

پیدا کرتا ہے، ایک حالت کی تخلیق کے بعد دوسری حالت کی تخلیق ہوتی ہے۔ یہ اللہ تمہارا رب ہے،

لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۶ اِنْ

لَهُ	الْمُلْكُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ ۝۶	اِنْ
اسی کی	بادشاہی (ہے)	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	تو کہاں	تم پھیرے جاتے ہو	اگر

اسی کی بادشاہی ہے، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تو تم کہاں پھیرے جاتے ہو؟ ○ اگر

تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ

تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا يَرْضٰى	لِعِبَادِهِ
تم ناشکری کرو	تو بیشک	اللہ	بے نیاز (ہے)	تم سے	اور	وہ پسند نہیں کرتا	اپنے بندوں کی

تم ناشکری کرو تو بیشک اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کی ناشکری کو

الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ

الْكُفْرَ	وَ	اِنْ	تَشْكُرُوْا	يَرْضَهُ (۱)	لَكُمْ	وَ	لَا تَزِرُ
ناشکری	اور	اگر	تم شکر کرو	(تو) وہ پسند فرماتا ہے اسے	تمہارے لیے	اور	بوجھ نہیں اٹھائے گی

پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو تو اسے تمہارے لیے پسند فرماتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والی جان

(۱) ... بندوں کے کفر، ناشکری، ایمان اور شکر گزاری سے اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے، ان سے اسے کوئی نفع یا نقصان نہیں ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے کفر اور ناشکری کو پسند نہیں کرتا جبکہ ان کے ایمان اور شکر گزاری کو پسند فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی شان بے نیازی اور اس کی رضا

آخرت سے متعلق لوگوں کو تنبیہ

www.dawateislami.net

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

وَازِرَةٌ	وِّزْرَ اُخْرٰى (1)	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ
کوئی بوجھ اٹھانے والی جان	دوسری کا بوجھ	پھر	تمہارے رب کی طرف	تمہارا پھرنا (ہے)

دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گی پھر تمہیں اپنے رب ہی کی طرف پھرنا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ
تو وہ بتادے گا تمہیں	جو	تم عمل کرتے تھے	بیشک وہ	جاننے والا (ہے)

تو وہ تمہیں بتادے گا جو تم کرتے تھے بیشک وہ دلوں کی بات

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝	وَ	اِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ	دَعَا (2)
سینوں والی (بات) کو	اور	جب	پہنچتی ہے	آدمی (کو)	کوئی تکلیف	(تو) وہ پکارتا ہے

جانتا ہے ○ اور جب آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو

رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً

رَبَّهٗ	مُنِيْبًا	اِلَيْهِ	ثُمَّ	اِذَا	خَوَّلَهٗ	نِعْمَةً
اپنے رب (کو)	رجوع کرتے ہوئے	اس کی طرف	پھر	جب	(اللہ) دیدے اسے	کوئی نعمت

اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتا ہے پھر جب اللہ اسے اپنے پاس سے کوئی نعمت

مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَ

مِّنْهُ	نَسِيَ	مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ	مِنْ قَبْلُ	وَ
اپنی طرف سے	(تو) وہ (آدمی) بھول جاتا ہے	(اس تکلیف کو) جس کی طرف وہ پکار رہا تھا	پہلے	اور

دیدے تو وہ اس تکلیف کو بھول جاتا ہے جس کی طرف وہ پہلے پکار رہا تھا اور

(1) ..... اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص دوسرے کے گناہ کی وجہ سے نہیں پکڑا جائے گا۔ البتہ گمراہ کرنے والوں پر ان کا اپنا بوجھ بھی ہوگا اور ان کا بھی جنہیں انہوں نے بہکایا ہوگا۔ (2) ..... کفار مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ کو پکارتے اور راحت میں بھول جاتے ہیں۔ مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہئے اور مصیبت و راحت ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد رکھنا اور اس سے دعا کرتے رہنا چاہئے، حدیثِ پاک میں ہے "جسے یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ سختیوں اور مصائب میں اس کی دعا قبول فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ راحت و آسائش کے دنوں میں اللہ تعالیٰ سے بکثرت دعا کرے۔ (ترمذی، ۵/۲۴۸، الحدیث: ۳۳۹۳)

مصیبت و راحت میں کافر کا حال اور اسے تنبیہ

www.dawateislami.net

جَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ

جَعَلَ	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	لِّيُضِلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	قُلْ	تَمَتَّعْ
بنانے لگتا ہے	اللہ کیلئے	شریک	تاکہ وہ بہکادے	اس کے راستے سے	تم کہو	تو فائدہ اٹھالے

اللہ کے لئے شریک بنانے لگتا ہے تاکہ اس کے راستے سے بہکادے۔ تم فرماؤ: تھوڑے دن

بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝٨ اَمَّنْ هُوَ

بِكُفْرِكَ	قَلِيْلًا	اِنَّكَ	مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝٨	اَمَّنْ	هُوَ
اپنے کفر سے	تھوڑے (دن)	بیشک تو	آگ والوں میں سے (ہے)	کیا جو شخص	وہ

اپنے کفر کے ساتھ فائدہ اٹھالے بیشک تو دوزخیوں میں سے ہے ○ کیا وہ شخص جو

قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ

قَانِتٌ	اٰنَآءَ الَّيْلِ	سَاجِدًا	وَّ	قَآئِمًا	يَّحْذَرُ
فرمانبرداری کرنے والا (ہے)	رات کی گھڑیوں (میں)	سجدہ کرتے ہوئے	اور	قیام کرتے ہوئے	ڈرتا ہے

سجدے اور قیام کی حالت میں رات کے اوقات فرمانبرداری میں گزارتا ہے، آخرت سے

الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

الْاٰخِرَةَ	وَ	يَرْجُوْا	رَحْمَةَ رَبِّهٖ (1)	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي
آخرت (سے)	اور	امید (بھی) رکھتا ہے	اپنے رب کی رحمت (کی)	تم کہو	کیا	برابر ہیں

ڈرتا ہے اور اپنے رب کی رحمت کی امید لگا رکھتا ہے (کیا وہ نافرمانوں جیسا ہو جائے گا؟) تم فرماؤ: کیا علم والے

الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

الَّذِيْنَ	يَعْلَمُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ (2)	اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ
وہ لوگ جو	علم رکھتے ہیں	اور	وہ لوگ جو	علم نہیں رکھتے	نصیحت صرف مانتے ہیں

اور بے علم برابر ہیں؟ عقل والے ہی

(1) ..... مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ امید اور خوف کے درمیان ہو، اپنے عمل کی تقصیر پر نظر کر کے عذابِ الٰہی سے ڈرتا رہے اور رحمتِ الٰہی کا امیدوار رہے۔ دنیا میں بالکل بے خوف ہونا یا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مطلقاً مایوس ہونا یہ دونوں حالتیں کفار کی ہیں۔ (2) ..... اس سے معلوم ہوا کہ علم اور علماءِ کرام کی بہت فضیلت ہے، حدیثِ پاک میں ہے "عالم کی فضیلت عبادت گزار پر ایسی ہے جیسے میری فضیلت تمہارے ادنیٰ پر ہے، پھر ارشاد فرمایا "اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتے، آسمانوں اور زمین کی مخلوق حتّٰی کہ چیونٹیاں اپنے سوراخوں میں اور مچھلیاں لوگوں کو علم سکھانے والے پر درود بھیجتے ہیں۔ (ترمذی، ۴/۳۱۳، الحدیث: ۲۶۹۴)

www.dawateislami.net

أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾	قُلْ	يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
عقل والے	تم کہو	اے میرے وہ بندو جو	ایمان لائے

نصیحت مانتے ہیں ○ تم فرماؤ: اے میرے مومن بندو!

اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا

اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا
ڈرو	اپنے رب (سے)	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے	بھلائی کی	اس دنیا میں

اپنے رب سے ڈرو۔ جنہوں نے بھلائی کی، ان کے لیے اِس دنیا میں

حَسَنَةٌ ؕ وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى

حَسَنَةٌ	وَ	اَرْضُ اللّٰهِ	وَاسِعَةٌ	اِنَّمَا	يُوَفَّى
بھلائی (ہے)	اور	اللہ کی زمین	وسیع (ہے)	صرف	بھرپور دیا جائے گا

بھلائی ہے اور اللہ کی زمین وسیع ہے۔ صبر کرنے والوں ہی کو

الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ قُلْ

الصّٰبِرُوْنَ	اَجْرَهُمْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ (۱)	قُلْ
صبر کرنے والوں (کو)	ان کا ثواب	حساب کے بغیر	تم کہو

ان کا ثواب بے حساب بھرپور دیا جائے گا ○ تم فرماؤ:

اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ

اِنِّيْٓ اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	مُخْلِصًا	لَّهُ
بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے	کہ	میں عبادت کروں	اللہ (کی)	خالص کرتے ہوئے	اسی کیلئے

مجھے حکم ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اسی کیلئے دین کو

(۱) ... صبر کرنے والے بڑے خوش نصیب ہیں کیونکہ قیامت کے دن انہیں بے حساب اجر و ثواب دیا جائے گا۔ حدیثِ پاک میں ہے "مصیبت اور بلا میں مبتلا رہنے والے (قیامت کے دن) حاضر کئے جائیں گے، نہ اُن کے لئے میزان قائم کی جائے گی اور نہ اُن کے لئے (اعمال ناموں کے) دفتر کھولے جائیں گے، ان پر اجر و ثواب کی (بے حساب) بارش ہوگی یہاں تک کہ دنیا میں عافیت کی زندگی بسر کرنے والے انہیں دیکھ کر آرزو کریں گے کہ "کاش (دنیا میں) مصیبت میں سے ہوتے اور) ان کے جسم قینچیوں سے کاٹے گئے ہوتے (تاکہ آج یہ صبر کا اجر پاتے)۔ (معجم الکبیر، ۱۲/۱۰۱، الحدیث: ۱۲۸۳۹)

www.dawateislami.net

الدِّيْنَ ﴿١١﴾ وَ اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٢﴾

الدِّيْنَ ﴿١١﴾	وَ	اُمِرْتُ	لِاَنْ	اَكُوْنَ	اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٢﴾ (1)
دین	اور	مجھے حکم دیا گیا ہے	کہ	میں ہو جاؤں	سب سے پہلا مسلمان

خالص کرتے ہوئے ○ اور مجھے حکم ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان بنوں ○

قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ

قُلْ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ
تم کہو	بیشک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نے نافرمانی کی	اپنے رب (کی)

تم فرماؤ: بالفرض اگر مجھ سے نافرمانی ہو جائے تو مجھے اپنے رب سے

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣﴾	قُلِ	اللّٰهَ	اَعْبُدُ
ایک بڑے دن کے عذاب (سے ڈرتا ہوں)	تم کہو	اللہ (ہی کی)	میں عبادت کرتا ہوں

ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے ○ تم فرماؤ: میں اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں

مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿١٤﴾ فَاعْبُدُوْا مَا

مُخْلِصًا	لَّهٗ	دِيْنِيْ ﴿١٤﴾	فَاعْبُدُوْا (2)	مَا
خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	اپنا دین	تو تم عبادت کرلو	جس کی

خالص اس کا بندہ ہو کر ○ تو تم اس کے سوا جس کی

شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ

شِئْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ	قُلْ	اِنَّ	الْخٰسِرِيْنَ
تم چاہتے ہو (عبادت کرنا)	اس کے سوا	(اے نبی) تم کہو	بیشک	نقصان اٹھانے والے

عبادت کرنا چاہتے ہو، کرلو۔ (اے نبی) تم فرماؤ: بلاشبہ نقصان اٹھانے والے

(1) ..... اللہ تعالیٰ نے پہلے اخلاص کا حکم دیا جو دل کا عمل ہے پھر اطاعت یعنی اعمالِ جوارح کا حکم دیا اور چونکہ شرعی احکام رسول سے حاصل ہوتے ہیں، وہی ان احکام کو پہنچانے والے ہیں تو وہ ان کے شروع کرنے میں سب سے مقدم اور اوّل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ حکم دے کر لوگوں کو تنبیہ کی ہے کہ دوسروں پر اس کی پابندی انتہائی ضروری ہے اور دوسروں کی ترغیب کے لئے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ حکم دیا گیا ہے۔

(2) ..... یہ جو فرمایا گیا "تم اللہ تعالیٰ کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو" اس میں شرک کی اجازت نہیں بلکہ انتہائی غضب کا اظہار ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا خوفِ خدا

حقیقی نقصان اٹھانے والے لوگ کفار پر اظہارِ غضب اور ان کا نقصان

www.dawateislami.net

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِيْهِمْ

اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَ	اَهْلِيْهِمْ
وہ لوگ ہیں جنہوں نے	خسارے میں ڈالا	اپنی جانوں	اور	اپنے گھر والوں (کو)

وہی ہیں جنہوں نے اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَلَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾
قیامت کے دن	سن لو	یہی	وہ	کھلا نقصان (ہے)

خسارے میں ڈالا۔ سن لو! یہی کھلا نقصان ہے ○

عذابِ کفار کی ایک نوعیت

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ

لَهُمْ	مِّنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ	وَ	مِنْ تَحْتِهِمْ
ان کیلئے	ان کے اوپر	آگ کے سائبان (پہاڑ ہوں گے)	اور	ان کے نیچے

ان کیلئے ان کے اوپر سے آگ کے پہاڑ ہوں گے اور ان کے نیچے

خوفِ خدا کا حکم

ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ

ظُلَلٌ (1)	ذٰلِكَ	يُخَوِّفُ	اللّٰهُ	بِهٖ	عِبَادَهٗ
سائبان (پہاڑ ہوں گے)	یہ (عذاب)	ڈراتا ہے	اللہ	اس سے	اپنے بندوں (کو)

پہاڑ ہوں گے۔ اللہ اپنے بندوں کو اسی سے ڈراتا ہے،

دنیا و آخرت میں نجات پانے والوں کی

يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿١٦﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا

يٰعِبَادِ	فَاتَّقُوْنِ ﴿١٦﴾	وَ	الَّذِيْنَ	اجْتَنَبُوا
اے میرے بندو	تو تم ڈرو مجھ سے	اور	وہ لوگ جنہوں نے	اجتناب کیا

اے میرے بندو! تو تم مجھ سے ڈرو ○ اور جنہوں نے بتوں کی پوجا سے

(1) اوپر نیچے آگ کے پہاڑ ہونے کا معنی یہ ہے کہ ہر طرف سے آگ انہیں گھیرے ہوئے ہوگی۔ حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "جب اللہ تعالیٰ اس بات کا ارادہ فرمائے گا کہ جہنمی اپنے ماسوا سب کو بھول جائیں تو ان میں سے ہر شخص کیلئے اس کے قد برابر آگ کا ایک صندوق بنایا جائے گا پھر اس پر آگ کے تالوں میں سے ایک تالا لگا دیا جائے گا، پھر اس شخص کی ہر رگ میں آگ کی کیلیں لگا دی جائیں گی، پھر اس صندوق کو آگ کے دوسرے صندوق میں رکھ کر آگ کا تالا لگا دیا جائے گا، پھر ان دونوں کے درمیان آگ جلائی جائے گی تو اب ہر کافر یہ سمجھے گا کہ اس کے سوا اب کوئی آگ میں نہ رہا۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۸/۲۸۱، الحدیث: ۱۰)

www.dawateislami.net

الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ

الطَّاغُوْتَ	اَنْ	يَّعْبُدُوْهَا	وَ	اَنَابُوْۤا	اِلَى اللّٰهِ
بتوں (سے)	کہ	وہ پوجا کریں ان کی	اور	انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف

اجتناب کیا اور اللہ کی طرف رجوع کیا

لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيْنَ

لَهُمُ	الْبُشْرٰى	فَبَشِّرْ	عِبَادِ ﴿۱۷﴾	الَّذِيْنَ
ان کے لیے	خوشخبری (ہے)	تو خوشخبری سنا دو	میرے بندوں (کو)	وہ لوگ جو

انہیں کے لیے خوشخبری ہے تو میرے بندوں کو خوشخبری سنا دو ○ جو

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ

يَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ	فَيَتَّبِعُوْنَ	اَحْسَنَهٗ (۱)
کان لگا کر سنتے ہیں	بات	پھر وہ پیروی کرتے ہیں	اس کی بہتر (بات کی)

کان لگا کر بات سنتے ہیں پھر اس کی بہتر بات کی پیروی کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	هَدٰىهُمُ	اللّٰهُ	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمْ
یہ لوگ	وہ ہیں جو	ہدایت دی انہیں	اللہ (نے)	اور	یہ لوگ	وہی

یہ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی اور یہی

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾	اَفَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ	كَلِمَةُ الْعَذَابِ
عقل والے (ہیں)	تو کیا وہ شخص جو	ثابت ہو چکی	اس پر	عذاب کی بات (وہ نجات والوں کے برابر ہو جائے گا)

عقلمند ہیں ○ تو کیا وہ جس پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی ہے (وہ نجات والوں کے برابر ہو جائے گا؟ ہرگز نہیں۔)

عذاب کا مستحق اور نجات پانے والا دونوں برابر نہیں

1 قرآن و حدیث میں مسلمانوں کو دیئے گئے احکام میں ثواب کے اعتبار سے فرق ہے، یوں بعض اعمال بعض سے بہتر ہیں، جیسے تنگدست مقروض کو آسانی آنے تک مہلت دینا یا قرض معاف کر دینا دونوں بہتر ہیں لیکن قرض معاف کر دینا مہلت دینے سے زیادہ بہتر ہے۔ اسی طرح جیسی کسی نے تکلیف پہنچائی ویسی اسے سزا دینا یا صبر کرنا دونوں جائز ہیں لیکن صبر کرنا سزا دینے سے زیادہ بہتر ہے۔ جو لوگ جائز احکام پر عمل کرتے ہیں وہ ملامت کے مستحق نہیں اور جو ثواب کے کام کرتے ہیں وہ قابلِ تعریف ہیں لیکن جو زیادہ بہتر اعمال بجالاتے ہیں وہ زیادہ ثواب کے مستحق اور زیادہ قابلِ تعریف ہیں۔

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ

اَفَاَنْتَ	تُنْقِذُ (1)	مَنْ	فِي النَّارِ ﴿١٩﴾	لٰكِنِ	الَّذِيْنَ
تو کیا تم	بچالوگے	(اسے) جو	آگ میں (ہے)	لیکن	وہ لوگ جو

تو کیا تم اسے جو آگ کا مستحق ہے بچالوگے ؟ ○ لیکن اپنے رب سے

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا

اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	لَهُمْ	غُرَفٌ	مِّنْ فَوْقِهَا
ڈرے	اپنے رب (سے)	ان کیلئے	بالاخانے (ہیں)	ان کے اوپر

ڈرنے والوں کیلئے بلند محلات ہیں جن کے اوپر (مزید) بلند محلات

غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

غُرَفٌ	مَّبْنِيَّةٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
(مزید) بالاخانے	بنے ہوئے (ہیں)	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں

بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾ اَلَمْ تَرَ

وَعْدَ اللّٰهِ	لَا يُخْلِفُ	اللّٰهُ	الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾	اَلَمْ تَرَ
(یہ) اللہ کا وعدہ (ہے)	خلاف نہیں کرتا	اللہ	(اپنے) وعدے (کے)	کیا تم نے نہ دیکھا

یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا ○ کیا تو نے نہ دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ

اَنَّ	اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَسَلَكَهٗ
کہ	اللہ (نے)	اتارا	آسمان سے	پانی	پھر داخل کیا اسے

کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اسے زمین میں موجود

ازلی بدبخت کو عذاب سے کوئی نہیں بچا سکتا
پرہیزگاروں کے لئے ایک آخری انعام
بابات کے احوال عقل والوں کے لئے باعث نصیحت ہیں

1 اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جو ازلی بدبخت ہے اور جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے کہ وہ اپنے خبیث اعمال کی وجہ سے جہنم میں جانے کا حقدار ہے تو کیا آپ اسے ہدایت دے کر جہنم سے بچالیں گے، ہرگز نہیں۔ کیونکہ نجات تو نبی کے ماننے والوں کے لئے ہے نہ کہ نہ ماننے والوں کے لئے۔

يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا

يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ	ثُمَّ	يُخْرِجُ	بِهِ	زَرْعًا
زمین میں (موجود) چشموں (میں)	پھر	وہ نکالتا ہے	اس سے	کھیتی

چشموں میں داخل کیا پھر اس سے مختلف رنگوں کی کھیتی

مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا

مُّخْتَلِفًا	أَلْوَانُهُ	ثُمَّ	يَهِيجُ	فَتَرَاهُ	مُصْفَرًّا
مختلف (ہوتے ہیں)	اس کے رنگ	پھر	وہ خشک ہو جاتی ہے	تو تو دیکھتا ہے اسے	پیلی پڑی ہوئی

نکالتا ہے پھر وہ کھیتی خشک ہو جاتی ہے تو تو دیکھتا ہے کہ وہ پیلی پڑ جاتی ہے

ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَامًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ

ثُمَّ	يَجْعَلُهُ	حُطَامًا	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَذِكْرَىٰ
پھر	وہ کر دیتا ہے اسے	ٹکڑے ٹکڑے	بیشک	اس میں	ضرور نصیحت (ہے)

پھر اللہ اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، بیشک اس میں عقل مندوں کیلئے

لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ أَفَمَن شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ

لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ (1)	أَفَمَن (2)	شَرَحَ	اللَّهُ	صَدْرَهُ
عقل والوں کیلئے	تو کیا وہ شخص جو	کھول دیا	اللہ (نے)	اس کا سینہ

نصیحت ہے ○ تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے

لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٍ مِّن رَّبِّهِ ۚ فَوَيْلٌ

لِلْإِسْلَامِ	فَهُوَ	عَلَىٰ نُورٍ	مِّن رَّبِّهِ	فَوَيْلٌ
اسلام کے لیے	تو وہ	نور پر (ہے)	اپنے رب کی طرف سے (کیا وہ سنگدل جیسا ہو جائے گا)	تو خرابی ہے

کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (اس جیسا ہو جائے گا جو سنگدل ہے) تو خرابی ہے

(1) ..... جس نے نباتات میں ان احوال کا مشاہدہ کیا وہ جان جائے گا کہ حیوان اور انسان کا حال بھی اسی طرح ہے کہ اگرچہ اس کی عمر لمبی ہو لیکن ایک دن ایسا آئے گا کہ اس کا رنگ پیلا پڑ جائے گا اور اس کے اعضاء و اجزاء ٹوٹنے لگیں گے اور بالآخر اس کا انجام موت ہے، لہٰذا جب وہ نباتات کے احوال کا مشاہدہ کر کے اپنی ذات اور زندگی میں غور کرے گا تو اس سے اس کے دل میں دنیا اور اس کی رنگینیوں سے نفرت پیدا ہو گی۔ (2) ..... یعنی جس شخص کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا اور اسے حق قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائی تو وہ اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے یقین و ہدایت پر ہے، کیا وہ اس جیسا ہو جائے گا جس کے

لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ

لِلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ	مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (1)	اُولٰٓئِكَ
(ان) کیلئے جن کے دل سخت ہوگئے	اللہ کے ذکر کی طرف سے	یہ لوگ

ان کیلئے جن کے دل اللہ کے ذکر کی طرف سے سخت ہوگئے ہیں۔ وہ

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٢﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٢﴾	اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ
کھلی گمراہی میں (ہیں)	اللہ (نے)	اتاری	سب سے اچھی بات

کھلی گمراہی میں ہیں ○ اللہ نے سب سے اچھی کتاب اتاری

كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ (2)	تَقْشَعِرُّ	مِنْهُ
(یعنی) ایک کتاب	(جو ساری) ایک جیسی (ہے)	بار بار دہرائی جاتی (ہے)	کھڑے ہو جاتے ہیں	اس سے

کہ ساری ایک جیسی ہے، بار بار دہرائی جاتی ہے۔ اس سے ان لوگوں کے بدن پر

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ

جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ
کھالوں (کے بال)	ان لوگوں کے جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب (سے)	پھر	نرم پڑ جاتی ہیں

بال کھڑے ہوتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر ان کی کھالیں

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ

جُلُوْدُهُمْ	وَ	قُلُوْبُهُمْ	اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُدَى اللّٰهِ
ان کی کھالیں	اور	ان کے دل (نرم پڑ جاتے ہیں)	اللہ کی یاد کی طرف	یہ	اللہ کی ہدایت (ہے)

اور دل اللہ کی یاد کی طرف نرم پڑ جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) دل پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگادی تو وہ ہدایت قبول نہیں کرتا۔ ہرگز نہیں۔

1 ..... یعنی ان کے لئے خرابی ہے جن کے پاس اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے یا اس کی آیات کی تلاوت کی جائے تو وہ پہلے سے زیادہ سکڑ جائیں اور ان کے دلوں کی سختی زیادہ ہو جائے۔ حدیثِ پاک میں ہے "اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سوا زیادہ گفتگو نہ کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے علاوہ زیادہ گفتگو دل کی سختی ہے، اور لوگوں میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ دور وہ ہوتا ہے جس کا دل سخت ہو۔ (ترمذی، ۴/۱۸۷، الحدیث: ۲۴۱۹) 2 ..... اس کا ایک معنی یہ ہے کہ یہ دو طرح کے بیان والی ہے کہ

www.dawateislami.net

يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

يَهْدِيْ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ (1)	اللّٰهُ
وہ ہدایت دیتا ہے	اس کے ذریعے	جسے	چاہتا ہے	اور	جسے	گمراہ کردے	اللہ

وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کرے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾	اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ (2)	بِوَجْهِهٖ
تو نہیں	اس کو	کوئی راہ دکھانے والا	تو کیا وہ جو	بچنے کی کوشش کرے گا	اپنے چہرے کے ذریعے

اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں ○ تو کیا وہ جو قیامت کے دن اپنے چہرے کے ذریعے

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ قِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ

سُوْٓءَ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَ	قِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ
برے عذاب (سے)	قیامت کے دن (وہ نجات پانے والوں جیسا ہو جائے گا)	اور	کہا جائے گا	ظالموں سے

برے عذاب کو روکنے کی کوشش کرے گا (وہ نجات پانے والوں کی طرح ہو سکتا ہے؟) اور ظالموں سے فرمایا جائے گا:

ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

ذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
چکھو	(اس کا مزہ) جو	تم کماتے (عمل کرتے) تھے	جھٹلایا	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے (گزرے)

اپنے کمائے ہوئے اعمال کا مزہ چکھو ○ ان سے پہلے لوگوں نے جھٹلایا

فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ

فَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾	فَاَذَاقَهُمُ
تو آیا ان کے پاس	عذاب	جہاں سے	انہیں خبر نہ تھی	تو چکھایا انہیں

تو ان کے پاس وہاں سے عذاب آیا جہاں سے انہیں خبر نہ تھی ○ اور اللہ نے انہیں

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اس میں وعدے کے ساتھ وعید، امر کے ساتھ نہی اور اخبار کے ساتھ احکام ہیں۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ یہ کتاب بار بار پڑھی جانے والی ہے۔

(1) ..... اس سے مراد یہ ہے کہ جس شخص کی بدعملیوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس میں گمراہی پیدا فرمادے تو اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں۔ (2) ..... اس شخص سے مراد ابوجہل ہے جس کا دل اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف سے سخت ہو گیا، یا اس سے مراد وہ کافر ہے جس کے ہاتھ گردن کے ساتھ ملا کر باندھ دیئے جائیں گے اور اس کی گردن میں گندھک کا ایک جلتا ہوا پیراہن پڑا ہو گا جو اس کے چہرے کو بھون ڈالتا ہو گا، اس طرح اسے اوندھا کر کے آتشِ جہنم میں گرایا جائے گا۔

اللّٰهُ الْخِزْیَ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ

اللّٰهُ	الْخِزْیَ	فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ
اللہ (نے)	رسوائی (کا مزہ)	دنیا کی زندگی میں	اور	ضرور آخرت کا عذاب	سب سے بڑا (ہے)

دنیا کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھایا اور بیشک آخرت کا عذاب سب سے بڑا ہے۔

لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَ لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ

لَوْ	كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾	وَ	لَقَدْ	ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ
اگر	وہ جانتے ہوتے	اور	ضرور بیشک	ہم نے بیان کی	لوگوں کے لیے

کیا اچھا ہوتا اگر وہ جان لیتے ○ اور بیشک ہم نے لوگوں کے لیے

فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ

فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ	مِنْ كُلِّ مَثَلٍ (۱)	لَّعَلَّهُمْ
اس قرآن میں	ہر (قسم کی) مثال	تاکہ وہ

اس قرآن میں ہر قسم کی مثال بیان فرمائی تاکہ وہ

یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ

یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾	قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا	غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ
نصیحت حاصل کرلیں	عربی زبان کا قرآن	(جو) ٹیڑھے پن والا نہیں

نصیحت حاصل کرلیں ○ عربی زبان کا قرآن جس میں کوئی ٹیڑھا پن نہیں

لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

لَّعَلَّهُمْ	یَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا
تاکہ وہ	وہ ڈریں	بیان کی	اللہ (نے)	ایک مثال

تاکہ وہ ڈریں ○ اللہ نے ایک غلام آدمی کی مثال بیان فرمائی

قرآن میں مثالیں بیان فرمانے کی حکمت

عظمتِ قرآن اور اس کے نزول کا ایک مقصد

مومن و کافر میں فرق کی ایک مثال

(۱) ..... اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں وہ تمام مثالیں بیان فرمائی ہیں جن کی اپنے دین کے معاملے میں غور کرنے والے کو ضرورت ہے تاکہ وہ انہیں پڑھ اور سن کر نصیحت قبول کریں۔ نیز قرآنِ کریم میں دلائل، مثالیں، بشارت، ڈرانا، عشقِ الٰہی اور نعتِ مصطفی سب ہی مذکور ہیں کیونکہ قرآنِ پاک ساری دنیا کے لئے آیا ہے اور ہر جگہ اور علاقے کے لوگوں کی طبیعتیں مختلف ہیں، ان میں سے کوئی دلائل سے مانتا ہے، کوئی خوف سے، کوئی لالچ سے، کوئی عشق و محبت سے، اس لئے قرآنِ پاک میں سب کی ضرورتوں کی تکمیل ہے۔

www.dawateislami.net

رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَ رَجُلًا

رَّجُلًا	فِيْهِ	شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ	وَ	رَجُلًا
ایک (غلام) آدمی (کی)	اس میں	کئی بد اخلاق (آقا) شریک (ہوں)	اور	ایک آدمی (ایسا ہو)

جس میں کئی بد اخلاق آقا شریک ہوں اور ایک ایسا غلام مرد ہو

سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ

سَلَمًا	لِّرَجُلٍ	هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا
(جو) خالص	ایک مرد کا (غلام ہو)	کیا	وہ دونوں برابر (ہیں)	صورتِ حال (کے اعتبار سے)

جو خالص ایک ہی کا غلام ہو۔ کیا دونوں کا حال ایک جیسا ہے؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے (ہیں)	بلکہ	ان میں اکثر	نہیں جانتے

سب خوبیاں اللہ کیلئے ہیں بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے ○

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ

اِنَّكَ	مَيِّتٌ	وَّ	اِنَّهُمْ	مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ (۱)	ثُمَّ
(اے حبیب) بیشک تم	انتقال کرنے والے (ہو)	اور	بیشک وہ (کفار بھی)	مرنے والے (ہیں)	پھر

(اے حبیب!) بیشک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے ○ پھر

اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ ع

اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عِنْدَ رَبِّكُمْ	تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ (۲)
(اے لوگو) بیشک تم	قیامت کے دن	اپنے رب کے پاس	تم جھگڑو گے

(اے لوگو!) تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے ○

وفاتِ حضور کے منتظر کفار کا رد
بروزِ قیامت لوگوں کے جھگڑنے کی خبر

ع ۱۷

۱ ..... اس آیت میں ان کفار کا رد ہے جو حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی وفات کا انتظار کیا کرتے تھے، انہیں فرمایا گیا کہ خود مرنے والے ہو کر دوسرے کی موت کا انتظار کرنا حماقت ہے۔ انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی موت ایک آن کے لئے ہوتی ہے پھر انہیں حیاتِ عطا فرمائی جاتی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے "بے شک اللہ تعالیٰ نے انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام فرما دیا ہے، پس اللہ تعالیٰ کا نبی زندہ ہے، اسے رزق دیا جاتا ہے۔ (ابن ماجہ، ۲/۴۹۱، الحدیث: ۱۶۳۷) ۲ ..... لوگ بہت سے معاملات میں جھگڑا کریں گے جن میں سے ایک یہ ہے کہ دنیاوی حقوق سے متعلق جھگڑا کریں گے۔

www.dawateislami.net